عارفوں نے کہا ہے کہ اختلاف دلائل کیوجہ سے علما، ظاہر پر کوئی علمی مشکل واقع ہو تو علمائے باطن سے دریافت کر لیتے ہیں کیونکہ وہ اہل اللہ اقرب الی التوفیق اور ہوائے نفسانی سے بعید تر ہیں امام احمد بن حنبل اور یحییٰ بن معین رحمہما اللہ حضرت معروف کرخی رضی اللہ عنہ کے پاس دریافت مسائل کے لئے آیا جایا کرتے تھے حالانکہ حضرت معروف کرخی علم سنن ایسا بہتر نہیں جانتے تھے جیسا کہ احمد بن حنبل و یحییٰ رحمہما اللہ جانتے تھے صہ الکواکب الزاهرۃ فصل چہارم بیعت صوفیہ و پیری و مریدی کے اثبات میں ثبوت بیعت کے دلائل لکھوں جو بہت دلائل ہیں از انجملہ الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ ید اللہ فوق ایدیهم فمن نکث فانما ینکث علی نفسه ومن اوفی بما عاهد علیه اللہ فسیوتیه اجرا عظیما اے محمد صلی اللہ علیہ جو لوگ آپ سے بیعت کرتے ہیں بتحقیق وہ خدا سے بیعت کرتے ہیں اللہ کا ہاتھ انکے ہاتھوں پر ہے پس جو عہد شکنی کرے گا تو عہد شکنی کی سزا اسی پر ہوگی اور جو خدا سے کئے ہوئے معاہدے کو پورا کرے گا تو خدا اس کو اجر عظیم دیگا اس آیت سے یہ مطلقاً بیعت کا ثبوت ہوتا ہے بیعت کے جملہ اقسام [illegible] داخل ہیں کسی خاص قسم کی بیعت ہی مخصوص و مقصود نہیں مشہور حدیثوں سے ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لوگ کبھی ہجرت و جہاد پر کبھی ارکان اسلام قائم کرنے پر اور کبھی معرکۂ کفار میں ثابت قدم رہنے پر اور کبھی اتباع سنت اور بدعت سے پرہیز کرنے اور طاعات کے حریص و مشتاق ہونے پر بیعت کرتے تھے جیسا کہ ثابت ہوا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انصاری عورتوں سے بیعت لی نوحہ نہ کرنے پر اور ابن ماجہ نے روایت کی ہے کہ چند فقرا مہاجرین صحابہ سے اس بات پر بیعت لی کہ کسی سے کچھ نہ مانگیں نہ سوال کریں تو انمیں سے بعض کا یہ حال تھا کہ جب کوڑا گر جاتا تھا تو خود گھوڑے سے اتر کر کوڑا اٹھا لیتا تھا کوڑا اٹھا دینے کا بھی کسی سے سوال نکرتا تھا حاصل یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جن جن امور پر بیعت لینا ثابت ہے وہ سب تزکیۂ نفس و امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی قسم سے ہی ہے اور تصوف کی تعریف خود تزکیۂ نفس ہے تو پھر بیعت صوفیہ کو بدعت یا بے اصل کہنا خود بے اصل و غلط ہے کیونکہ احادیث صحیحہ سے مختلف امور دینیہ پر بیعت لینے کا ثبوت اظہر من الشمس ہے صحیح بخاری کی حدیث بتاتی ہے اس امر پر کہ

ان العلوم والمعارف اللدنیۃ یختص بہا الولی والصدیق والعلوم الظاہرۃ ینالہا الصالح والزندیق

خدا تعالیٰ جب کسی سے بھلائی کرنا چاہتا ہے تو اسکو صوفیہ کی طرف مائل کر دیتا ہے اور فقہا کی صحبت سے اسے دور کرتا ہے کیونکہ صوفیہ

الی اساءۃ الظن بالجمیع وقد نبہ المعتبرون منہم علی ہذا الخطب الجلیل ونصوا علی ان ہذہ الامور السیئۃ من ذلک الدخیل علم تصوف فی نفسہ ایسا علم ہے کہ جس کی قدر بڑی اور شان بلند ہے آئمہ اسلام اور ہادیان قوم اگلے اور پچھلے تصوف کے منارہ کو بلند اور اس کی جلالت شان بیان کرتے رہے ہیں اور اہل تصوف و صوفیہ کے معتقد اور ان کی تعظیم کرتے رہے ہیں پس تحقیق کہ وہ صوفیہ اولیاء اللہ خاصان خدا ہیں بعد انبیاء و مرسلین علیہم السلام کے مگر بعض نالائق لوگ صوفیہ میں داخل ہو کر ان صوفیہ سے مشابہت پیدا کی حالانکہ وہ صوفی نہیں ہیں بغیر علم و تحقیق کے علم تصوف کی گفتگو کرنے لگے لغزش کھائی گمراہ ہوئے دوسروں کو بھی گمراہ کیا بعض نے تو صرف نام پر اکتفا کیا اور متاع دنیا حاصل کرنے کے لئے تصوف کو ذریعہ و وسیلہ بنا لیا بعض لوگ بغیر تحقیق کے حلول وغیرہ کے قائل ہو گئے ہیں ان متشبہین بالصوفیہ کی زندیقی و بد مذہبی جمیع حقانی صوفیہ صافیہ باخدا کے ساتھ بدگمانی کا باعث ہو گئی اس لئے علمائے ربانی و صوفیہ حقانی نے آگاہ کر دیا کہ یہ بد دینی و بد اعتقادی جو صوفیہ کی طرف منسوب ہو گئی ان نالائق جاہل متشبہین بالصوفیہ کی ہے ورنہ در اصل صوفیہ کے عقاید حقہ قرآن و حدیث و مذہب حق کے مطابق ہیں۔ قال ابو طالب المکی فی قوت القلوب علماء الظاہر زینۃ الارض والملک وعلماء الباطن زینۃ السماء وزینۃ الملکوت وعلماء الظاہر ہم اہل الخبر واللسان وعلماء الباطن ارباب القلوب العیاں ص ۵ الکواکب الزاہرۃ۔ ابو طالب مکی نے قوت القلوب میں کہا ہے کہ علمائے ظاہر زمین و ملک کی زینت ہیں اور علمائے باطن آسمان و ملکوت کی زینت ہیں اور علمائے ظاہر اہل خبر و لسان ہیں اور علمائے باطن اہل دل و مکاشفہ ہیں قال بعض العارفین علماء الظاہر محکوم وعلماء الباطن حاکم علیہ وقال بعض العارفین علماء الظاہر اذا اشکل علیہم العلم فی مسئلۃ لاختلاف الادلۃ سئلوا اہل العلم باللہ لانہم اقرب الی التوفیق وابعد عن الہوی وقد کان الامام احمد بن حنبل ویحیی بن معین یختلفان الی معروف الکرخی ولم یکن یحسن من العلم والسنن ما کانا یحسنانہ بعض عارفین نے کہا ہے کہ علم ظاہر محکوم ہے علم باطن حاکم ہے اور محکوم حاکم کے آنے تک موقوف رہتا ہے اور بعض

اصلاح دل کا حکم کرتے ہیں اور فقہا زبان کی اصلاح کا حکم کرتے ہیں اور دل و زبان میں بہت فرق ہے دیکھو حجۃ الاسلام ابو حامد غزالی رحمہ اللہ جب طریق صوفیہ میں داخل ہوئے تو تصنیف و تدریس و فتویٰ دینے کو ترک کر دیا۔ اور جنگل کی طرف فقیرانہ نکل گئے تو ایک دیہی فتویٰ طلب کرنے آیا اور سوال کیا تو غزالی نے فرمایا کہ تو میرے سے دور ہو جا بتحقیق تو نے مجھے باطل زمانہ یاد دلایا اگر اس زمانہ میں تو میرے پاس آتا تو میں تجھ کو فتویٰ دیتا تھا۔ اذا اراد اللہ بالمرید خیرا اوقعہ الی الصوفیۃ ومنعہ صحبۃ الفقہاء لان الصوفیۃ یامرونہ باصلاح قلبہ والفقہاء یامرونہ باصلاح لسانہ فشتان بین المقامین و النظر الی حجۃ الاسلام ابی حامد الغزالی رحمہ اللہ لما دخل فی طریق القوم ترک التصنیف والتدریس والافتاء وخرج متقشفا الی البادیۃ فجاءہ رجل لیستفتیہ فلما قدم الیہ السوال

قال لہ الیک عنی لقد ذکرتنی ایام البطالۃ لو جئتنی تلک الایام افتیتک الکواکب الزاہرۃ ص ۱۲۳

پس جبکہ امام غزالی جلیل القدر جامع ظاہر و باطن نے تصنیف و تدریس و افتا کے زمانے کو ایام البطالۃ کہا ہے تو معلوم ہوا کہ

ابو القاسم حضرت جنید بغدادی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ الایمان بطریقتنا هذا ولایۃ الکواکب الزاہرہ ص ۲۰۳
لمعلوف علم اسرار پوشیدہ ہے اسکا اظہار اسکے اہل پر درست ہے اور نا اہل سے اخفا ضروری ہے ۵ تا نجوی بیر سلسلہ

ولم ینکر احد من الائمۃ علی تارکہا کان الاجماع علی انہا سنت

الجواب پس تو سمجھ لے کہ بیعت سنت ہے واجب نہیں کیونکہ اصحاب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی اور اس کے سبب سے خدا تعالیٰ کی قربت چاہتی اور کسی دلیل نے تارک بیعت کے گنہگار ہونے کو ثابت نہ کیا اور آئمہ دین نے تارک بیعت پر انکار نہ کیا تو یہ عدم انکار گویا اجماع ہو گیا اسپر کہ بیعت واجب نہیں۔

فائدہ علمائے شریعت کے پاس بیعت مسنون ہے لیکن علمائے حقیقت کے پاس فرض ہے جس کے دلائل و براہین درج ذیل ہیں برہان اول حضرت موسیٰ علی نبینا و علیہ السلام نے نبی مرسل ہونے کے خضر طریق کے پاس بحکم خداوندی تشریف فرما ہو کر هل اتبعک علی ان تعلمنی مما علمت رشدا کہا یعنی کیا میں آپ کی اتباع کروں اس بات پر کہ آپ مجھے ارشاد حقائق کی تعلیم دیں جسکی آپ کو تعلیم دی گئی ہے پس اس سے حضرت خضر علیہ السلام کا حضرت موسیٰ علیہ السلام سے افضل ہونا ثابت ہوا جو علم حقائق و اسرار لدنی ہیں بیشک حضرت موسیٰ سے خضر افضل ہیں خضر کے اسی افضل و علم باللہ ہونے کو ثابت کرنے کے لئے موسیٰ علیہ السلام کو خضر کے پاس اللہ تعالیٰ نے روانہ فرمایا لیکن یہ جزئی فضیلت ہے اس سے مطلقاً کلی افضلیت خضر کی موسیٰ علیہ السلام پر ثابت نہیں ہوتی بلکہ موسیٰ علیہ السلام مطلقاً کلی طور پر خضر علیہ السلام سے افضل ہیں اس لئے کہ حضرت موسیٰ نبی مرسل ہیں اور خضر علیہ السلام نبی مرسل نہیں بلکہ وہ ولی ہیں نبی مرسل سے غیر نبی افضل نہیں ہو سکتا لیکن خاص علم لدنی میں بحکم آتیناہ رحمۃ من عندنا و علمناہ من لدنا علما خضر علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام سے اعلم و افضل ہیں اس جزئی فضیلت سے کلی طور پر خضر کا موسیٰ سے افضل ہونا ثابت نہیں ہوتا جیسا کہ ہمارے سرکار فخر عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر آپ کی شان ہے علمہ شدید القویٰ سے آنحضرت علیہ السلام کو حضرت جبرئیل کا تعلیم دینا ثابت ہوتا ہے اور احادیث صحیحہ اوقات نماز کا بھی تعلیم دینا جبرئیل کا ثابت ہوتا ہے کیا اس تعلیم کی وجہ سے سید المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ اجمعین سے جبرئیل علیہ السلام کا افضل ہونا ثابت ہوگا ہرگز ہرگز ممکن نہیں بلکہ یہ ایک جزئی وجہ ہے جو فضل کلی کو مستلزم نہیں یہی حال خضر و موسیٰ علیہما السلام کا ہے برہان دوم یا ایہا الذین آمنوا اتقوا اللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ وجاہدوا فی سبیلہ

رہا کبس ہو تا تریزی قندرا بیش گمس ہو حدیث شریف میں ہے کہ نا اہل کو علم سکھانیوالا موتی جواہر کے ہار خنازیر کو پہنانے والے کے مثل ہے۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے دو علم حاصل کئے ایک کو (یعنی علم ظاہر کو) تو میں نے تم میں ظاہر کر دیا لیکن دوسرا (یعنی علم باطن اسرار) اگر ظاہر کروں تو میرا حلق کاٹا جائیگا۔ اقدہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ الذی خلق سبع سموات و من الارض مثلہن یتنزل الامر بینہن کی تفسیر بیان کروں تو (لیس جنتم ...) لقطعتم الی ... البتہ تم مجھے سنگسار ہی کر دو گے اور کافر کہو گے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے تھے اور اپنے ہاتھ سے اپنے سینہ کی طرف اشارہ کرتے تھے کہ یہاں پر بہت سے علوم کثیرہ ہیں اگر کوئی اسکے اہل اور حامل ملتے تو بتلاتا۔ الکواکب الزاہرہ ص ۲۰۴ ابوہریرہ سے مروی ہے کہ بیشک بعض علم پوشیدہ راز کیطرح ہیں۔ جنکو علماء باللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا جب وہ راز بیان کرتے ہیں تو اسکا انکار کوئی نہیں کرتا بجز اسکے جنکو خدا نے مغرور بنا رکھا ہے۔ دوسری روایت ابوزرعہ نے ہمکو اجازۃً خبر دی کہا کہ ابو بکر بن خلف نے ہمکو اجازۃً

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جریر سے بیعت لینے کے وقت ہر مسلمان کی خیر خواہی کو شرط و لازم گردانا قوم انصار سے بیعت لی تو خدا کے بارہ میں ملامت گر کی ملامت سے نہ ڈرنے کو شرط و لازم گردانا اور جہاں رہیں حق گوئی کی تاکید کی یہ سب امور از قسم تزکیہ نفس ہی ہیں جو بعینہٖ معنی و مقصد تصوف ہے پس بیعت صوفیہ کا انکار در اصل اُن آیات و احادیث کا انکار ہے جو تزکیہ نفس کی تاکید میں ثابت ہیں کیونکہ تصوف خود تزکیہ نفس کو کہتے ہیں تو پھر تصوف کا انکار در اصل آیات و احادیث مثبتہ تزکیہ نفس کا انکار ٹھیرا (ہے) بیعت سنت ہے یا واجب ؟ بیعت چند اقسام پر ہے بیعت خلافت بیعت اسلام بیعت تقوی و ترک معصیت بیعت ہجرت و جہاد اور بیعت ثابت قدم رہنے کی جہاد میں نیز بیعت صوفیہ کے بھی چند اقسام ہیں از انجملہ بیعت توبہ از معصیت بیعت تبرک بسلسلہ اولیا را اللہ بمنزلہ سلسلہ اسناد حدیث و بیعت تاکید عزیمت یعنی عزم مصمم امتثال امر الٰہی و ترک ممنوعات و مناہی کے ظاہر و باطن اور دلکو اللہ تعالی سے متعلق کرنے علاقہ توڑنے پر پس جبکہ بیعت کے اقسام مختلفہ کثیرہ ہیں تو ہر قسم کا حکم باعتبار مقتضائے وقت و ضرورت مختلف ہوگا کبھی فرض و واجب کبھی مسنون و مستحب و کبھی مباح جیسا کہ نفل نماز در ورزہ بقصد و نیت فرض ہو جاتا ہے اسی طرح بیعت بھی اگر شرک و کفر سے توبہ کرنے یا معصیت سے توبہ کرنے پر ہے تو بیشک کفر و معصیت سے توبہ فرض و واجب ہے توبوا الی اللہ توبۃ نصوحا اسی طرح اسلامی ضرورتوں کی وقت امام زماں کی بیعت اطاعت بھی فرض و واجب ہے واولی الامر منکم لیکن بیعت متوارثہ و منقول امر مسنون ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بر سبیل عبادت و اہتمام شان کوئی فعل ثابت ہوا ہو تو وہ مسنون ہونے سے کم نہوگا القول الجمیل میں شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ نے بیعت کو مسنون کیا ہے وھذا لاشک فیہ ولا شبھۃ انہ اذا ثبت عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فعل علی سبیل العبادۃ والاھتمام بشانہ فانہ لاینزل عن کونہ سنۃ للعلماء الراسخین ف علماے راسخین سے مراد وہ ہیں جو علم ظاہر و باطن کے جامع ہیں اسی کتاب القول الجمیل میں ہے فاعلم ان البیعۃ سنۃ ولیست بواجبۃ لان الناس بایعوا النبی صلی اللہ علیہ وسلم و تقربوا بھا الی اللہ تعالی ولم یدل دلیل علی تاثیم تارکھا

کسی امر سے ایسا خوش ہوتے ہوئے نہیں دیکھا جیسا کہ اس حدیث سے خوش ہوئے یہی حدیث ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جو اس سے زیادہ واضح ہے۔ ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ایک آدمی کسی قوم سے محبت رکھتا ہو لیکن انکی مانند عمل نہیں کر سکتا فرمایا کہ اے ابوذر تو اسکے ساتھ ہوگا جس سے تو محبت رکھتا ہے ابوذر نے کہا میں تو اللہ اور اسکے رسول سے محبت رکھتا ہوں فرمایا کہ تو بیشک انکے ساتھ ہوگا جن سے تجھکو محبت ہے ابوذر نے اپنی بات کا اعادہ کیا (کہ میں اللہ و رسول سے محبت رکھتا ہوں) آنحضرت علیہ السلام نے بھی اعادہ کیا۔ (کہ تو انکے ساتھ ہوگا جن سے تو محبت رکھتا ہے) الکواکب الزاہرہ ص ۲۰ اور جواہر الحقائق مولفہ مولانا سید محی الدین صاحب رحمہ اللہ ویلوری صفحہ (۱۰) میں ہے کہ در تصوف از فقہ در مرتبہ ارفع و اعلی است کذا فی مرج البحرین از لطیف اللہ دہلوی۔ وصاحب ایقاظ الغافلین از سلطان العلماء عز الدین بن عبد السلام رحمہما اللہ نقل نمودہ کہ گر اوّل دلیل بر اشرفیت ایشاں آنست کہ کرامات بر دست ایشاں ظاہر میشود و از ہیچ فقیہ بظہور نمی رسد۔ اور الکواکب الزاہرہ صفحہ ۴۸ میں ہے کہ آئمہ مجتہدین مثل شافعی وغیرہ رضی اللہ عنہم اعتراف کرتے تھے کہ علماے باطن علماے ظاہر سے بہت افضل ہیں اس تمام بیان کا حاصل یہی ہے کہ علم تصوف وصوفیہ تمام علوم دینیہ و علماے ظاہر سے بدرجہا افضل و اشرف ہیں۔ خداے پاک سب مسلمانوں کو اس علم شریف کی دولت اور ان مقبولان کبریا کی محبت عطا فرمائے۔ کیونکہ اس طریقہ کی تصدیق و ایمان خود ولایت ہے۔ جیسا کہ سید الطائفہ

وجاہدوا فی سبیل اللہ حق جہادہ خدا کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ حق جہاد ہے
جب یہ آیت نازل ہوئی تو آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا کہ رجعنا من الجہاد الاصغر
الی الجہاد الاکبر ہم نے چھوٹے جہاد (جنگ با کفار) سے بڑے جہاد (جنگ با نفس)
کی طرف رجوع کیا اس لئے کہ گھر کا دشمن باہر کے دشمن سے زیادہ قوی ہوتا ہے اعدی
عدواک نفسک التی بین جنبیک پس جہاد اکبر یعنے نفس کشی فرض ہے اس لئے
پیر دستگیر نفس کش کی دستگیری سے نفس کو قتل کرنا واجب ہے مولانا رومی نے فرمایا ہے
ہیچ نکشد نفس را جز ظل پیر ۔ دامن آن نفس کش محکم بگیر ۔ برہان چہارم ذروا
ظاہر الاثم وباطنہ ۔ ظاہر باطن کے گناہ چھوڑ دو ۔ ظاہر کے گناہ شرک جلی وغیرہ
تو سب اہل ظاہر کو بھی معلوم ہیں باطن کے گناہ دل اور روح کی معصیت شرک خفی و شرک
اخفی بجز پیران امداد و مرشدان کامگار کے کسی اہل ظاہر پر ظاہر نہیں اس لئے بیعت
شیخ فرض ہے برہان پنجم توبوا الی اللہ جمیعا ایہا المومنون لعلکم تفلحون
اے مومنین تم سب اللہ کی طرف توبہ کرو تاکہ تمہیں فلاح نصیب ہو یہ بھی امر ہے کہ ہم مامور
ہیں توبہ کرنے پر پس جبتک ظاہر و باطن کے گناہ کا علم نہ ہو تو توبہ کس طرح ممکن ہے اس لئے بیعت
کی ضرورت ہے توبہ کے معنے رجوع الی اللہ کے ہیں پس خدا کی طرف رجوع ہونے کا کیا
طریقہ ہے یہ بھی شیخ کی بیعت پر موقوف ہے برہان ششم ادع الی سبیل ربک
بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ تمہارے رب کی راہ طرف حکمت اور نیک نصیحت کیساتھ
دعوت کرو سبیل رب کل امور دین کو شامل ہے خاص طور پر سلوک حقیقی مسلک حق شناسی
مراد و مقصود ہے حکمت علم حقائق ہے یعنے سبیل رب سلوک حقیقی مسلک حق شناسی کی طرف
علم حقائق کیساتھ دعوت حق کیجئے کتاب تائید الحقیقۃ العلیۃ للامام جلال الدین السیوطی میں
میں ہے ثم الدعاۃ علی وجوہ احدہا داع الی الفناء باللہ من حیث اعتنا
بالایجاد ابتداء وقد خلقتک من قبل ولم تک شیئا وثانیہا داع بالفقر
الی اللہ فان ذلک وظیفۃ العبودیۃ وثالثہا داع بالاخلاق الرحیمیۃ
کما قیل تخلقوا باخلاق اللہ ای من جہۃ الرحمۃ والحلم والجود والعفو
ونحو ذلک وہذا اہم احل الدعوات ۔ برہان ہفتم قل ہذہ سبیلی ادعو
علی البصیرۃ انا ومن اتبعنی کہہ دے محمد یہ میری سبیل ہے دعوت دیتا ہوں بصیرت

قاضیوں وعلماء نے انکی خونریزی مباح ہونیکا فتوی دیدیا تو مقتدر باللہ حسین بن منصور کو محمد بن عبد الصمد کوتوال کے حوالہ کرنے کا حکم دیا
اُسنے بعد نماز عشا حسین بن منصور کو اپنے قبضہ میں لیا اس خوف سے کہ لوگ دن میں حسین بن منصور کو اسکے ہاتھ سے نکال لینگے پھر
منگل کے روز ۲۴ ذیقعدہ
۳۰۹ھ باب الطاق کے
پاس حسین بن منصور لائے گئے ۔
بہت سے لوگ جمع ہوگئے ۔
جلاد کو حکم ہوا تو اس نے ایک ہزار
تازیانے حسین بن منصور پر مارے
حسین نے نہ معافی مانگی نہ آہ کیا
پھر آپکے ہاتھ پاؤں چاروں کاٹے
گئے پھر بھی آپ نے تلون کے ساتھ اضطراب
نہ کیا ۔ پھر سر کاٹا گیا جسم جلایا گیا
اسکی راکھ دجلہ میں ڈالی گئی سر
بغداد میں لٹکایا گیا اور اطراف و
اکناف میں گھمایا گیا ۔ اس سال
دجلہ کو بے حد طغیانی ہوئی تو حسین بن
منصور کے مریدوں نے کہا کہ
حسین بن منصور کی راکھ دجلہ
میں ڈالنے کی وجہ سے یہ طغیانی
ہوئی ۔ جب حسین بن منصور قتل
کیلئے لائے گئے تو یہ اشعار
پڑھے کہ اسلم النفس
للاسقام تتلفہا ۔ الا علمی
بان الموت یشفیہا ۔ ونفسی
منک یا سؤلی ویا املی ۔
اشہی الی من الدنیا و
ما فیہا ۔ نفس المحب علی
الالام صابرۃ ۔ لعل
مسقمہا یوما یداویہا ۔ حضرت حلاج الاسرار فرماتے تھے کہ خدا نے تمہارے لئے میرا خون مباح کردیا ہے مجھکو قتل کر دو مسلمانو
آج میرے قتل سے زیادہ اہم کام کوئی نہیں ہے اور یہ بھی فرمایا کہ میرا قتل قیام حدود اور شریعت کیساتھ ٹھیرا ہے

خبر دی کہا کہ ہمکو ابو عبد الرحمن نے خبر دی کہا کہ نصر آبادی سے کہتے ہوئے میں نے سنا کہ میں نے ابن عطا کو کہتے ہوئے سنا کہ میں نے قرشی کو سنا کہتے تھے لا اسرار اللہ تعالیٰ کے ہیں جنکو اپنے امانت دار سادات شریف اولیاء پر ظاہر کرتا ہے بلا سماعت و تدریس کے ۔ بعید وہ اسرار ہیں جنپر بجز خاصان خدا کوئی مطلع نہوا ۔ حسن بصری رضی اللہ عنہ جب ایسے اسرار بیان کرنا چاہتے کہ جو اس طریق کا اہل نہ ہوا سکا ان اسرار پر واقف ہونا مناسب نہیں تو فرقد سنجی و مالک بن دینار اور جو اس مذاق کے لوگ حاضر ہوتے ان سب کو بلاتے اور باقی لوگوں سے دروازہ بند رکھتے اور اپنے فن کے مذاق والوں سے گفتگو کرتے تھے ۔ اگر اسرار کا اسرار و اخفا واجب نہوتا حضرت ممدوح ایسا عمل نفرماتے ۔ الکواکب الزاہرہ صفحہ ۲۰۴ قطب الزماں شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے

فی باطنی من نورکم مالو بدا ۔ افتی بسفک دمی الذی لا یعلم ۔ ولو اننی ابدی سرائر ودکم ۔ قالوا العواذل لیس ھذا مسلم ۔

میرے باطن میں جو تمہارا نور ہے اگر ظاہر ہو جائے تو نادان شخص میری خونریزی کا فتوی دیگا اگر میں تمہارے اسرار محبت کو ظاہر کرونگا تو ملامت گر لوگ کہینگے یہ مسلمان نہیں ہے ۔ الکواکب الزاہرہ صفحہ ۲۱۰ ۔ نا اہل پر افشاء راز موجب فتنہ و فساد ہوتا ہے جیسا کہ ولی اللہ حسین بن منصور حلاج الاسرار جو جنید و شبلی رضی اللہ عنہم کے صحبت یافتہ و شراب عشق و محبت الٰہی سے مست و بیخود تھے ۔ حامد بن عباس وزیر مقتدر باللہ کی مجلس میں اسرار توحید میں گفتگو کی تو ظاہری علوم کے

لعلکم تفلحون اس آیت میں مومنین کو حکم کیا گیا کہ فلاح دارین حاصل کرنا ہو تو اتقوا اللہ سے تقوی کرو وابتغوا خدا کی طرف وسیلہ کی تلاش کرو اور وجاھدوا خدا کی راہ میں مجاہدہ کرو۔ تقوی کے مراتب ہیں سب سے اول و افضل شرک کے جمیع اقسام تقوی و پرہیز کرنا ہے کیونکہ ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ خدائے تعالیٰ مشرک کو نہیں بخشیگا لا تشرکوا بہ شیئاً خدا کیساتھ کسی شیٔ کو شریک مت کرو شرک کے جزئی اقسام بہت ہیں ظاہر شریعت میں جتنے اقسام شرک ہیں انکا مرجع شرک فی العبادات شرک جلی ہے اس کے علاوہ شرک خفی و شرک اخفی یہ تین مراتب کلیہ شرک کے ہیں جن کے جزئیات بہت ہیں شرک جلی تو ظاہر شریعت سے معلوم ہو سکتا ہے شرک خفی و اخفی اور اُن کی جزئیات علمائے اللہ مرشدین کاملین کے ارشاد پر موقوف ہے اس لئے بیعت شیخ کی ضرورت ہوئی تاکہ جمیع اقسام شرک سے پاک ہو کر ایمان حقیقی و توحید تحقیقی کی نعمت عظمیٰ حاصل کی جائے پس اتقوا صیغہ امر ہے جس سے جمیع اقسام شرک سے تقوی کرنے کا ہم کو حکم کیا گیا ہے اور ہم مامور ہیں اس امر پر کہ شیخ کی تعلیم و ارشاد سے جمیع اقسام شرک سے تائب ہو کر توحید حقیقی حاصل کریں۔ وابتغوا وسیلہ ڈھونڈھو یہ بھی صیغہ امر ہے وسیلہ سے مراد پیر و مرشد کامل مکمل ہے پس ہم پیر و مرشد کی طلب و تلاش و بیعت پر مامور من اللہ ہیں شفاء العلیل ترجمۂ القول الجمیل میں ہے کہ وسیلہ سے مراد بیعت مرشد ہے مولانا نے فرمایا کہ ہم نے اپنے جد امجد حضرت شاہ عبد الرحیم قدس سرہ کے ایک مرید سے سنا کہ اُن کے ہمعصر ایک عالم نے ان سے بیعت کے سنت یا بدعت ہونے میں گفتگو کی جد امجد نے واسطے مشروعیت بیعت کے اس آیت سے استدلال کیا اور فرمایا کہ یہ ممکن نہیں کہ وسیلہ سے ایمان مراد لیجئے اس واسطے کہ خطاب اہل ایمان سے ہے چنانچہ یا ایھا الذین آمنوا اس پر دلالت کرتا ہے ۔ اور عمل صالح بھی مراد نہیں ہو سکتا کہ وہ تقوی میں داخل ہے اسواسطے کہ تقوی عبارت ہے امتثال اوامر اور اجتناب نواہی سے اس واسطے کہ قاعدہ عطف کا مغایرت بین المعطوف والمعطوف علیہ کا مقتضی ہے اور اسی طرح جہاد بھی مراد نہیں ہو سکتا بدلیل مذکور تقوی میں داخل ہے پس متعین ہو گیا کہ وسیلہ سے مراد ارادت و بیعت مرشد کی ہے پھر اس کے بعد مجاہدہ و ریاضت ہے ذکر اور فکر میں تا فلاح حاصل ہو کہ عبارت ہے وصول ذات پاک سے واللہ اعلم ۔ وجاھدوا فی سبیل اللہ اللہ کی راہ میں مجاہدہ کرو اور دوسری آیت برہان سوم

قرب و معیت کی راہ ہے مغضوب علیہم اور ضالین کی راہ نہیں ہے پس حلول و اتحاد
سے پاک توحید و ایمان جو حقیقی صراط مستقیم ہے بغیر مرشد و ہادی کی ہدایت کے غیر
ممکن الحصول ہے اس لئے بیعت فرض ہے **برہان دوازدھم** بیعت ارادت وجہ اللہ
جس کا ذکر اصحاب صفہ کی شان میں وارد ہے یریدون وجہہ وجہ اللہ کے مرید ہیں
ان مریدین کو ہی اینما تولوا فثم وجہ اللہ کا راز منکشف ہوگا اور نحن اقرب
الیہ من حبل الورید کا قرب اور وھو معکم اینما کنتم کی معیت اور وھو بکل
شئی محیط کا احاطہ بلا تاویل حقیقی مفہوم بجز ارشاد مرشد کامل حل نہیں ہو سکتا اہل
اہل ظاہر اہل تاویل ہیں ہر حقیقت کو مجاز پر محمول کرتے ہیں ؎ چوں ندیدند حقیقت
رہ افسانہ زدند۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک سے اتبک بیعت
کا طریقہ مسلسل بسلاسل اولیاء اللہ جاری ہے اور خبر متواتر کی طرح اس کی اسناد متصلاً
ثابت ہے تمام اولیاء اللہ و اہل ہدایت کا اس بیعت پر اجماع ہو چکا ہے خود ہدایت و فعل
اہل ہدایت ہے اور لا تجتمع امتی علی الضلالۃ کے موافق ضلالت پر اجماع نہیں بلکہ
ہدایت پر ہے پس بیعت ارادت و طلب ہدایت فرض ہے اس کے علاوہ دلائل و براہین بسبب
بخوف طوالت اسی پر اکتفا کیا گیا۔ سوال کیا حقائق و دقائق و اسرار معارف کی تحصیل عموماً
فرض ہے جواب ایمان تحقیقی کیلئے بھی کوشش تو ضروری ہے کامیابی و منزل مقصود پر پہونچنا
فضل ایزدی پر موقوف ہے مسائل ظاہر شریعت سے بھی اکثر و بیشتر عامۃ الناس نا فہم
واقف ہیں کیا ان کے افہام قاصرہ کی وجہ سے در اصل مسائل شریعت کی تعلیم و تحصیل
فرض نہوگی بلکہ جس طرح علوم ظاہرہ دینیہ کی تحصیل و تکمیل فرض کفایہ ہے اسی طرح علوم
باطنہ کی تحصیل بھی فرض ہے بلکہ معرفت معبود بقدر فہم و استعداد ہر شخص پر فرض ہے
غوامض و اسرار شریعت پر جس طرح صرف ایمان و تصدیق کافی ہے اسی طرح حقائق
دقائق باطنہ پر بھی ایمان و تصدیق کافی ہے ادنیٰ نصیب منہا التصدیق بہ
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے علم کے دو ظرف
حاصل کیئے پس ان ہر دو ظرف سے ایک کو تو میں نے لوگوں پر منتشر کیا لیکن دوسرے کو اگر میں
پھیلاونگا تو میرا حلق کاٹا جاوے گا اس کو بخاری نے روایت کیا ہے اس حدیث کو
چند امور کا استنباط ہوتا ہے علم کے دو قسم ہیں ظاہر و باطن۔ یہ ہر دو علم ظاہر و باطن

اسی دن قتل کیئے گئے۔ جب رات ہوئی تھی میں نے خواب میں دیکھا قیامت قائم ہوئی ہے۔ منادی ندا کر رہا ہے کہ حسین بن منصور کہاں
ہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ کے روبرو کھڑے کیئے گئے۔ اور ان سے کہا گیا جو تم سے محبت رکھے اسکو جنت میں داخل کرونگا۔ اور جو
تم سے بغض رکھے گا اس کو جہنم میں داخل کرونگا۔ حضرت حلاج نے کہا کہ یا اللہ تو سب کو بخشدے۔ پھر حلاج نے میری طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ قوت سے حلاج نام ہونیکی وجہ یہ ہے کہ ایک دن حلاج کی دوکان پر بیٹھے اور اس پنبے سے اپنا کام لینا چاہتے تو اسنے کہا کہ میں اپنے کام میں مصروف ہوں تو فرمایا کہ تو میرا کام کر میں تیرا کام کرونگا۔ پس وہ گیا حسین بن منصور کے کام کیلئے گیا اور جب واپس ہوا تو سب روئی دھنکی ہوئی پایا حالانکہ وہ اتنی زیادہ تھی کہ دس آدمی کئے دنوں میں دھنتے۔ اسی وجہ سے حلاج کہا گیا بعض نے کہا وہ اسرار بیان کرتے تھے اسلئے حلاج الاسرار نام مشہور ہوگیا۔ فارس کے رہنے والے تھے انکی کنیت کو ابو الملقن نے طبقات الاولیاء میں ابو المغیث کہا ہے۔ الکواکب الزاہرۃ (ص۲۰۵ و ۲۰۹)۔ اس تقریر سے ثابت ہوا کہ صوفیہ کے سینہ بسینہ علوم و اسرار کا افشا نا اہل پر موجب فتنہ و فساد ہوتا ہے اسی وجہ سے اکابر صوفیہ نے افشاء
ذکر منع کیا ہے۔ افشاء سر الربوبیۃ کفر۔ اہل وہی ہے جسکو اس طائفہ اولیاء سے حسن عقیدت و عشق و محبت ہو اگر چہ کہ
بے علم ہو نا اہل وہ ہے کہ جسکو ان خاصان خدا کیساتھ بغض و عناد ہو اور انکے اقوال و افعال و احوال و خوارق عادات و کرامات کا

پر ہیں اور میرے متبعین۔ بصیرت باطنی دید ہے کلیات ابوالبقا میں ہے البصیرۃ ھی قوۃ فی القلب تدرک بھا المعقولات۔ کتاب التعریفات للسید الشریف الجرجانی میں ہے البصیرۃ قوۃ للقلب المنور یری بھا حقائق الاشیاء وبواطنھا بمثابۃ البصر للنفس یری بھا صور الاشیاء وظواھرھا وھی التی یسمیھا الحکماء العاقلۃ النظریۃ والقوۃ القدسیۃ پس سبیل رب کی طرف بصیرت پر ہوکر دعوت دینے کے حکم آنحضرت علیہ السلام اور آپ کے خلفاء اہل باطن اولیاء اللہ نے عمل کیا اور کر رہے ہیں برہان ہشتم اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم اللہ اور اللہ کے رسول اور اولوالامر کی اطاعت کرو تفسیر حسینی میں ہے اولوالامر سے مراد۔ یا علماء و نزد عرفا اولی الامر مشائخ اند و پیران طریقت کہ تربیت اہل سلوک اشتغال مینمایند سالک را فرمانبرداری ایشاں لازمست ہرگز خواہ بسر منزل المقصود رسید تا بایدش پیری را رہنمایان کردن۔ اس آیت سے جس طرح مجتہدان شریعت کی تقلید واطاعت کی فرضیت ثابت کی جاتی ہے اسی طرح مرشدان طریقت علمائے حقیقت کی اطاعت وتقلید بھی ثابت ہوتی ہے برہان نہم فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون اگر تمہیں کوئی مسئلہ معلوم نہ ہو تو اہل ذکر علماء سے دریافت کرو اس آیت سے بھی جس طرح علمائے شریعت کی تقلید و اطاعت واجب کیجاتی ہے۔ اسی طرح علمائے حقیقت و پیران طریقت کی اطاعت بھی واجب کی جاتی ہے کیونکہ حقیقی اہل الذکر تو یہی علمائے باطن ہیں برہان دہم یا ایھا الذین امنوا امنوا باللہ ایمان والوں کو حکم ہوتا ہے کہ پھر ایمان لاؤ اہل ظاہر کے پاس اس کا مطلب یہ ہے کہ ایمان پر ثابت رہو محققین عرفا نے کہا کہ ایمان دو قسم پر ہے تصدیقی تحقیقی پس اے تصدیقی ایمان والو اب تحقیقی ایمان لاؤ جس طرح تصدیقی ومجازی ایمان لانا فرض ہے اسی طرح تحقیقی ایمان وحقیقی توحید کا حاصل کرنا بھی فرض ہے جو مرشد کامل کی بیعت پر موقوف ہے برہان یازدہم اللہ تعالیٰ نے ہر نماز میں صراط المستقیم کی ہدایت طلبی کا حکم فرمایا ہے کہ اھدنا الصراط المستقیم ہم کو صراط المستقیم دکھا دے جو افراط و تفریط وخوف ورجا کے درمیان اوسط ہو اور طول یا تمادے سے جو ایمان کو پاک ہو وہ صراط مستقیم ہے یہی وہ راہ ہے جو منعم علیہم ومقربان بارگاہ

حدود کو چھوڑ دیگا اسپر حدود قائم کئے جائینگے۔ شیخ امام عزالدین بن عبدالسلام مقدسی نے مفاتیح الکنوز میں ذکر کیا ہے کہ جب حسین بن منصور کو سولی پر چڑھانے کیلئے لایا گیا دار الکرسی اور میخوں کو دیکھا اور بہت ہنسے پھر جماعت حاضرین پر نظر کیا تو شبلی کو دیکھا اور کہا کہ اے ابو بکر شبلی کیا تمہارے پاس مصلے جا نماز ہے کہا ہاں ہے۔ کہا کہ میرے لئے بچھا دو۔ شبلی نے مصلی بچھایا تو حسین منصور نے دو رکعت نماز پڑھی پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ اور اس کے بعد ولنبلونکم بشیء من الخوف الآیہ۔ اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ اور اسکے بعد کل نفس ذائقۃ الموت۔ پڑھکر دیر تک سلام کرتے رہے۔ پھر ابو الحارث سیاف (شمشیر زن) آگے بڑھا اور تلوار سے آپکے منہ اور ناک کو سہلانا تو حضرت شبلی نے چیخ ماری۔ اور ابوالحسن واسطی و جماعت مشاہیر مشائخ بیہوش ہوگئے۔ شیخ عبدالغفار قوصی نے کتاب الوحید میں حلاج رضی اللہ عنہ کی حکایت لکھی ہے کہ جب حلاج کے پاس ابن خفیف آکر کہا کہ میں تین باتیں آپ سے پوچھنا چاہوں فرمایا کہ بیان کر کہا کہ صبر کیا چیز ہے۔ پس حضرت حلاج نے ہتھکڑیوں و بیڑیوں کو دیکھا تو سب الگ ہوگئیں۔ دیوار پر نظر کیا تو پھٹ گئی۔ (اور اس وقت ہم دجلہ پہنچے) حلاج نے فرمایا کہ صبر یہ ہے۔ ابن خفیف نے کہا کہ میں نے کہا کہ فقر کیا ہے آنحضرت نے وہاں کے پتھروں پر نظر ڈالی تو سب سونا چاندی ہوگئے اور فرمایا کہ فقر یہ ہے۔ سوالات تحصیل کیلئے ہے بپا کرنیکا حیلہ کرتا ہوں۔ پھر ابن خفیف نے کہا کہ فتوت کیا چیز ہے تو فرمایا کہ کل صبح دیکھو گا پھر

کہ تفسیر مدارک یا جلالین یا اس کے سوائے مثل تفسیر وسیط یا وجیز واحدی کے محفوظ کر چکا ہو اور کسی عالم سے اس کو تحقیق کر لیا ہو اور اس کے معانی و ترجمہ لغات مشکلہ کو و شان نزول و اعراب قرآنی و قصص جو اس کے قریب ہوں اس کو جان چکا ہو اور یعنی و مختلف چیزوں میں تطبیق دینا اور معرفت ناسخ و منسوخ اور معرفت احکام مستنبط قرآنی کی۔ اور حدیث کا اتنا علم کافی ہے کہ ضبط اور تحقیق کر چکا ہو مانند کتاب مصابیح یا مشارق کے اور اس کے معانی دریافت کر چکا ہو اور اس کی شرح غریب یعنی لغات مشکل کا ترجمہ اور اعراب مشکل و تاویل معضل را سے فقہا کی موافق معلوم کر چکا ہو اور مشکل اور معضل میں فرق یہ ہے کہ مشکل اس دشوار کو کہتے ہیں جو باعتبار لفظ و ترکیب نحوی کے صعب ہو اور معضل وہ ہے جس کے معنی مشتبہ ہوں اور ایک معنی کی تعیین نہ ہو سکے یا دوسری حدیث اس کے معارض یا مخالف ہو۔ اور پیر و مرشد کے لئے تو حفظ قرآن و احوال سانید تفحص کی شرط نہیں ہے کیونکہ تابعین و تبع تابعین منقطع و مرسل کو بھی حجت گردانتے تھے تو صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک حدیث پہنچنے کا حصول ظن مقصود ہے علم اصول و کلام جزئیات فقہ اور فتاویٰ کا عالم ہونا بھی شرط نہیں ہے شرط دوم عدالت و تقویٰ واجب ہے کہ کبیرہ گناہوں سے پرہیز کرتا ہو اور صغیرہ گناہوں پر اڑ نہ جاتا ہو۔ مرشد میں تقویٰ ہونا شرط اس لئے ہے کہ بیعت سے تصفیۂ قلب مقصود ہے پیر و مرشد میں تقویٰ ہوگا تو مریدین بھی پیر و مرشد کی پیروی سے متقی ہوں گے فقط باتیں کرنیوالا ہو اعمال خیر سے خالی ہو تو ایسے پیر کی بیعت سے کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ تیسری شرط یہ ہے کہ زاہد و تارک دنیا ہو اس سے یہ مطلب نہیں کہ عورت و بچہ والا نہ ہو بلکہ اس کے دل میں دنیا سے نفرت ہو آخرت کی رغبت ہو طاعات مؤکدہ اور اذکار جو صحیح حدیثوں میں مذکور ہیں ان پر ہمیشگی کرنے والا ہو اللہ تعالیٰ کیساتھ ہمیشہ اس کے دل کا تعلق ہو اور یاد داشت کی کامل مشق اس کو حاصل ہو۔ یاد داشت کا آئندہ ذکر کیا جاوے گا۔ چوتھی شرط مرشد کی یہ ہے کہ نیک کاموں کا حکم کرنے والا برے کاموں سے منع کرنیوالا مستقل رائے والا ہو۔ ہر جائی و خیالی شخص نہ ہو جس کی کوئی رائے قائم نہیں۔ پانچویں شرط مرشد یہ ہے کہ مدت تک مشائخ و پیران طریقت کا صحبت و ادب یافتہ ہو اور نور باطن سکینہ پیران طریق سے حاصل کیا ہو صحبت کی شرط اس لئے ہے کہ خدا کی عادت اسی طرح جاری ہے کہ آدمی فلاح یاب نہیں ہوتا جبتک فلاح یافتہ کو نہ دیکھے جیسا کہ علم حاصل نہیں ہوتا مگر علما کی صحبت سے ہی حاصل ہوگا اسی طرح ہر ہنر و

علیہ سوء الخاتمۃ و ادنی النصیب منہ التصدیق و التسلیم لاهلہ ۔ اور فصل الخطاب مؤلفہ مولانا سید شاہ عبداللطیف المعروف بہ سید شاہ محی الدین صاحب ویلوری رحمۃ اللہ علیہ (صـ۱۹) میں ہے کان شیخ الاسلام المجد ومی رضی اللہ عنہ یقول لایجوز لاحد من العلماء الانکار علی الصوفیۃ الا ان سالک طریقهم و رای افعالهم و اقوالهم مخالفۃ للکتاب و السنۃ و اما بالاشاعۃ عنهم فلا یجوز الانکار علیهم ولا سبهم و اطال فی ذلک ثم قال و بالجملۃ فاقل ما یجب علی المنکر ان یعرف تفسیر اصولهم ثم بعد ذالک یسوغ لہ الانکار علمائے ظواہر کو صوفیہ پر انکار کرنا درست نہیں ہے مگر انکے طریقہ میں چلے اور ان کے افعال و اقوال کو قرآن اور حدیث کے مخالف دیکھے اور لیکن انکے کسی امر کی محض اشاعت کی وجہ سے انکار کرنا اور انکو برا کہنا جائز نہیں ہے اسمیں طویل بحث کی ہے پھر کہا کم از کم منکر صوفیہ پر انکے امور کا جاننا واجب ہے پھر اسکے بعد شرائط میں سے کچھ امور بیان کئے ہیں۔ اوّل مختلف الطبقات پیغمبروں کی معجزات اور مختلف مراتب اولیاء کی کرامات کی معرفت میں غوراص ہو۔ اور ان معجزات انبیاء و کرامات اولیاء پر اسکا ایمان ہو۔ اور یہ اعتقاد رکھے کہ اولیاء بجز چند مستثنیٰ معجزات کے باقی

منکر ہو اگرچہ کہ وہ علوم ظاہری میں یگانۂ زمانہ ہو۔ جبتک اکابر اولیا و علوم و اسرار صوفیہ کا منکر ہوگا وہ نااہل ہے اور اسکا خاتمہ برا ہونیکا خوف ہے۔ زمانۂ سابق کے علمائے ظواہر نے بھی صوفیۂ صافیہ پر بعض طعن کئے حتی کہ شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ کو شیخ اکفر لکھا پھر توفیق الہی سے تائب ہوکر مرید ہوئے و معتقدین اولیاء اللہ ہوگئے۔ الیواقیت والجواہر مؤلفہ امام شعرانی وغیرہ سے اسکی تصدیق ہوسکتی ہے۔ پس طالبان حق کو ضرور ہے کہ علوم صوفیہ و اسرار اولیاء اللہ کے ہرگز منکر نہ ہوں بلکہ ان بزرگوں سے حسن عقیدت و عشق و محبت رکھیں انکی محبت سعادت ایمان ہے۔ ومن یعظم شعائر اللہ فانها من تقوی القلوب اور ان اکابر سے بغض و عداوت علامت نفاق و شقاوت و خذلان ہے۔ من عادی لی ولیا فقد اذنته بالحرب۔ اور سعی و کوشش بلیغ سے علم حقائق و معارف کو حاصل کرے کہ طلب العلم فریضة علی کل مسلم و مسلمة (قرآن و حدیث میں طلب علم کی تاکید جو آئی ہے اس سے مقصود اول و اکمل علم باللہ و معرفت الہی ہے نہ کہ دوسرے علوم۔ بلکہ معرفت الہی و علم صوفیہ جسکو حاصل نہ ہوا اسیر سوء خاتمہ کا خوف و خطرہ اور اندیشہ ہے) کم از کم اس علم والے اکابر کی تصدیق و تسلیم ضروری ہے۔ حضرت امام غزالی رحمہ اللہ نے احیاء العلوم کتاب العلم کے آٹھویں باب میں فرمایا ہے عن بعض العارفین انہ کان یقول من لم یکن له نصیب من علم القوم اخاف

آنحضرت سے منقول ہیں تاہم باطنی اور اسرار علم الٰہی کے اظہار و اخفاء کا جواز اہل کے لئے ثابت ہوا ہے۔ اور چونکہ عقول و افہام متفاوت ہیں اس لئے غیر اہل سے راز کا مخفی رکھنا ضرور ہے۔ پس عموماً بحکم طلب العلم فریضة علی کل مسلم و مسلمة ہر مسلمان مرد و عورت پر علم کا طلب کرنا فرض ہے اس علم سے علم حق مراد ہے صرف نحو منطق و فلسفہ یا فقہ و حدیث و تفسیر میں فارغ التحصیل و تکمیل ہونا مراد نہیں ہے بلکہ معبود حقیقی کی معرفت مقصود ہے جو تخلیق جن و انس کی غرض و غایت ہے۔ اجمالی معرفت معبود ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض عین ہے تفصیلی معرفت کے مراتب حسب استعداد و قابلیت مختلف ہیں تاہم عوام کو صرف امنا به کل من عند ربنا کہنا اور صرف تصدیق و ایمان کافی ہے جیسا کہ ابن ماجہ کی حدیث کا مختصر ما علمتم منه فقولوا و ما جهلتم فكلوه الی عالمه رواه احمد و ابن ماجه جو جانتے ہو کہو اور جو نہیں جانتے ہو اس کے جاننے والے کی طرف تفویض کردو۔ غرض یہ کہ جس طرح علم ظاہر کے اسرار و دقائق علما جانتے ہیں عوام اس سے محروم ہیں اسی طرح علم لدنی کے اسرار اور رموز عرفائے محققین جانتے ہیں علمائے ظاہر بھی اس سے غافل ہیں تو پھر عوام الناس کس شمار میں ہیں عرفائے محققین میں سے شیخ ابو یزید بسطامی رضی اللہ عنہ نے اپنے ہم عصر علماء ظاہر سے فرمایا ہے کہ اخذتم علمکم من علماء الرسوم میتا عن میت و اخذنا علمنا عن الحی الذی لا یموت تم نے تمہارے علم ظاہر کو علمائے رسوم و ظاہر سے لیا ہے یعنے مردہ علما سے حاصل کیا ہے اور ہم نے ایسے حقیقی زندہ سے علم سیکھا ہے کہ وہ کبھی نہ مرے گا پس ہر عاقل پر فرض ہے کہ وہ ایسا علم جاودانی حاصل کرے جو اس کی ذات سے قائم رہے اور جب اس جہاں سے گزرے تو اس کا علم بھی اس کے ساتھ رفیق و ہمدم رہے ہر عالم کے مناسب حسب ضرورت علوم حاصل کرنا عقلاً اسکا مستحسن ہے بیشک علوم و فنون تجارتی صنعتی خیالی علم طب تاریخ جغرافیہ حساب ہندسہ وغیرہا صرف دنیوی زندگی تک مفید ہوسکتے ہیں علوم آخرت فقہ و حدیث و تفسیر ہے ان علوم کا مغز و لب لباب معرفت رب الارباب ہے جو ہمیشہ انسان کے لئے ضروری و نافع ہے یہ علم معرفت الہی بیعت مرشد کامل سے حاصل ہوگا اس لئے درحقیقت بیعت فرض ہے ذلك ما كنا نبغ فصل تشریح طریق مرشد القول الجمیل میں ہے کہ بیعت لینے والے پیر و مرشد میں چند امور شرط ہیں اول قرآن و حدیث کا علم ہونا میری مراد انتہا درجہ کا علم مشروط نہیں ہے بلکہ قرآن میں اتنا علم ہو کہ کافی

القول الجمیل میں فرمایا ہے کہ ومن المشائخ من یجوز بیعة الصغار تبرکا وتفاولا بعض مشائخ نے لڑکوں کے مرید ہونے کو تبرکاً اور نیک فالی کی بنا پر جائز رکھا ہے اور یہ جائز رکھنا بھی حدیث کی مطابق ہے جو صحیح مسلم میں ہے کہ حضرت زبیرؓ نے اپنے سات آٹھ سالہ لڑکے کو بیعت کے واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنے طرف متوجہ دیکھکر تبسم فرمایا پھر ان سے بیعت لی نابالغ لڑکوں کا مرید ہونا صرف تبرکاً وتیمناً جائز ہے لیکن بعد بلوغ پھر بیعت شیخ کامل سے سلوک حقیقی کی تکمیل کرے کیونکہ لڑکپن کی بیعت تو صرف برائے برکت تھی اسی طرح جو لوگ تبرکاً رسمی مرید ہوتے ہیں اس سے ان کو پیران طریقت کے سلسلہ میں داخل ہونے کی برکت تو ضرور حاصل ہوتی ہے لیکن بیعت کا اصل مقصود حاصل کرنے کے لئے مرشد کامل سے عقائد وحقائق ودقائق کی تعلیم حاصل کرنا ضرور ہے تاکہ مقصود آفرینش حاصل ہو نصیحت وفا بالبیعۃ پیر ومرشد کے ہاتھ پر جن امور کے کرنے اور نہ کرنے کے متعلق معاہدہ وبیعت کی گئی ہو اسکی پوری تعمیل وبجا آوری کو وفائے بیعت اور اس کی خلاف ورزی کو بیعت شکنی کہتے ہیں فردائے قیامت میں اس پر مواخذہ ہوگا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے فمن نکث فانما ینکث علی نفسہ اور عہد کو پورا کرنے والے کو اجر عظیم ملے گا ومن اوفی بما عٰھد علیہ اللہ فسیؤتیہ اجرا عظیما حکم تکرار بیعت ایک پیر ومرشد سے بار بار بیعت کرنے کا ثبوت رسول اللہ صلی اللہ والہ وسلم سے منقول ہے اور حضرات صوفیہ صافیہ قدس اسرارہم سے بھی مروی ہے لیکن پہلے ایک پیر ومرشد سے مرید ہو کر اس کو ترک کر کے دوسرے پیر ومرشد کے پاس مرید ہونا جائز نہیں ہے کیونکہ یہ کھیل واہو ولعب کے مشابہ ہے لیکن چند صورتوں میں جائز ہے اول یہ کہ پیر ومرشد سابق کے عقائد واعمال میں دینی فساد وخلل پیدا ہوگیا ہو۔ دوم یہ کہ پیر ومرشد کو عقائد وحقائق ودقائق سلوک وطریقت کا علم نہ ہو جس سے مرید وطالب کی تشفی بخش تعلیم وتفہیم کر سکے سوم یہ کہ پیر ومرشد علم وعمل وسلوک طریقت میں حسب شرائط کامل ومکمل تو ہے لیکن مرید ومرشد میں اس قدر دوری مسافت ہو کہ فیض صحبت وتعلیم پیر ومرشد سے مستفیض ومستفید ہونا دشوار ہو چہارم مرشد اول فوت شدہ ہو ان چند صورتوں میں کسی دوسرے کامل ومکمل پیر ومرشد حقانی عالم ربانی سے مکرر بیعت ومرید وطالب ہونا جائز ہے بغیر ان صورتوں کے بلا عذر دوجہ

میں ہے" مولنا دہلوی در انتباہ از شیخ تاج الدین سنبھلی خلیفۂ خواجہ محمد باقی حکایت میکند قال الشیخ ابو علی الدقاق قدس سرہ الشجرة التی تنبت بنفسہا لا تثمر لہا وان کان لہا ثمر یکون بغیر لذة وسنة اللہ تعالیٰ جاریة علی انہ لابد من السبب فکما ان التوالد والتناسل الصوری لا یحصل بغیر الوالد والوالدة کذلک التوالد المعنوی حصولہ بغیر المرشد متعذر وقال فی الرسالة المکیة من لا شیخ لہ فالشیطان شیخہ انتھی ابو علی دقاق قدس سرہ نے فرمایا کہ جو درخت خودرو ہوتا ہے بے ثمر ہوتا ہے اگر اسکو ثمر ہوا بھی تو بے لذت ہوتا ہے سنت الٰہی اسطرح جاری ہے کہ سبب کا ہونا ضروری ہے جسطرح اولاد کے ظاہری توالد وتناسل نہیں ہوتا تو الد معنوی بھی بغیر پیر ومرشد کے مشکل ہے اور رسالۂ مکیہ میں ہے کہ جسکو پیر نہیں اسکا پیر شیطان ہے مولانا رومیؒ نے فرمایا ہے کہ ہیچ چیزے خود بخود چیزے نشد ۞ ہیچ آہن خود بخود تیغے نشد ۞ مولوی ہر گز نشد مولائے روم ۞ تا غلام شمس تبریزی نشد ۞ اسی وجہ سے صوفیہ نے بیعت شیخ کو فرض کہا ہے پس جبکہ پیر ومرشد کی ضرورت ثابت ہوئی تو طالب حق کو لازم ہے کہ پیر ومرشد کامل کی تلاش کر کے ایمان حقیقی وتوحید تحقیقی کی نعمت ودولت عرفان الٰہی حاصل کرے پیر ومرشد کامل وہی ہے جسکے عقائد واعمال قرآن وحدیث وائمہ دین واکابر اولیاء اللہ کے طریقہ حقہ کے مطابق ہوں زن وفرزند واہل وعیال ومال وجاہ اگر ہو تو مجبوری [illegible]

تمام معجزات میں انبیا کے وارث ہوتے ہیں یعنی اولیاء سے بھی کرامات از قسم معجزات انبیا صادر ہوتے ہیں۔ دوسرا یہ کہ سلف و خلف کے کتب تفسیر قرآن پر مطلع ہو تاکہ قرآن و حدیث کے اسرار و ائمہ مجتہدین کے اختلافات اور تفسیر و تاویل کو اسکے شرائط کیساتھ پہچانے ازالت شبہات و اشتباہ میں غایت درجہ کے تبحر کو پہنچا ہوا ہو۔ متشابہ آیات و احادیث صفات میں سلف و خلف کے اقوال سے زیادہ واقف ہو اور کسنے ظاہر قول کو سند کیا ہے اور کسنے تاویل کی ہے اور کسکی دلیل دوسرے سے زیادہ راجح ہے جانتا ہو۔ اور علم اصول و اختلافات ائمہ متکلمین کی معرفت میں متبحر ہو چوتھا یہ کہ صوفیہ کے اصطلاحات کو پہچاننا سب سے زیادہ ضروری و اہم مہمات ہے کہ تجلی ذاتی و صوری سے صوفیہ کی کیا مراد ہے اور ذات و ذات الذوات کیا ہے اور حضرت اسما و صفات کی معرفت اور حضرات کے درمیان فرق اور احدیت و واحدیت میں فرق اور سیر ظہور و بطون و ازل و ابد و عالم غیب کون و شہادت و شئون کی معرفت اور ماہیت و ہویت و سکر و محبت کا علم اور سکر میں صادق کون ہے تاکہ اس سے مسامحت کیجائے اور کاذب کون ہے تاکہ اس سے مواخذہ کیا جاے وغیر ذلک امور کو پہچاننا ضروری ہے جو صوفیہ کی مراد کو نہ سمجھیگا تو انکے کلام کو کسطرح حل کریگا یا انکی مراد کے خلاف کسطرح انکار کریگا انتہی صوفیہ کے معارف حقائق و اسرار و لطائف و دقائق کا بغیر ارشاد و مرشد کے سمجھنا عوام تو کجا خواص علماے متبحرین کو بھی دشوار ہے ہر علم کیلئے استاد ضرور ہے علم ظاہر بلکہ علم خیاطت و حجامت بھی بغیر استاد کے نہیں آتا تو اسرار علم حقائق بغیر پیر و مرشد کامل کے کسطرح محض گفت و شنود یا مطالعہ کتب سے حاصل ہو سکیگا نفس الخطاب

ہر فن کا حاصل ہونا اس فن کے استاد کی صحبت پر موقوف ہے۔ اور پیر مرشد کے لئے ظہور کرامات و خرق عادات و ترک کسب شرط نہیں کیونکہ ظہور کرامات محنت و ریاضت کا ثمرہ ہے اور کسب و روزگار کو ترک کرنا شرع کے مخالف ہے بعض درویش مغلوب الحال کے ترک کسب سے دلیل مت لے منقول یہ ہے کہ تھوڑے پر قناعت اور شبہ کی کمائی و کسب سے پرہیز کرنا ضروری ہے

فائدہ مرشد کے لئے تفسیر مدارک جلالین و تفسیر وسیط وغیرہ احادیث و معرفت ناسخ و منسوخ و علم حدیث میں مشکوٰۃ المصابیح و مشارق و علم لغات و شان نزول وغیرہ کی شرط صحت و تعلیم احکام عقاید شرعیہ کے لئے ہے جیسے العقائد صوفی کے لئے علوم عربیہ کی تحصیل شرط نہیں ہے بلکہ اُن کی ریاضت و تقویٰ کی وجہ سے علوم کشفیہ اس قدر حاصل ہوتے ہیں کہ علما اُن صوفیوں سے مسائل دریافت کرتے ہیں جیسا کہ حضرت امام احمد بن حنبل ابو حمزہ بغدادی صوفی سے مسائل دریافت کرتے تھے اور کہتے تھے کہ ما تقول یا صوفی رسالہ قشیریہ۔ اور الکواکب الزاهرة صفحہ میں قال الشیخ کمال الدین الدمیری ورایت فی بعض المجامیع ان الامام الشافعی کان یجلس الی شیبان الراعی ویسأله عن مسائل فقیل له مثلك یسئل هذا البدوی فیقول لهم هذا وفق لما علمناه وکان شیبان رضی الله عنه امیا فاذا کان هذا امثل الامی منهم من العلماء فما الظن بائمتهم شیخ کمال الدین دمیری نے کہا کہ میں نے بعض مجامع میں امام شافعی کو شیبان راعی کے پاس بیٹھکر اس سے مسائل دریافت کرتے ہوئے دیکھا شافعی سے کسی نے کہا کہ آپ جیسے مجتہد امام اس بدوی سے مسائل دریافت کرتے ہو شافعی اُن کو جواب دیتے تھے کہ شیبان کو ہمارے علوم پر توفیق دی گئی ہے یعنے وہ واقف علوم ہے حالانکہ شیبان رضی اللہ عنہ امی تھے جبکہ صوفیوں کے امی کا یہ حال ہو تو ائمہ صوفیہ کا کیا حال ہوگا۔ شرط مریدی بیعت کرنے والے یعنے مرید کا بالغ عاقل اور عبادات میں راغب ہونا شرط ہے حدیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک لڑکا پیش کیا گیا تاکہ آپ سے بیعت کرے تو آنحضرت علیہ السلام نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور اس کے واسطے برکت کی دعا کی اور اس سے بیعت نہ لی بیعت کے لئے بالغ و عاقل ہونا اس لئے شرط ہے کہ نابالغ و مجنون خود ایمان کا مکلف نہیں تو تقویٰ و اجتہاد فی الطاعات کا معاہدہ اس سے کس طرح ممکن ہے ف نابالغ بچہ کا مرید ہونا بھی بعض مشائخ نے جائز رکھا ہے جیسا کہ مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ

پھر اسکے بعد مرید یہ کہے کہ بَایَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ بِوَاسِطَۃِ خُلَفَائِہٖ
وَقَبِلْتُ الطَّرِیْقَۃَ الْقَادِرِیَّۃَ (بیعت کی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بواسطہ خلفاء آپکے اور قبول کیا میں نے
طریقہ قادریہ کو) اگر طریقہ چشتیہ نظامیہ یا صابریہ یا نقشبندیہ یا جس طریقہ میں بیعت مقصود ہو اس طریقہ کا نام لیوے پھر پیر انہ
طریقت کے نام پر فاتحہ پڑھکر دودھ تھوڑا سا پیر و مرشد پینے کے بعد بطور تبرک مرید کو پلائے واضح ہو کہ اگر بجائے دودھ پر شربت
یا پانی بھی کافی ہے لیکن دودھ علم و عرفان کی مثالی صورت ہے جیسا کہ مشکوٰۃ شریف باب مناقب عمر فصل اول میں ابن عمر
رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ درمیان اسکے کہ
میں سو رہا تھا میرے پاس دودھ کا پیالہ لایا گیا تو میں اسقدر پیا کہ سیرابی میرے ناخنوں سے نکلتی تھی پھر میرا فضل (بچا ہوا) عمر بن
خطاب رضی اللہ عنہ کو دیا صحابہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ دودھ سے آپکی مراد کیا ہے آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا کہ دودھ سے
مراد علم ہے اسکو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے۔ پس جبکہ دودھ علم و عرفان کی مثالی صورت ہے اور آنحضرت علیہ السلام نے دودھ کا
پیالہ نوش فرما کر اپنا فضلہ بچا ہوا دودھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا ہے تو اسلئے مشائخ و پیران طریقت باتباع آنحضرت
دودھ کا پیالہ خود پی کر بچا ہوا دودھ مرید وجہ اللہ و طالب علم لدنی و عرفان الٰہی کو پلاتے ہیں جو عمدہ طریقہ ہے۔

باب دوم اذکار و اشغال پیران طریقت میں

فصل اول اذکار و اشغال طریقہ قادریہ میں

اول شغل طریقہ قادریہ میں۔ اسم ذات یعنی اللہ کا ذکر جہری ایک ضربی ہے اسطور پر کہ لفظ مبارک اللّٰہ کو سختی و درازی و بلندی سے
دل اور حلق سے دونوں قوت کیساتھ کہے پھر ٹھہر جاوے یہانتک کہ ذاکر کی سانس اپنے ٹھکانے پر آجائے پھر اسیطرح بار بار
ذکر کرے۔ دوم ذکر اسم ذات دو ضربی اسکا طریقہ یہ ہے کہ نماز کی نشست پر بیٹھے اور اسم ذات کو ایکبار اپنے زانو پر اور
دوسری بار دل میں ضرب کرے بغیر توقف کے قوت قلبی و سختی کے ساتھ بار بار ذکر کرے تاکہ دل پراگندہ دلی دفع ہو اور
جمعیت خاطر و حضور قلب ہو۔ سوم ذکر اسم ذات تین ضربی۔ اسکا طریقہ ہے کہ چار زانو بیٹھے ایک بار داہنے زانو میں دوسری
بار بائیں زانو میں تیسری بار دل میں ضرب کرے بیلئے کہ تیسری ضرب سخت تر و بلند تر ہو۔ **چہارم** ذکر اسم ذات چہار ضربی۔
اسکا طریقہ یہ ہے کہ چار زانو بیٹھے ایک بار داہنے زانو میں دوسری بار بائیں زانو میں تیسری بار دل میں چوتھی بار اپنے سامنے ضرب
کرے اور رعایت کہ چوتھی ضرب سخت تر و بلند تر ہو۔ **کلمۂ توحید** یعنی ذکر نفی و اثبات کا طریقہ یہ ہے کہ اول بطور نماز
رو بقبلہ بیٹھے اور اپنی آنکھیں بند کر لے اور لا کہے گویا اسکو اپنی ناف سے نکالتا ہے پھر اس لا کو کھینچے یہانتک کہ داہنے مونڈھے
تک پہنچے پھر اِلٰہ کہے گویا اسکو دماغ کی چوٹی سے نکالتا ہے پھر اِلَّا اللّٰہ کو دل پر شدت و قوت سے ضرب کرے۔ یاد رکھو کہ ذاکر
کے تین قسم ہیں۔ مبتدی۔ متوسط۔ منتہی۔ مبتدی جو ناقص ہے اسلئے کیوقت یہ تصور کرنا ضروری ہے کہ حق کے سوائے کوئی معبود و محبوب
نہیں غیر حق کی محبت میرے باطن سے نکالتا ہوں جب داہنے مونڈھے پر پہنچکر اِلٰہ کہے تو یہ تصور کرے کہ غیر حق کو پس پشت
ڈالدیا جب اِلَّا اللّٰہ کی دل پر ضرب کرے تو یہ تصور کرے کہ ایک اللہ ہی میرا معبود و محبوب ہے اسکو جیسا اپنے دل میں رکھا اسیطرح
متوسط ذاکر غیر حق سے مقصودیت کی نفی کرے اور اللہ کی مقصودیت کا تصور کرے اور منتہی غیر حق سے وجود کی نفی اور اِلَّا اللّٰہ سے فقط
اللہ ہی کے موجود ہونیکا تصور کرے۔ یہ سب ذکر خفی و جہری کا بیان تھا جسسے دل میں شوق کا ابھرنا۔ اور خدا کے نام سے
دلکو تسکین و اطمینان پیدا ہونا اور نفسانی خطرات و وساوس کا دور ہونا مقصود ہے اسکے بعد ذکر خفی الخ طریقہ قادریہ ہے
اسکا طریقہ یہ ہے کہ ذاکر اپنی دونوں آنکھیں اور دونوں لبوں کو بند کرکے دل کی زبان سے اللّٰہُ سَمِیْعٌ اللّٰہُ بَصِیْرٌ اللّٰہُ عَلِیْمٌ

مقتول کسی دنیوی غرض و مصلحت سے مرشد سابق کی بیعت [illegible] دوسرے مرشد سے مرید ہونا محض لہو و لعب و دنیوی قضائے حاجت ہے یہ دینی بیعت نہیں ہے پیری و مرشدی کے شرائط جن کا ذکر ہو چکا ہے پیر میں موجود نہوں تو بھی صرف شہرت کی بنا پر بلا تحقیق بھیڑ چال کی طرح اسمی و رسمی مرید ہونا لغو و باطل ہے اسی طرح دنیا حاصل کرنے شہرت و عزت پیدا کرنے کی غرض سے پیری و مرشدی کا پیشہ اختیار کرنا اور مریدوں کی تعلیم و تربیت نہ کرنا ایں ہمہ شکل بربستہ اکل ہے ایسے پیر و مرشد کو آخرت میں مرید کے بہ نسبت زیادہ عذاب ہوگا فی زماننا اسمی و رسمی باطل پیری و مریدی کی کثرت ہے حقیقی پیری و مریدی شاذ و نادر الوجود ہے جو کچھ اسلام میں پیری و مریدی کی فضیلت ہے وہ حقیقی پیری و مریدی کی ہے باطل پیری و مریدی بیشک ناجائز ہے

فصل بیعت لینے اور مرید کرنے کا طریقہ

وقت بیعت پیر و مرشد تعوذ و تسمیہ کے بعد خطبہ پڑھے۔ الحمد للہ نحمدہ و نستعینہ و نستغفرہ و نؤمن به ونتوكل عليه ونعوذ بالله من شرور انفسنا ومن سيئات اعمالنا من يهده الله فلا مضل له ومن يضلله فلا هادى له واشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمدا عبده ورسوله صلى الله عليه وعلى اله واصحابه وسلم اما بعد فقد قال الله تعالى يا ايها الذين امنوا اتقوا الله وابتغوا اليه الوسيلة وجاهدوا فى سبيله لعلكم تفلحون وقال يا ايها الذين امنوا اتقوا الله حق تقاته ولا تموتن الا وانتم مسلمون وقال الله تعالى فى شان حبيبه صلى الله عليه وسلم ان الذين يبايعونك انما يبايعون الله يد الله فوق ايديهم فمن نكث فانما ينكث على نفسه ومن اوفى بما عاهد عليه الله فسيؤتيه اجرا عظيما اس کے بعد مرید کے ہاتھ پر ہاتھ بطور مصافحہ رکھے اور کہے کہ کہو اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمدا عبده ورسوله امنت بالله كما هو باسمائه وصفاته وقبلت جميع احكامه امنت بالله وملئكته وكتبه ورسله واليوم الاخر والقدر خيره وشره من الله تعالى والبعث بعد الموت والسوال فى القبر والحشر ونعيم الجنة وعذاب النار ووزن الاعمال والمرور على الصراط وشفاعة نبينا محمد صلى الله عليه وآله وسلم ورؤية الله تعالى فى الجنة وكل ما جاء به نبينا صلى الله عليه وسلم وجميع الانبياء والمرسلين امنا به وصدقنا

وغیرت حقیقی اصطلاح ذات و صفات اسمائے الٰہیہ و اسمائے کیانیہ و مسئلہ قرب و معیت وصل و فصل و وصل بلا فصل وصل مع الفصل وحدت الوجود واحاطہ ذاتی و علمی سے واقف ہو۔ تنزلات و تجلیات و جملہ عقائد و حقائق و دقائق و معارف و اسرار و اشارات و لطائف و اصطلاحات صوفیہ کو اچھی طرح سمجھا ہوا ہو شرک و کفر و الحاد و حلول و اتحاد سے اسکی تقلید و تفہیم پاک ہو صوفیہ کے مسائل و ارشادات کو شریعت کے موافق سمجھا سکے۔ پاک نفس و پاکیزہ عمل ہو۔ کرامات و خوارق عادات و تصرفات اس سے صادر ہونا ضروری نہیں کیونکہ الاستقامۃ فوق الکرامۃ کرامت سے استقامت فائق ہے بہت سے اولیا ایسے ہوئے ہیں کہ جن سے ایک کرامت و خرق عادت بھی صادر نہوئی۔ سب سے زیادہ کشف و کرامت استقامت ہے پس ایسے پیر کامل سے قال صحیح و ارشاد حقیقی حاصل کر کے موافق ارشاد عامل رہے تو فضل مولیٰ اسکے حال پر شامل اور عرفان معنوی بدرجہ کامل حاصل ہوگا۔ جو سرمایۂ سعادت سرمدی و موجب نجات و رفع درجات ابدی ہے۔ خدائے پاک سب برادران مسلمین کو اس کیمیائے سعادت ابدی و اکسیر ہدایت صوری و معنوی سے سرفراز فرمائے۔ آمین یا رب العلمین —

کتبہ الفقیر الی اللہ الغنی خادم آل الرسول المدنی ابو الخیر و ابو الفضل محمد [illegible] حسینی القادری النظامی المشہور بہ خواجہ پیر حسینی الکرنولی

شغل مشکلات کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز تہجد داہنی طرف **یَا حَیُّ** ۔ اور بائیں طرف **یَا وَھَّابُ** کی ضرب لگائیں ۔ دفع بلیات کیلئے **اَللّٰہُ** کی ضرب دلمیں لگائے اور **لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ** ۔ کی ضرب نفی واثبات میں جیسی مذکور ہوئی ویسی لگائیں اور **یَا حَیُّ** کی ضرب داہنی طرف اور **یَا قَیُّوْمُ** کی ضرب بائیں طرف لگائیں اور بلیات کی نفی وسلامت وعافیت کے اثبات کا تصور کرے شفائی مریض و دفع گرسنگی و کشائش رزق، مطلوبی دشمن کیلئے سوا فق مطلب مثلاً شفا کے مرض کیلئے **یَا شَافِیْ** بھوک دفع کرنے کیلئے **یَا صَمَدُ** کشائش رزق کے لئے **یَا رَزَّاقُ یَا بَاسِطَ الرِّزْقِ** اور دفع دشمن کیلئے **یَا قَاھِرُ** و **یَا مُذِلُّ** وغیرہ اسمائے حسنیٰ کو دو ضربی اثباتی چار ضربی کیساتھ ذکر کرے۔

فصل دوم اشغال چشتیہ میں

ذکر نفی واثبات **لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ** و ذکر پاس انفاس و مراقبہ چشتیہ مثل طریقہ قادریہ ہے و ذکر پاس انفاس بھی مثل قادریہ کرے اور شغل سہ پایہ بھی وغیرہ چشتیہ بھی مثل وردہ قادریہ کے ہے جو حبس دم کیساتھ **اللّٰہُ سَمِیْعٌ** وغیرہ کا عروج و نزول مشہور ہے **شغل انحد و شغل سرمد** ہے جسکی مداومت سے مشائخ متاخرین کو فائدہ عظیم حاصل ہوا۔ اسکا طریقہ یہ ہے کہ ہر دو کان میں انگلیاں رکھکر حضور قلب کے ساتھ خیال و حواس کو جمع رکھ کر خیال کرے کہ دماغ میں پانی گرنے کی جیسی آواز خود بخود آتی ہے ۔ اس آواز کو توجہ سے سنے ایک لحظہ بھی غافل نہ رہے۔ اسقدر مشق کرے کہ کانوں کو بند کئے بغیر بھی آواز سنائی دیتی رہے آس پاس جو شور وغل ہو یا نقارے و ڈھول کی آواز بھی اس آواز پر غالب نہ آنے پائے۔ اسی آواز سے مفہوم سمیع ہونے لگے۔ اسی صورت ... کیساتھ مستغرق ہو کہ اپنے وجود موہوم کو فنا کرے بزرگوں نے لکھا کہ پھر وہ آواز ہے کہ ہمیشہ ایک ہی طریقہ پر جاری ہے عالم پیدا ہونے سے پہلے بھی ایسی ہی تھی اور ابدالآباد تک ایسی ہی رہے گی۔ بجز اہل دل اس سے کوئی واقف نہیں۔ دوسرے اشغال سے یہ شغل بہتر ہے کیونکہ بغیر ارادہ شاغل کے بھی منقطع نہیں ہوتا آخر الامر اس سے سلطان الاذکار جاری ہو جاتا ہے ۔ **شغل بست و یک ضربی** ۔ انسان کے ہاتھ کی دس انگلیاں اور پاؤں کی دس انگلیاں ہیں۔ ان بیس کو اور ایک جیب زبان کو ایسا تصور کرے کہ اسم ذات (اللہ) کے ذکر میں مشغول و ذاکر ہیں اس تصور کو مضبوط کرے اس خیال میں محو ہو جائے اس شغل سے تن بدن میں حرارت پیدا ہوتی ہے ذوق و شوق محبت الٰہی کا ظہور ہوتا ہے۔ **مراقبہ اسم ذات** ۔ طالب صادق خلوت میں یہ تصور کرے کہ میرے دل میں سونے کے پانی سے اسم ذات (اللہ) لکھا ہوا ہے میں اسکو دیکھ کر پڑھتا ہوں اور میرا دل بھی اللہ اللہ کرتا ہے میں اللہ کے سامنے حاضر ہوں اس تصور میں ایسا مستغرق ہو کہ بیخودی پیدا ہو جائے مراقبہ وحدت الوجود یہ ہے اور شغل مطلق سکو کہتے ہیں کہ اس صورت میں حق جلوہ گر ہے یہ عالم بود و نبود وہمی و اعتباری ہے بجز ایک ہستی حقیقی کے دوسرا کوئی نہیں۔ چلتے پھرتے، کھڑے، بیٹھے، لیٹے با وضو یا بے وضو ہمیشہ شغل مطلق میں مشغول و مصروف رہے خود کی نفی خدا کے اثبات سے تا فنی فی اللہ و باقی باللہ ہو جائے **صلاۃ کن فیکون** مشائخ چشتیہ نے فرمایا ہے کہ جسکو سخت حاجت ضرورت پیش آوے تو چہارشنبہ و پنجشنبہ اور جمعہ کی راتوں میں دو رکعت نماز نفل پڑھے پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ ایک بار اور سورہ اخلاص سو بار پڑھے اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ سو بار اور سورہ اخلاص ایک بار پڑھے اور بعد نماز کے ای آسمان کشادہ و ستوار پیدا کرنے روشن کنندہ تاریکیہا سو بار کہے اور استغفار سو بار کہے اور سو بار درود پڑھے اور حضور قلب سے اللہ تعالیٰ کے پاس حاجت طلب کرے تیسری رات میں بھی اسیطرح عمل کرکے برہنہ سر ہو کر آستین گلے میں ڈالے اور آہ و زاری کیساتھ اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے اسیطرح پچاس بار دعا کرے تو بالفور اسکی دعا قبول ہوگی۔ **وَاللّٰہُ اَعْلَمُ** مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے القول الجمیل میں مشائخ چشتیہ کے استعمال میں آنے والے شغل حاصل کرنے اور کشف قبور کا حال بیان کیا ہے کہ قبرستان میں داخل ہو تو سورۃ **اِنَّا فَتَحْنَا** دو رکعت میں پڑھے پھر میت کیطرف متوجہ ہو کر قبلہ کیطرف پشت کرکے بیٹھے اور سورۃ تبارک

کہ گویا اسکو اپنی ناف سے نکالتا ہے اپنے سینہ تک اور اپنے سینے سے اپنے دماغ تک اور اپنے دماغ سے عرش تک نکالتا ہے
پھر یوں کہے اللہ علیم اللہ بصیر اللہ سمیع اترتا ہوا انھیں مذکور منزلوں پر جیسا پہلے اوپر چڑھاتا تھا درجہ بدرجہ
یعنی جب وہ اللہ سمیع کہے تو تصور کرے کہ میں ناف سے سینہ تک چڑھا ہوں پھر جب اللہ بصیر کہے تو تصور کرے کہ اب
میں سینے سے دماغ تک پہنچا پھر جب اللہ علیم کہے تو تصور کرے کہ میں اب دماغ سے عرش تک پہنچا پھر اسی تصور سے نزول
کرے یعنی اللہ علیم کہے تو تصور کرے کہ عرش سے دماغ پر اترا اللہ بصیر کہنے کے وقت تصور کرے کہ دماغ سے سینہ پر
اتر آیا ہوں پھر اللہ سمیع کہے تو تصور کرے کہ سینہ سے ناف پر اتر آیا ہوں یہ عروج و نزول ہر دو ملکر ایک دورہ ہوا اسی طرح
ہر بار کرتا رہے بعض مشائخ قادریہ نے اللہ بصیر کے بعد اللہ قدیر زیادہ کیا ہے اگر کسی کو یہ زیادتی مقصود ہو تو تیسری بار آسمان
پر پہنچے چوتھی بار عرش پر پہنچنے کا تصور کرے۔ طریقہ ذکر پاس انفاس یہ ہے کہ ذاکر اپنے دم اور سانس کی حفاظت
و نگہداشت کرے کہ جب دم باہر نکلے تو خود بخود بدون اپنے ارادہ و قصد کے تو اسکے باہر ہونیکے ساتھ ہی دل کی زبان سے لا الٰہ کہے
اور یہ تصور کرے کہ غیر اللہ کو دل سے باہر کر دیا پھر جب دم و سانس اندر جاوے خود بخود تو اسکے ساتھ ہی دل کی زبان سے الا اللہ کہے
اور یہ تصور کرے کہ اللہ کی یاد کو دل میں داخل کر دیا غیریت کے خطرے دور ہونے دفع کرنے میں یہ پاس انفاس کا بڑا اثر ہے ۔ اگر تو
پاس داری پاس انفاس * بسلطانی رسانندت ازیں پاس * تا بجاروب لا نروبی راہ * نرسی در مقام الا اللہ * در
ذات مقدست کسے را رہ نیست * وازیں جمال ہیچکس آگاہ نیست * ہر ذرہ بر آں کہ راہش طلبد * جز گفتن لا الٰہ الا اللہ
نیست * پھر جب ذکر خفی کا اثر یعنی شوق و محبت الٰہی پیدا ہوا اور بعد اسکے ذکر و طاعت میں لذت و حلاوت حاصل ہو تو مراقبہ کی تعلیم
کرے پیران طریقت کے پاس مراقبہ کے بہت اقسام ہیں سب کا جامع طریقہ یہ ہے کہ ایک آیت قرآنی یا کوئی کلمہ زبان سے کہکر اسکے
مفہوم و معنی میں اسطرح غرق ہو جائے کہ اسکے سوائے کسی چیز پر خیال نہ رہے اسکو مراقبہ کہتے ہیں اسکی اصل وہ حدیث ہے جو آنحضرت نے
فرمایا الاحسان ان تعبد اللہ کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ یراک۔ مراقبہ حضور و معیت حق تعالیٰ
یہ ہے کہ اللہ حاضری (اللہ میرے پاس ہے) اللہ ناظری (اللہ مجھے دیکھتا ہے) اللہ معی (اللہ میرے ساتھ ہے)
ان تین کلموں کو زبان سے کہے یا بغیر تلفظ کے دل میں معنی کا خیال کرے اور اللہ کے حاضر و ناظر اور ہر جگہ اور ہر وقت اللہ کو اپنے
ساتھ ساتھ رہنے کا ایسا تصور کرے کہ اسی میں ڈوب جاوے۔ مراقبہ معیت: وھو معکم اینما کنتم کا تصور
کرے کہ جہاں کہیں تم ہو تمہارے ساتھ خدا ہے کھڑے بیٹھے لیٹے تنہائی میں یا مجمع عام میں مشغولی کاروبار میں معیت
حق کے دھیان میں ڈوب جائے۔ اقسام مراقبہ قرآنیہ۔ اینما تولوا فثم وجہ اللہ یا الم یعلم بان اللہ یری ۔ یا
نحن اقرب الیہ من حبل الورید - یا واللہ بکل شیء محیط - یا ان معی ربی سیھدین - یا ھو
الاول والآخر والظاھر والباطن۔ ان آیتوں کے معانی کے تصور میں غرق ہو جائے یہ مراقبات خدا سے دلی
جلد پنجم مطبوعہ مصر صفحہ ۴۸۹ میں فرمایا ہے ۔ ہذا القول یدل علی ان اولئک القوم کانوا عارفین باللہ

لعن اللہ الیہود والنصاریٰ اتخذوا قبور انبیاءھم مساجد) کا زیادہ سے زیادہ اگر مطلب ہے تو یہی مطلب ہے کہ نفس قبر کو سجدہ کرنا ممنوع ہے۔ قبروں کے قرب وجوار میں مسجد بنانا ممنوع نہیں ثابت ہو سکتا تو پھر قبروں پر قبہ وگنبد وسقف وسایہ دار عمارت چوکھنڈی وحجرہ بنانیکی حرمت وممانعت حدیث مذکورہ سے ہرگز ثابت نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ حدیث مذکورہ میں قبہ وگنبد وحجرہ بناء علی القبور کا کہیں مطلقاً ذکر ہی نہیں۔ تو پھر حرمت وممانعت کے اثبات کا دعویٰ بے دلیل ہے قبر پر قبہ وگنبد وحجرہ بنانیکی حرمت پھر آئیے اور حدیث فرما سے پیش کیجاتی ہے (عن جابر قال نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یجصص القبور وان یبنی علیہ وان یقعد علیہ رواہ مسلم) جابر سے مروی ہے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر کو گچ سے پختہ کرنے اور اوپر تعمیر کرنے اور قبر پر بیٹھنے سے منع فرمایا ہے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ اس حدیث سے تین امر کی نہی مفہوم ہوتی ہے۔ (۱) قبر کو گچ سے پختہ ومضبوط کرنا۔ (۲) نفس قبر پر تعمیر کرنی۔ (۳) نفس قبر پر بیٹھنا۔ اولاً یہ عرض ہے کہ لفظ نہی سے حرمت ہی مخصوص ومقصود نہیں ہو سکتی بلکہ بعض خلاف اولیٰ وخلاف افضل کاموں کو بھی لفظ نہی سے روکا گیا ہے۔ جیسا کہ نہی عن تشیید البناء) مکانات وعمارات کو مضبوط ومحکم کرنے سے منع فرمایا ہے اسیطرح ہر روز کنگھی کرنے سے بھی منع فرمایا ہے کیا یہ اور حرام ناجائز ہو جائینگے۔ ہرگز نہیں بلکہ تنزیہی وخلاف اولیٰ ومکروہ عادی ہیں کہ آنحضرت علیہ السلام نے اپنی سیرت وعادات کے اعتبار سے استحکام دنیا کو اچھا نہ سمجھا۔ اور زینت ولذات دنیوی میں انہماک ہونے سے روکا۔ اور جسطرح زندوں کے مکانات وعمارات کو مستحکم ومضبوط بنانے سے منع فرمایا ہے اسیطرح مردوں کے مکانات وحجرات یعنی قبروں کو پختہ بنانے سے بھی بطور خلاف اولیٰ منع فرمایا نہ یہ کہ حرام قطعی فرمایا۔ ورنہ جسطرح پختہ قبروں کو توڑ دینا واجب ہوا ہے۔ اسیطرح سے مضبوط مکانات وعمارات ومساجد کو بھی توڑ کر پھینک دینا چاہئے۔ کیونکہ نہی ان یجصص القبر سے قبر کو پختہ بنانا ممنوع بتلایا جاتا ہے۔ اسیطرح نہی عن تشیید البناء سے مکانات وعمارات کو پختہ بنانا ممنوع ہے۔ پھر کیا وجہ ہے کہ قبروں کو توڑنیکی وحشت وبربریت وخبط وجنون پیدا ہوا۔ اور پختہ عمارات ومکانات کو توڑنے سے باز رہے۔

اگر کوئی ابو الہیاج اسدی کی روایت (عن ابی الہیاج الاسدی قال قال لی علی الا ابعثک علی ما بعثنی علیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لا تدع تمثالا الا طمستہ ولا قبرا مشرفا الا سویتہ۔ ابو الہیاج اسدی نے کہا کہ مجھ کو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں تجھکو ایسے کام پر روانہ کروں جس کام پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو روانہ فرمایا تھا۔ وہ یہ کہ کسی تصویر کو بغیر مٹائے نہ چھوڑے اور کسی بلند قبر کو نہ چھوڑے مگر اسکو برابر کردے۔) کو سند وحجت گردان کر پیش کرے کہ اس حدیث میں بلند قبر کو برابر کر دینے یعنی توڑنیکا حکم ثابت ہے۔ اسلئے پختہ قبروں کو توڑنا واجب ہے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں اس امر کی صراحت نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کن قبروں کو برابر کرنے کا حکم فرمایا تھا۔ اور کس چیز کے برابر کرنیکا حکم کیا تھا۔ اور برابر کرنیکی علت کیا تھی۔ عبادت وپرستش تھی۔ یا اور کیا وجہ تھی۔ جبکہ اس حدیث میں کسی امر کی تصریح وتعیین ہی نہیں ہے۔ اور بہت ساری صحیح حدیثوں کے خلاف بھی ہو تو یہ حدیث قابل حجت وسند نہیں ہے۔ محتمل ہے کہ کفار یہود ونصاریٰ کی قبروں کو برابر کرنیکا حکم ہوا ہو اسلئے کہ اسوقت کفار کے قبور ہی زیادہ تھے۔ علاوہ ازیں جب کسی مسلمان کی

قبر پر قبہ بنایا رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ (مات الحکم بن ابی العاص فی خلافۃ عثمانؓ فضرب علی قبرہ فسطاط فی یوم صائف۔ فتکلم الناس فی ذالک فقال عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ قد ضرب فی عہد عمر علی زینب بنت جحش فسطاط فھل رأیتم عائبا عاب ذالک (اصابہ) حضرت عثمانؓ کی خلافت میں حکم بن عاص فوت ہوئے انکی قبر پر قبہ بنایا گیا۔ گرمی کے موسم میں۔ لوگوں نے اسمیں کلام کیا تو حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ عمرؓ کے زمانہ میں زینب بنت جحش کی قبر پر قبہ بنایا گیا تو کیا تم نے کسی کو اس فعل پر عیب چینی کرتے دیکھا۔ پس قبہ بنانے اور قبر پر شامیانہ کھڑا کرنے کے جواز و استحسان میں کسی مسلمان منصف کو انکار کی مجال نہیں ہے اور نہ قبر کے قرب وجوار خالی جگہ میں مسجد بنانے کی ممانعت ہے۔ آیت قرآنی (لنتخذن علیہم مسجدا) سے اسکا جواز و استحسان ثابت ہوا۔ اسکے علاوہ مکہ معظمہ و مدینہ منورہ کے راستہ میں متعدد ایسے مسجدوں کا موجود ہونا ثابت ہے کہ جن کے پاس قبریں موجود ہیں۔ بخاری صفحہ ۔۔ میں ہے عند المسجد قبران او ثلثۃ مسجد کے پاس دو یا تین قبریں اور علی القبور رضم من حجارۃ۔ قبروں پر بڑے پتھروں کا ڈھیر تھا۔ بخاری صفحہ ۔۔ جبکہ خیر القرون ہی میں قبروں کے پاس مسجدیں بنائی گئی تھیں تو پھر اسکے جائز ہونے میں کیا کلام ہے اور جبکہ قبور صالحین کے قرب وجوار میں بنا و بیادگار مسجد بنا کر اسمیں نماز پڑھنا۔ اور ان قبور صالحین سے برکت و تبرک حاصل کرنا شرعاً جائز ہے ہرگز ممنوع نہیں ہے تو قبور صالحین کا آثار متبرکہ و یادگار قدیمہ ہونا بدرجہ اولیٰ ثابت ہوا کیونکہ جب ان قبور صالحین سے برکت حاصل کرنے کی غرض سے مسجد بنوائی جاتی ہے تو مقامات متبرکہ وہی قبور صالحین ہیں۔ پھر انکے ارد گرد کی عمارتیں و مسجدیں ان کی آثار ہی جاوینگی۔ علاوہ ازیں جبکہ غیر متبرک عمارتیں مکانات و قلعے و مسجدیں اور منارات آثار قدیمہ اور یادگار دیرینہ سمجھے جاویں تو وہ قبور و مزارات جنمیں انبیاء و اولیاء و صلحاء (جیسے بحکم صدور الابرار قبور الاسرار۔ اسرار الٰہی کے قبور ہیں) آسودہ و آرام فرما ہیں بیشک و بے شبہ قطعاً و یقیناً مذہبی آثار متبرکہ و یادگار قدیمہ ہیں جو فیض رسان عالم ہیں جنکی تعظیم زندوں پر اسیطرح واجب ہے جیسی ان کی دنیوی زندگی میں تعظیم کیجاتی تھی دیکھو حضرت عائشہ صدیقہؓ کے حجرہ مسقف چار دیواری میں خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم آرام فرما ہیں۔ ——

افضی العبد اولٰہ فی الذی سالنہ و فیما العفاف و فیہ اجود الکرم۔ اگر نبی ان جنبی علیہ کا یہ مقصود ہوتا کہ قبر پر کسیطرح کی بھی تعمیر حرام و ممنوع ہے تو پھر ہمارے سرکار فداہ روحی والی و امی صلی اللہ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم کو تمام صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے باجماع و اتفاق سایہ دار چھت والی حجرہ میں کیسلئے دفن کیا اگر یہ جواب دیا جائے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت تھی کہ جہاں آپکا وصال ہوا اسی جگہ دفن ضروری تھا پس ہم بھی یہ جواب عرض کرینگے کہ اللہ پاک کو بھی یہی پسند و مرغوب تھا کہ سایہ دار چھت والے حجرہ میں اپنے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا مرقد و آرامگاہ بنائے اسی لئے اس حجرہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا میں قبض روح شریف ہوا اگر سایہ دار عمارت حجرہ میں تدفین ناجائز و ممنوع ہوتی تو ایسے ناجائز مقام میں قبض روح نہ ہوتا۔ نہ وہ حجرہ مرقد و آرامگاہ بنایا جاتا۔ اگر انبیاء کی خصوصیت ہوتی کہ سایہ دار حجرہ و عمارت میں غیر نبی کی تدفین ممنوع ہوتی تو حضرت ابوبکر و عمر

حکم ہوا تھا کہ مسلمانوں کی قبر نہ کھودو۔ خود آنحضرت علیہ السلام کا عثمان بن مظعون کی قبر پر پتھر لا کر رکھنا اور اعلم بہا
قبر اخی فرمانا۔ اس بات کی بیّن دلیل ہے کہ مسلمانوں کی قبریں باقی رکھی جائیں۔ اور مسلمانوں کی قبروں کو
کھودنا اور توڑنا حرام ہے (عن ابی مرثد الغنوی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تجلسوا علی القبر۔)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قبروں پر مت بیٹھو۔ اس حدیث پر عمل اسوقت تک ممکن نہیں جبتک کہ
قبر زمین سے بلند بنی ہوئی نمایاں طور پر ظاہر نہ ہو۔ ان تمام احادیث صحیحہ سے زمین پر قبر کا نمایاں طور پر بلند و معلوم
و ممتاز و معروف ہونا ثابت ہوتا ہے۔ ان حدیثوں کے خلاف میں ابو الہیاج کی روایت ہرگز قابلِ اعتبار نہیں
الا سویتہ سے یہود و مشرکین کی قبروں کو برابر کرنا مراد ہے اور مسلمانوں کی قبروں کو توڑنا اور کھودنا حرام
ہے:۔ پس حدیثِ جابر میں نہی ان یجصص القبر سے قبر کو پختہ بنانیکی حرمت و ممانعت بھی منسوخ ہے یہ استحکام
قبور کی ممانعت اسوقت تھی جبکہ قبروں کی زیارت سے منع کیا گیا تھا۔ پھر ممانعت زیارت قبور منسوخ ہو کر زیارت
قبور کی اجازت دیگئی تو استحکام قبور کی اجازت بھی دیگئی:۔ حدیث جابر میں نہی ان یبنی علیہ و ان یقعد
علیہ جو وارد ہے اسکا مطلب یہ ہے کہ آنحضرت علیہ السلام نفس قبر پر یہود و نصاریٰ کیطرح مثل لاٹ عمارت
بنانیکو منع فرمایا۔ اور نفس قبر پر بیٹھنے کو منع فرمایا۔ نفس قبر مراد لینے کی اسلئے ضرورت ہے کہ علیہ میں علی کا
حقیقی معنی علو و فوق و اوپر ہے۔ اور علی کا مجازی معنی عند ہے۔ یہاں ہر دو علیہ میں حقیقی معنی بن سکتا
ہے اسطرح پر کہ یہود و نصاریٰ کی قبروں کے مانند بلند عمارت جسکو لاٹ کہتے ہیں نفس قبر پر بنانا ممنوع ہے
اسیطرح نفس قبر پر بیٹھنا بھی ممنوع ہے۔ اگر علی کا مجازی معنی عند مراد ہو تو یہ مطلب ہوگا کہ قبر کے
نزدیک اطراف و بازو عمارت بنانی ممنوع ہے۔ اور قبر کے نزدیک اطراف و بازو بیٹھنا بھی ممنوع ہے
حالانکہ قبر کے نزدیک بیٹھنے کی ہرگز ممانعت نہیں ہے بلکہ نفس قبر پر بیٹھنا ممنوع ہے۔ اسیطرح نفس قبر پر عمارت
بنانی بھی ممنوع ہے:۔ یہ قاعدہ ہے کہ جبتک حقیقی معنی بن سکے مجازی معنی مراد لینا جائز نہیں۔ اور جمع بین
الحقیقۃ والمجاز بھی جائز نہیں محال ہے۔ اور یہ بھی جائز نہیں کہ پہلے جملہ ان یبنی علیہ میں علی کا مجازی
معنی عند مراد ہو اور دوسرے جملہ وان یقعد علیہ میں علی کا حقیقی معنے علو و فوق مراد ہو۔ اسلئے کہ جملہ
اولیٰ معطوف علیہ اور جملہ ثانیہ معطوف ہے معطوف علیہ میں مجازی معنے عند اور معطوف میں حقیقی معنے
علو نفس قبر مراد سے معطوف علیہ اور معطوف میں حقیقت اور مجاز کا اجتماع اور اختلاف و تغیر معنی لازم آئیگا
حاصل یہ کہ نفس قبر پر بنا و تعمیر اور نفس قبر پر بیٹھنا ممنوع ہے۔ اور قبر کے ارد گرد اطراف میں عمارت و چوکھنڈی
و حجرہ و قبہ و گنبد بنانیکی حرمت پر نہ آیت قرآنی دلالت کرتی ہے نہ کوئی حدیث۔ من ادعی فعلیہ البیان۔
قبر پر قبہ بنانیکا ثبوت:۔ جب قبر پر قبہ بنانیکی حرمت نہ قرآن سے ثابت ہے نہ حدیث سے اور
بقاعدہ اصول در اصل ہر شئے مباح ہے۔ اور خود صحابہ کرام نے قبہ بنایا ہے جیسا کہ (ضرب عمر رضی اللہ
تعالیٰ عنہ علی قبر زینب بنت جحش۔) زینب بنت جحش کی قبر پر حضرت عمرؓ نے قبہ بنایا۔ (ضرب
محمد بن الحنفیۃ علی قبر ابن عباسؓ) حضرت علیؓ کے فرزند محمد بن حنفیہؓ نے ابن عباسؓ کی قبر پر قبہ
بنایا۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین)۔ (ضربت عائشۃ علی قبر اخیہا۔) حضرت عائشہؓ نے اپنے بھائی کی

انکی زیارت کریں اور اوسمیں بیٹھکر راحت پاویں۔ ابو حنیفہؒ و شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ و علامہ عبد الغنی
نابلسی دمشقیؒ و ملا حقی آفندی حنفی صاحب تفسیر روح البیان علامہ حصکفی کا یہی مسلک ہے۔ اور جامع الفتاوےٰ
سے احکام میں منقول ہے اور کہا گیا ہے کہ قبر پر قبہ و گنبد تعمیر کرنا مکروہ نہیں۔ جبکہ صاحب قبر مشائخ و
علماء و سادات سے ہو۔ فی الاحکام عن جامع الفتاوے وقیل لا یکرہ البناء اذا کان المیت من المشائخ
والعلماء والسادات۔ بعض فقہا کی عبارتوں میں قبروں پر بناء و تعمیر کی بظاہر کراہت معلوم ہوتی ہے
اس مکروہ بناء سے وہی مراد ہے جو نفس قبر پر یہود و نصاریٰ کی قبروں کی طرح لاٹ و سفط و تابوت
بنایا جائے جیسا کہ خزانۃ الفتاوے میں ہے۔ لا یرفع علیہ البناء قالوا اراد بہ السفط الذی فی دیارنا
علی القبور۔ (قبر پر بناء و تعمیر بلند نہ کیجائے۔ فقہا نے کہا کہ اس سے سفط مراد ہے جو ہمارے ملک میں
قبروں پر بلند اٹھایا جاتا ہے۔) اور کرہ ابو حنیفۃ البناء علی القبر و ان یعلم بعلامۃ قالوا اراد بالبناء السفط
الذی علی القبر فی دیارنا۔ (مفید المستفیدین عن المحیط) ویستعار للتابوت الصغیر (المغرب فی تفسیر لفظ
السفط) ابو حنیفہؒ نے قبر پر بناء تعمیر کو مکروہ سمجھا ہے۔ اور علامت کو فقہا نے کہا ہے کہ جس بناء کو مکروہ سمجھا ہے
اس بناء سے سفط مراد ہے جو ہمارے ملک میں قبروں پر ہوتا ہے سفط چھوٹے تابوت کیلئے مستعار لفظ مستعمل
ہے جیسا کہ لفظ سفط کی تفسیر مغرب میں مرقوم ہے۔ پس فقہا کی عبارتوں میں قبر پر تعمیر و بناء مکروہ جو
کہا گیا ہے اس سے قبر پر سفط یعنی تابوت صغیر و نفس قبر پر لاٹ بنانا مکروہ مراد ہے۔ لیکن قبر کے ارد گرد
سے چار دیواری بنا کر قبر پر سایہ وار عمارت و قبہ و گنبد بنانا مکروہ نہیں ہے۔ چاروں مذاہب کے علماء
کے پاس قبر پر گنبد و قبہ بنانا جائز و مستحسن ہے کسی کتاب فقہ میں قبر پر قبہ و گنبد بنانیکی حرمت یا مکروہ
تحریمی ہونا مصرح نہیں ہے صرف فضول و بیفائدہ مال اسراف و ضائع کرنیکی ممانعت ہے زائرین و قاریان
قرآن اسمیں بیٹھکر سردی و گرمی و بارش سے محفوظ رہنے و نزاہت و آرام پانیکے فائدہ کے لئے بنانا مستحسن
ہے۔ اگر کوئی اعتراض کرے کہ درمختار میں وقیل لا باس بہ و ہو المختار کہا ہے قیل سے قول ضعیف
کیطرف اشارہ ہے اسکا جواب یہ ہے کہ لفظ قیل سے ہر جگہ قول ضعیف کیطرف اشارہ سمجھنا غلط ہے۔
جبتک یہ معلوم نہ ہو کہ قیل کہنے والے نے ہر قول ضعیف بیان کرنیکے وقت لفظ قیل کہنے کا التزام کیا ہے
جیسا کہ ملتقی الابحر کے مؤلف کی عادت معلوم ہے عمدۃ الرعایہ میں ہے۔ فائدہ کثیرا ما یذکرون حکما
مصدرا بلفظ قیل ویکتب الشراح والمحشون تحتہ انہ اشارۃ الی ضعفہ۔ والحق انہ ان علم ان قائلہ
انہ التزم ان یذکر الحکم المرجوح بہذہ الصفۃ ویشیر بہا الی ضعفہ فعنی یحتج کما نعلم من عادۃ مؤلف
ملتقی الابحر۔ پھر اسکے بعد عمدۃ الرعایہ میں مرقوم ہے والا فلا یجزم بذالک ومن ثم قال الشرنبلالی
فی رسالتہ المسائل البہیۃ الزاکیۃ علی الاثنی عشریۃ صیغۃ قیل لیس کل ما دخلت علیہ یکون ضعیفا۔
ورنہ یعنی جبتک قیل کہنے والیکے حکم ضعیف کو قیل سے کہنے کے التزام کرنیکا حال معلوم نہ ہو ہرگز لفظ قیل
سے ضعیف قول کا یقین نہیں کیا جا سکتا یہی وجہ ہے کہ شرنبلالی نے اپنے رسالہ المسائل البہیۃ الزاکیۃ
علی الاثنی عشریہ میں کہا ہے کہ ہر وہ حکم جسپر لفظ قیل داخل ہو ضعیف نہیں ہوا کرتا۔ پس قیل

رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو تمام صحابہؓ نے باتفاق اسی حجرہ عائشہ میں کیلئے دفن کیا اس سے ثابت ہوا کہ سایہ دار عمارت میں کسی شخص کی تدفین بھی حرام و ممنوع نہیں ہے اور تعمیر پر بناء و تقمیر ناجائز و ممنوع ہونیکا وہی مطلب ہے جو مذکور ہوا یعنی نفس قبر کو نصاریٰ کی قبروں کیطرح بلند مثل لاٹ نہ بنائیں اور قبر کو گچ سے پختہ و مستحکم بنانیکی ممانعت سے بھی یہی مراد ہے کہ نصاریٰ کی قبروں کیطرح لاٹ کے مانند بلند چونہ و گچ سے قبر کو پختہ نہ بنائیں ورنہ قبر کو مسنم کوہان شتر کیطرح بنانا زمین سے قبر کا بلند ہونا قبر کا نشان باقی رکھنا صحیح حدیثوں سے ثابت ہے۔ امداد الفتاح شرح نور الایضاح و نجاۃ الارواح للعلامۃ المجید الشیخ حسن ابن عمار بن علی الشرنبلالی الحنفی قلمی صفحہ ۲۸ میں واذا خربت القبور فلاباس بتطینہا۔ لما روی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم مر بقبر ابنہ ابراھیم فرای فیہ حجرا سقط منہ فسدہ ثم قال من عمل عملا فلیتقنہ۔ جبکہ قبریں شکستہ و خراب ہو جائیں تو انکو گلابہ کرنا مضائقہ نہیں۔ کیونکہ مروی ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے فرزند ابراہیم کی قبر پر گذرے تو اس قبر سے ایک پتھر گرا ہوا دیکھکر اسکو آپنے درست فرما دیا۔ پھر اسطرح ارشاد فرمایا کہ جبکہ کوئی آدمی کوئی کام کرے تو پکا اور مضبوط کرنا چاہیے۔ پس آنحضرت علیہ السلام نے ابراہیمؓ کی قبر کو پختہ بنایا۔ اور پھر ہر شخص کو پختہ بنانیکا حکم فرمایا تو پھر قبر کو گچ سے پختہ بنانیکی حرامت و ممانعت کہاں باقی رہی اور نہی ان یجصص القبر کا مطلب وہی ہے کہ لاٹ کیطرح بلند و پختہ نہ بنائی جائے نہ یہ کہ مسنم مثل کوہان شتر قبر کو بھی گچ سے پختہ بنانا حرام ہے۔

رایت سالم بن عبد اللہ یتحری اماکن من الطریق فیصلی فیہا ویحدث ان اباہ کان یصلی فیہا وانہ رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصلی فی تلک الامکنۃ وحدثنی نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنہما انہ کان یصلی فی تلک الامکنۃ (بخاری شریف) میں نے سالم بن عبد اللہ کو دیکھا کہ راستہ میں چند جگہوں کو قصد و تلاش کر کے ان جگہوں میں نماز پڑھتے تھے۔ اور بیان کرتے تھے کہ ان کے باپ یعنی عبد اللہ بن عمرؓ ان جگہوں میں نماز پڑھتے تھے۔ اور انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان جگہوں میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔ اور مجھ کو نافع نے عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کر کے بیان کیا کہ وہ یعنی ابن عمر رضی اللہ عنہما ان جگہوں میں نماز پڑھتے تھے:۔

قبر پر قبہ و گنبد بنانے کے باب میں فقہا کے اقوال:۔ قبل ازیں صفحہ (۷۶ تا ۸۰) میں بحوالہ کتاب فصل الخطاب فائدہ ہفدہم درمختار و طحطاوی شرح سفر السعادۃ و مطالب المؤمنین مرقات المفاتیح شرح مشکوٰت المصابیح لملا علی القاری۔ رسالہ عثور علی دار السرور۔ مصباح الانام و فصول للامام ابن مفلح تلمیذ ابن تیمیہ۔ و تحفہ لابن حجر المکی۔ و حاشیۃ الحلبی علی المنہج و تورپشتی۔ اور فصل الخطاب فی رد ضلالات ابن عبد الوہاب وغیرہا کتب کی عبارتیں مفصل و مدلل منقول و مرقوم ہیں۔ ملاحظہ کریں اسکے علاوہ مصنف مجمع البحار علامہ محدث نے بھی لکھا ہے کہ قد اباح السلف ان یبنی علی قبور المشائخ والعلماء والمشاھیر لیزورھم الناس ویستریحوا بالجلوس فیہ سلف صالحینؒ نے مشائخ و علماء و مشاہیر کی قبروں پر قبہ و گنبد بنانیکو جائز و مباح کر دیا ہے تاکہ لوگ

لاباس یہ کو قول ضعیف سمجھنا غلط ہے۔ علاوہ ازیں جبکہ در مختار میں بھی لاباس ہے کے بعد هو المختار بھی لکھا ہوا ہے تو یہ قول ضعیف ہو بھی تو صریح ترجیح ثابت ہو گئی کہ یہ قلیل قول ضعیف نہیں ہے بلکہ قوی اور مختار ہے۔

بزرگوں کے مولد و مدفن کی تعظیم کا شریعت سے اثبات

مولد سیدتنا فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ ملا علی قاری نے اپنے منسک میں تحریر فرمایا ہے

یستحب زیارۃ بیت سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا وهو الذی ولدت فیه فاطمۃ الزهراء رضی اللہ عنہا وهو مسکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقیما فیہ حتی هاجر منه وهو افضل مواضع مکۃ بعد المسجد الحرام علی ما قالها الطبرانی وغیرہ من الاعلام فتعبیرہ بقوله وقیل وهو افضل موضع بمکۃ بعد المسجد ليس محله اذ لم يعلم خلاف في حكمه

سیدتنا فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی ولادت کا مقام یعنی حضرت سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے دولت کدہ کی زیارت مستحب ہے۔ یہ وہ گھر ہے جس جگہ کو شہزادی رسول حضرت سیدتنا فاطمۃ الزہراء نے پیدا ہونے کا شرف بخشا۔ یہی گھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مسکن تھا۔ اسی گھر میں آپ نے قیام فرمایا یہاں تک کہ آپ نے ہجرت فرمائی۔ مسجد حرام کے بعد مکہ کے تمام مقامات سے افضل یہی گھر ہے جیسا کہ امام طبرانی وغیرہ نے کہا ہے۔ پس ان کا وقیل سے ذکر کرنا ٹھیک نہیں ہے کیونکہ اس کے افضل مقامات کے بعد المسجد الحرام ہونے میں کسی کا اختلاف ہی نہیں ہے۔

مولد نبوی۔ ملا علی قاری کی کتاب منسک میں ہے کہ مولد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت مستحب ہے یا ضروری۔ اس میں اختلاف ہے کہ کھجور کے پاس جو مقام مولد النبی ہے واقعی وہی مولد النبی ہے یا دوسرا مقام ہے لیکن زیارت مستحب ہونے میں ہر شخص سمجھ سکتا ہے (بقول مختار) جہاں تم مولد بنا ہوا تھا۔ وہی مولد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ اگرچہ بعض کا اختلاف ہے۔

مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم وهو فی الشعب المعروف بمکۃ علی خلاف فی کون مولدہ صلی اللہ علیہ وسلم علی ما بینته فی مورد الروی فی مولد النبی (صلی اللہ علیہ وسلم)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام ولادت مکہ کی ایک مشہور گھاٹی میں ہے مگر اصل کے مولد ہونے میں اختلاف ہے جیسا کہ میں نے اسکو مورد الروی فی مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں بیان کیا ہے۔

مولد علی۔ اس کی بھی زیارت مستحب ہے سلف سے خلف تک سب اسکی زیارت کرتے رہے۔ اسکی بھی ملا علی قاری نے کتاب منسک میں تصریح کی ہے۔ اس مقام پر بھی ایک قسم کی مسجد بنی ہوئی ہے

دار ابی بکر ن الصدیق۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا گھر زقاق حجر میں ہے جہاں وہ تھر ... حجر متکلم دوسرا حجر متکی۔ اسکی زیارت بھی مستحب ہے۔

دار ارقم۔ اس کی بھی زیارت مستحب ہے۔ ملا علی قاری اسکے بارے میں لکھتے ہیں ودار الارقم وهو مسجد عند الصفا وفیه اسلم عمر رضی اللہ عنہ وکمل الاربعین وحصل به

تعظیم ممنوعاتِ شرع سے ہو وہ ہر وقت ممنوع ہے۔ پس بنانا قبر پختہ کا واسطے نشانی باقی رہنے کے درست ہے (انوار غیبیہ (صفحہ ۳۰) مطبوعہ مجتبائی مؤلفہ مولانا عبد الرزاق صاحب لکہنوی رحؒ)

علامہ عسقلانی نے تصریح کی ہے کہ قبور کفار تو کہودے جا سکتے ہیں مگر قبور اہل اسلام نہیں کہودی جا سکتی ہیں۔ بلکہ بعض فقہائے متقدمین نے تو کفار کے بعض قبور کو بھی جائز نہیں رکہا۔ مسلمانوں کے قبروں کا کہودنا اصحاب قبور کی بیشک حرمت ہے کیونکہ قبر میں میت گلکر مٹی ہو جائے تب بھی اسی قبر میں دوسرے کو دفن کرنا مکروہ تحریمی ہے کیونکہ اس اہل قبر کی حرمت مٹی ہو جانے پر بھی باقی ہے۔ خزانۃ الروایہ میں ہے۔ اذا صار المیت ترابا فی القبر یکرہ دفن غیرہ فی قبرہ لان الحرمۃ باقیۃ۔ ولا یجوز لاحد ان یبنی فوق القبر بیتا او مسجدا لان موضع القبر حق المقبور و لھذا لا یجوز نبشہ (انتہی مختصراً) جب میت قبر میں مٹی ہو جائے تب بھی کسی دوسرے کو اس کی قبر میں دفن کرنا مکروہ ہے کیونکہ میت کی حرمت باقی ہے۔ اور قبروں کے اوپر گھر یا مسجد بنانا کسیکو جائز نہیں ہے کیونکہ قبر کی جگہ مقبور یعنی صاحب قبر کا حق ہے اسلئے اسکی قبر کا کہودنا جائز نہیں ہے :۔

اگر کوئی یہ کہے کہ زیلعی نے کہا ہے۔ ولو بلی المیت و صار ترابا جاز دفن غیرہ فی قبرہ و زرعہ والبناء علیہ۔ (اگر میت ریزہ ریزہ بوسیدہ و مٹی ہو جائے اوس کی قبر میں دوسرے کو دفن کرنا اور اسپر زراعت و کہیتی کرنا اور گہر بنانا درست ہے)۔ اس سے معلوم ہوا کہ میت بوسیدہ ہونیکے بعد قبر پر گھر بنانا و کہیتی کرنا۔ اور اس قبر میں دوسری میت کو دفن کرنا درست ہے۔ جواب یہ ہے کہ میت کا ریزہ ریزہ و بوسیدہ ہونا۔ اور اسکے سب اجزا مٹی ہو گئے ہیں یا نہیں۔ اسکا حال بغیر قبر کہودنیکے معلوم نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ بہت سی اموات کے جسم باقی رہتے ہیں ریزہ ریزہ و بوسیدہ ہرگز نہیں ہوتے انبیاءؑ کے اجسام مقدسہ کو اللہ نے زمین پر حرام کر دیا ہے۔ صحابہ کرام اور اولیاء عظام اور بہت سے صالحین (رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین) کے اجسام قبروں میں سالم و ثابت ہیں۔ سیکڑوں ہزاروں ایسے واقعات ہیں کہ لوگوں نے بچشم خود دیکھکر بیان کیا ہے۔ عینی شرح بخاری شریف جلد چہارم مطبوعہ مصر صفحہ (۲۵۱) میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔ عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ لما سقط علیھم الحائط فی زمان الولید بن عبد الملک اخذوا فی بنائہ فبدت لھم قدم ففزعوا و ظنوا انھا قدم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فما وجدوا احدا یعلم ذلک حتی قال لھم عروۃ لا واللہ ما ھی قدم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ما ھی الا قدم عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ الخ۔ (ہشام بن عروہ اپنے باپ عروہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ ولید بن عبد الملک کے زمانے میں جب ان پر دیوار گر گئی اور لوگ اوسکو بنانے لگے تو اون کو ایک قدم ظاہر ہوا۔ تو سب گھبرا گئے۔ اور یہ سمجھے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قدم مبارک ہے وہ کسی جاننے والے کو نہ پائے یہاں تک کہ اونکو عروہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ خدا کی قسم کہ یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قدم مبارک نہیں ہے بلکہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا قدم ہے۔ اسی صفحہ میں ہے :۔

مقامات ہیں کہ جنکی زیارت مستحب ہے اور اونکی اصلیت کتابوں میں موجود ہے۔ ان سب روایات سے ثابت ہوا کہ آثار قدیمہ و یادگار دینیہ کو متبرک سمجھنا اور اونکی زیارت و حفاظت کا علمائے اسلام نے حکم کیا ہے بہت افسوس ہے کہ ابن مسعود اور وہابیہ نجدیہ نے ان مساجد و مقامات متبرکہ کو منہدم کر دیا ہے انا للّٰہ و انا الیہ راجعون قرآن و حدیث و فقہ سے مقامات مقدسہ و مزارات متبرکہ کی تعظیم و حفاظت کا حکم ثابت ہونیکے باوجود اسکے خلاف عمل کرنا مسلمانوں کا طریقہ نہیں ہے۔ اسی کتاب کے صفحہ (۶۶) سے ابتک جو کچھ بیان کیا گیا اوس سے روز روشن کیطرح ظاہر ہوا کہ قبر کو چونہ و پتھر سے پختہ بنانا۔ اور قبر پر علامت و نشان قائم کرنا اور قبر کے اطراف چہ بندی و چار دیواری و سایہ دار مسقف عمارت و قبہ و گنبد بنانا۔ اور قبر پر ڈیرہ و شامیانہ نصب کرنا۔ اور قبر کے قریب و جوار میں مسجد بنا کر اسمیں نماز پڑھنا۔ اور صاحب قبر سے برکت و تبرک حاصل کرنا بے شک و شبہ جائز و مستحسن ہے۔ اور پختہ قبروں کے توڑنیکو جو اشد فرض سمجھے اور صاحب قبور کی قرب و جوار میں مسجد بنا کر نماز پڑھنے اور صاحب قبر سے فیض و برکت حاصل کرنے اور مزارات اولیاء کی زیارت کرنے اور قبہ و گنبد کی تعمیر کو جو اشد حرام سمجھے اور انبیاء و اولیاء کی توہین و بے ادبی و گستاخی جن کی تحریر و تقریر سے ثابت ہو وہ مردود وہابی خبیث و اخبث ہے۔

قبروں کو توڑنا۔ یا قبروں پر جو تعمیر شدہ ہوں اون کو گرا دینا ہرگز امور شریعت میں داخل نہیں ہے اسلئے کہ جمہور علماء کا اتفاق ہے کہ مسلمانوں کی عزت و حرمت موت و زندگی ہر دو حالت میں برابر ہے محقق حنفیہ علامہ ابن ہمام صاحب فتح القدیر نے فرمایا ہے کہ الاتفاق علی حرمۃ مسلم میتا کحرمتہ حیا۔ یہ امر متفق علیہ ہے کہ مردہ مسلمان کی عزت زندہ کی جیسی ہے۔ اور حدیث شریف میں ہے۔ کسر عظم المیت واذاہ ککسرہ حیا۔ (مردہ کی ہڈیوں کو توڑنا اور اوسکو تکلیف پہنچانا مثل زندہ کی ہڈیوں کو توڑنیکے ہے۔) اسکو امام احمد حنبلؒ اور ابو داؤدؒ اور ابن ماجہؒ وغیرہ نے روایت کیا ہے۔ اور بعض روایتوں میں اسطرح ہے۔ المیت یوذیہ فی قبرہ ما یوذیہ فی بیتہ۔ مردہ کو وہ چیزیں تکلیف پہنچاتی ہیں جو اوسکو گھر میں بحالت حیات تکلیف پہنچاتی ہیں۔ اور عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اذی المؤمن فی موتہ کاذاہ فی حیاتہ۔ (مومن کو مرنیکے بعد تکلیف پہنچانا ایسا ہی ہے جیسا کہ اوسکی زندگی میں اوسکو اذیت دینا۔) ایسے ہی اخبار و آثار سے علماء نے اتفاق کیا ہے کہ جن چیزوں سے زندوں کو تکلیف و اذیت ہوتی ہے اوس سے مردونکو بھی اذیت ہوتی ہے۔ پس اگر کوئی زندہ شخص کے گھر کو توڑے اور منہدم کر دے تو اوسکو تکلیف و اذیت ہوگی یا نہیں۔ (ضرور ہوگی اور اوس کے انتقام کی حتی الامکان فکر و کوشش کریگا۔) قبر مردہ کا گھر ہے۔ بلکہ بعض علماء نے بیان کیا ہے کہ قبر بمنزلہ جسم کے ہو جاتی ہے۔ پس جو معاملات کہ زندوں کے جسم کے ساتھ کرنیمیں ایذا ہوتی ہے اسیطرح دفن کے بعد قبر کے ساتھ وہ معاملات کرنیسے روح کو ایذا ہوتی ہے۔ اور جو معاملات زندہ کیساتھ کرنیسے باعث فرحت روح ہوتے ہیں۔ وہ قبر کے ساتھ کرنیمیں بھی باعث فرحت روح ہوتے ہیں۔ پس جو جو تعظیمات کہ حالت حیات میں اہل قبور کے واسطے عمل میں آتے تھے۔ قبور کے ساتھ اُن کا حفظ لازم ہے لیکن جو

کہ وہ نشان محفوظ رہنے کیلئے قبر پہ پتھر لگانا کی عادت کر لی ہے۔ فتاوے ظہیریہ میں ہے کہ قبر پر پتھر لگا کر اوپر
کچھ لکھیں تو مضائقہ نہیں ہے۔ کیونکہ عثمان بن مظعونؓ جب مدفون ہوئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے ایک آدمی کو پتھر لانے کا حکم فرمایا۔ وہ شخص پتھر نہ اٹھا سکا تب آنحضرت علیہ السلام بنفس نفیس اپنے
آستین چڑھا کر پتھر اٹھا لا کر اُن کے سرہانے رکھا۔ اور فرمایا کہ اس پتھر کو میرے بھائی عثمانؓ کے قبر کی
علامت کر دیتا ہوں۔ اور میرے لوگوں سے جو فوت ہو اسکو یہاں دفن کر دونگا۔ اسکو ابو داؤدؒ نے
روایت کیا ہے۔ فتاوے الحجہ میں ہے جبکہ قبور خراب ہو جائیں تو اُسکو مضبوط لگا پختہ کرنا مضائقہ
نہیں ہے کیونکہ مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے فرزند ابراہیم کی قبر پہ گذرے تو اس قبر سے
ایک پتھر گرا ہوا دیکھکر آپ نے اس قبر کو مضبوط باندھا۔ اور فرمایا کہ جو کوئی شخص کام کرے تو پختہ و مضبوط
کام کرے یہی قول مختار ہے جیسا کہ کراہتہ السراجیہ اور اوسکے کتاب الجنائز میں ہے۔ قبر پہ کتابت کرنے میں بھی
کچھ مضائقہ نہیں ہے تاکہ اثر و نشان نہ مٹ جائے اور قبر کی ذلت نہ ہونے پائے۔ انتہی۔ پھر اسکے بعد
لکھتے ہیں [illegible] وہمچنین چبوترہ و چہار دیواری اگر برائے زینت قبر نباشد و مقرون بنیت صالحہ اید
مانند شفقت زائران و نماز خواندن و بودن دیوار سترہ ایشان تا نماز بفراغ دل با حضور و خضوع و خشوع
ادا نمایند ہیچ محظور شرعی لازم نمی آید۔ چنانچہ در طیبی شرح مشکوٰۃ شریف و حاشیہ میر جمال الدین مرقوم
است۔ اما من اتخذ مسجدا فی جوار صالح او صلی فی مقبرتہ وقصد بہ الاستظہار بروحہ او وصول اثر من آثار عبادتہ
الیہ لا التعظیم لہ والتوجہ نحوہ فلا حرج علیہ الا ترے ان مرقد اسمعیل علیہ السلام فی المسجد الحرام عند الحطیم
ثم ان ذالک المسجد افضل مکان یتحری المصلی لصلوتہ والنہی عن الصلوٰۃ فی المقابر مختص بالمقابر المنبوشۃ
لما فیہا من النجاسۃ انتہی۔ یعنی کسیکہ بسازد مسجد را بنزدیکی مزار بزرگ یا نماز گزارد اندر مقبرہ مطہرہ او
وقصد نماید بدان در رسیدن مدد از روح پاک او یا رسیدن اثرے از آثار عبادت او بسوئے خویش۔ یا مقصود نہ تعظیم برائے
او و رو گردانیدن بجانب او نباشد۔ پس مضائقہ نیست بدو۔ آیا نمی بینی کہ تحقیق مزار شریف حضرت اسمٰعیل
علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام در مسجد حرام است نزدیک حطیم۔ باز آن مسجد بہترین مکانست کہ قصد کنند مصلی
برائے نماز۔ و نہی از نماز خواندن در مقابر مخصوص است بقبرہائے منبوشہ بسبب بودن نجاست دران۔
امداد الفتاح کے صفحہ (۲۸۰) میں ہے (لا باس بہ ولا (بالکتابۃ علیہ لئلا یذہب الاثر فیحترم للعلم بصاحبہ
ولا یمتہن) وعن ابی یوسف انہ کرہ ان یکتب علیہ کتابا وفی الظہیریۃ ولو وضع علیہ شیئا من الاشجار او
کتب علیہ شیئا فلا باس بہ عند بعض الائمۃ فان عثمان بن مظعون امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم رجلا ان یاتیہ بحجر
فلم یستطع حملہ فقام الیہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وحسر عن ذراعیہ ثم حملہا فوضعہا عند راسہ وقال اعلم بہا
قبر اخی وادفن الیہ من مات من اہلی رواہ ابو داؤد وفی الحجۃ واذا خربت القبور فلا باس بتطیینہا لما روی ان النبی
صلی اللہ علیہ وسلم مر بقبر ابنہ ابراہیم فرأی جحرا فسدہ ثم قال من عمل عملا فلیتقنہ۔
طوالع الانوار حاشیہ در مختار اور امداد الفتاح شرح نور الایضاح ہر دو کتب معتبرہ میں فتاوی الحجۃ کی عبارت
(واذا خربت القبور الخ) نقل کرکے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے فرزند ابراہیم کی قبر پہ تشریف فرما

دلائل ذاریکا سبب ہے۔ صفحہ (۶۶) سے (۷۰) تک جو کچھ بیان کیا گیا اوس سے روز روشن کیطرح ظاہر ہو گیا کہ قبر کو گچ و چونے سے پختہ و مضبوط بنانا اور قبر کے اطراف سے چار دیواری و چوکھنڈی سقف و سایہ دار بنانا اور قبہ و گنبد بنانا۔ قبر کے قرب و جوار میں مسجد تعمیر کرکے اس میں نماز پڑھنا۔ اور صاحب قبر سے فیض و برکت حاصل کرنا۔ قبر پر ڈیرہ و شامیانہ نصب کرنا بلا کراہت جائز بلکہ مستحسن ہے۔ قرآن و حدیث و فقہ سے ان امور کا سابقاً اثبات ہو چکا۔ مزید براں لکھا جاتا ہے کہ حضرت مولانا شاہ احمد سعید صاحب مجددی قدس سرہ نے اپنی کتاب تحقیق الحق المبین فی اجوبۃ مسائل اربعین مطبوعہ انوار احمدی الٰہ آباد صفحہ ۲۶ میں اربعین کے چھتیسویں مسئلہ پختہ ساختن قبر از بالائے و تعمیر نمودن گنبد و چہار دیواری و چبوترہ نزد قبر جائز نیست) کے جواب میں تحریر فرمایا ہے اقول پختہ ساختن قبر از بالائے جائز است بلا کراہت کما فی الدر المختار و شرحہ۔ اما لو کان مخوفہ من اللبن فلا یکرہ ذالک۔ ابن مالک لانہ یکون عصمۃ من السبع وصیانۃ عن النبش سراج) قبر کے اوپر اگر اینٹ ہو تو ابن مالکؒ نے اوسکو مکروہ نہیں کہا کیونکہ درندوں سے بچاؤ اور قبر کھودنے سے محفوظ رہتی ہے) پھر اسکے بعد لکھا ہے تعمیر نمودن گنبد را صاحب در مختار فتوے داده است۔ و فی شرحہ المسمی بطوالع الانوار۔ بیدانہ ایضاً حیث قال لا یرفع علیہ بناء و قیل لا باس اذا کان بالتطیین حتی لبنا راما ان ولم فلما فی الملاصقۃ ولا باس بالتطیین فی حالۃ فی خلاصۃ النقل فی الامداد عن الفتاوی الکبریٰ ما نصہ و الیوم اعتاد و التسنیم باللبن صیانۃ القبر عن النبش و راوا ذالک حسنا و قال النبی علیہ السلام ما راہ المسلمون حسنا فہو عند اللہ حسن و [illegible] التسنیم و رش الماء علیہ فلا باس بہ و یوضع الآجر فالآجر لا یکرہ علی الظاہر و فی النوازل لا باس بتطیینہ و فی الغیاثیۃ و علیہ الفتوے کذا فی التاتارخانیۃ و قد اعتاد اہل مصر وضع الاحجار حفظاً للقبر عن الاندراس و النبش و فی الظہیریۃ و لو وضع علیہ شیئاً من الاحجار او کتب علیہ شیئاً فلا باس بہ عند البعض لانہ لما دفن عثمان بن مظعون امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم رجلاً ان یاتیہ بحجر فلم یستطع حملہا فقام الیہا علیہ السلام فحسر عن ذراعیہ ثم حملہا فوضعہا عند راسہ و قال اعلم بہا قبر اخی و ادفن الیہ من مات من اہلی رواہ ابو داؤد و فی الحجۃ و اذا خربت القبور فلا باس بتطیینہا لما روی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم مر بقبر ابنہ ابراہیم فرای فیہ حجرا اسقط منہ فسدہ و قال من عمل عملاً فلیتقنہ بعد المختار کما فی کراہیۃ السراجیۃ و فی جنائزہا و لا باس بالکتابۃ ان احتیج الیہا حتی لا یذہب الاثر و لا یمتہن القبر انتہی۔ در مختار کی شرح طوالع الانوار میں اپنے قول کی تائید کی ہے جو اسکے کما وا لا ینبغی علیہ بناء۔ اور کہا گیا کہ کچھ مضائقہ نہیں یعنی قبر کو گلابہ اور مضبوط کرنے میں کچھ حرج نہیں لیکن دوسری امداد الفتاوی میں فتاوے کبریٰ سے منقول ہے جو اوسنے بیان کیا اندنوں قبروں کو اینٹ سے مستحکم کرنیکی لوگوں نے عادت کرلی ہے تاکہ قبر کھد نیسے محفوظ رہنے کیلئے اور اوس کو اچھا سمجھا ہے۔ اور نبی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جس کام کو مسلمانوں نے اچھا سمجھا وہ کام خدا کے پاس بھی اچھا ہے۔ اگر قبر کو مسنم کرنے اور اسپر پانی چھڑکنے سے بھی قبر کھدنے اور گرنے کا اندیشہ ہو تو اینٹ سے پختہ کرنا اگر مکروہ و مضائقہ نہیں ہے۔ اور فتاوے غیاثیہ میں ہے کہ اسی پر یعنی قبر کو پختہ کرنا نیت لکھا کہ پختہ بنانا مکروہ نہ ہونے پر ہی فتوے ہے۔ اور اہل مصر نے قبر کو مندرس اور

اللہم فشفعہ فی ۔ (رواہ الترمذی والنسائی وابن ماجہ وحاکم انتہی ۔) جسکو کوئی ضرورت ہو تو اچھی طرح
وضو کرکے دو رکعت نماز پڑھے پھر دعا کرے کہ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف
تیرے نبی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نبی رحمۃ کے توسل سے متوجہ ہوتا ہوں یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)
آپکے توسل سے میری اس حاجت میں میرے رب کیطرف متوجہ ہوتا ہوں تاکہ آپ میری حاجت روائی
کریں اگر لتقضی کو بصیغہ معروف پڑھیں ۔ یا لتقضی کو بصیغہ مجہول پڑھیں تو میری حاجت روائی کیجائے
اسکو ترمذی ونسائی وابن ماجہ وحاکم نے روایت کیا ہے ۔ اس حدیث سے آنحضرت علیہ السلام
کی حیات وبعد وفات بھی یا محمد کہنا ثابت ہوا ۔ اسلئے کہ متن کالفت الضرورۃ عام حکم ہے یعنی نبی علیہ السلام
کی زندگی میں یا بعد وفات آنحضرت علیہ السلام جب کبھی جس کسیکو ضرورت ہو تو وہ حسب فرمان نبوی
یا محمد سے ندا و توسل کرے ۔ اس حدیث کی مزید تفصیل و تحقیق آیندہ مرقوم ہوگی ۔ اب اہل قبور
سے ندا و توسل و استمداد و استغاثہ کے جواز پر دلائل آیات و احادیث وغیرہ مرقوم ہونگے ۔ دلیل اول
قولہ تعالی ۔ یا ایہا الذین آمنوا اتقوا اللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ ۔ فرمان الہی ہے کہ وسیلہ کو تلاش کرو
یہاں وسیلہ سے مراد ایمان و عمل نہیں ہے کیونکہ آمنوا میں ایمان داخل ہے اتقوا میں اعمال
داخل ہیں ۔ پھر وسیلہ سے ہر وہ چیز مراد ہے جسکے سبب سے خدا کی قربت حاصل ہو یعنی انبیاء و اولیاء
دلیل دوم ۔ اولئک الذین یدعون یبتغون الی ربہم الوسیلۃ ایہم اقرب ۔ بغوی نے کہا مشرکین جن کی
عبادت کرتے ہیں ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما نے فرمایا کہ مشرکین کے آلہہ یعنی عیسی و عزیر و ملائکہ
ہیں جو اپنے رب کیطرف وسیلہ کو تلاش کرتے ہیں ۔ وسیلہ کی تعریف کل ما یتقرب بہ الی الغیر ۔ جو وہ چیز
جسکے سبب سے خدا کا تقرب حاصل کیا جائے یعنی مشرکین کو اللہ تعالی نے منع فرمایا کہ (لا تتخذوا الملائکۃ
والنبیین اربابا ایامرکم بالکفر بعد اذ انتم مسلمون) کہ تم ملائکہ اور انبیاء کو رب مت بناؤ کیا اسلام کے بعد
تمہیں کفر کا حکم کریگا ۔ پھر فرمایا اللہ تعالی نے کہ (اولئک الذین الخ) تم جنکی عبادت کرتے ہو وہ تمہارے
معبود خود ہمارے طرف ایسے وسیلہ کو ڈھونڈتے ہیں جو ان سے اعلی وارفع مقام والا ہو ۔ جبکہ وہ خود
ہمارے طرف وسیلہ کا محتاج ہو تو اسکو معبود مت بناؤ ۔ دلیل سوم اللہ تعالی نے سیدنا عیسی علی نبینا
وعلیہ السلام کو وجیہا فی الدنیا والآخرۃ فرمایا ۔ اور ایسا ہی سیدنا موسی علی نبینا وعلیہ السلام کو بھی فرمایا
فبراہ اللہ مما قالوا وکان عند اللہ وجیہا ۔ وجیہ صاحب وجاہت وہ شخص کہ جو کچھ خدا سے مانگے اسکو
خدا عطا کرے ۔ دلیل چہارم قولہ تعالی ویستجیب الذین آمنوا وعملوا الصلحت ویزیدہم من فضلہ تفسیر
فی اعوان اخوانہم ... جب مومنین دعا کرتے ہیں تو خدا قبول فرماتا ہے ابو صالح نے کہا اسکو مومنین کو
اون کے بھائیوں کا شفیع بناتا ہے ۔ اور اپنے فضل سے زیادہ عطا کرتا ہے یعنی مومنین کی شفاعت کو
انکی برادروں کے برادروں کے حق میں بھی قبول فرماتا ہے ۔ دلیل پنجم فاستغاثہ الذی من شیعتہ علی الذی
من عدوہ اس سے اسکی گروہ والے نے استغاثہ کیا اپنے دشمن پر اس آیت میں (طلب نصرت
فریاد طلبی) استغاثہ کی نسبت مخلوق کیطرف کیگئی ہے ۔ اگر مخلوق سے استغاثہ ممنوع وحرام ہوتا تو

بقول مانعین دعائے عبادت و استغاثہ کیا تھا۔ اس آیت کی ظاہر تفسیر اس امر پر دلالت کرتی ہے
کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے مشرکین کے استغاثہ کو خدا تعالیٰ نے پسند فرمایا۔ اور اصنام و
اوثان سے دعا و استغاثہ کرنے کو منع فرمایا ہے۔ اگر کوئی اعتراض کرے کہ یہ استغاثہ آنحضرت
علیہ السلام کی حیات میں ہوا تھا اور حالت حیات میں آپ کو قدرت تھی اسکا جواب سابقاً
دیا گیا ہے کہ کسی زندہ و مردہ مخلوق کو بالذات و بالاستقلال قدرت ثابت کرنا کفر ہے۔ خدا کی
قدرت سے عطا کی ہوئی بالواسطہ قدرت زندہ کو بھی حاصل ہے مردہ کو بھی حاصل ہے۔ اور
صحابہ نے بعد وفات آنحضرت علیہ السلام سے طلب و توسل و استغاثہ کیا ہے جیسا کہ حدیث الرمادہ
وغیرہ میں ہے۔ اور بعد وفات طلب توسل و استغاثہ ممنوع ہونے پر کوئی دلیل نہیں ہے۔
دلیل ہفتم قولہ تعالے۔ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۔ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ
وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۔ مفسرین نے کہا ہے کہ خدائے تعالے ان کفار کو عذاب نہ دیگا جن کی
اصلاب میں استغفار کرنیوالے ہوں گے۔ پس جبکہ مومن نطفوں کی برکت سے اللہ تعالے
کفار سے عذاب دفع فرما دیگا۔ تو ذواتِ فاضلہ کی برکت سے کیا کچھ حاصل نہ ہوگا۔
دلیل ہشتم قولہ تعالیٰ۔ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ
وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ ۔ مفسرین نے کہا ہے کہ مومن کی برکت دعا کے سبب کافر سے اور مطیع
و فرمانبردار کے وسیلہ سے عاصی و نافرمان سے آفات کو دفع کرتا ہے۔ اسمیں کوئی شک
نہیں کہ مومن کافر کیلئے دعا نہیں کریگا۔ مگر ذاتِ مومن کیلئے جو کفار کی پشت میں ہوتا ہے
خدا اس مومن کی برکت کے سبب سے کفار پر رحم کریگا۔ اس آیت میں سبب و وسیلہ ثابت
ہوا۔ دلیل نہم قولہ تعالیٰ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ
تَطَئُوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌ بِغَيْرِ عِلْمٍ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ لَوْ تَزَيَّلُوْا
لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۔ مفسرین نے کہا ہے کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مومنین کو کفار
کے مقاتلہ سے منع فرمایا ہے بسبب برکت ضعفائے مومنین کے پس ضعفائے مومنین کا وجود
باعث برکت و حفاظت کفار ہے۔ دلیل دہم قولہ تعالیٰ۔ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ
كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ۔ مفسرین نے کہا ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام سے خطا سرزد ہوئی
تو کہا کہ اللّٰھم بحق النبی الذی قرنت اسمہ مع اسمک الا ما غفرت لی فغفر لہ۔
الٰہی جس نبی کا نام تونے اپنے نام کیساتھ ملایا ہے بطفیل اسکے میرے گناہ بخشدے خدا
نے آدم علیہ السلام کو بخشدیا۔ دلیل یازدہم۔ قولہ تعالیٰ۔ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ
عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۔ مفسرین نے کہا ہے کہ یہود اپنے ہمسایہ مشرکین عرب سے لڑتے تھے اور
کہتے تھے کہ اللّٰھم بحرمۃ ھذا النبی الذی یبعث فی آخر الزمان الا ما نصرتنا
علیہم فینصرون۔ الٰہی اس نبی آخر الزمان کی حرمت و طفیل سے ہمکو مشرکین عرب پر

اس قسم کی نسبت بھی جائز نہ ہوتی۔ اگر کوئی اعتراض کرے کہ اس آیت میں مستغاث زندہ ہے زندہ
مستغیث کی دادرسی و امداد پر قدرت ہے۔ اسلئے زندے سے استغاثہ جائز ہے۔ اور جائز استغا
کی نسبت بھی مخلوق کیطرف جائز ہے۔ جواب اسکا یہ ہے کہ زندہ کو امداد مستغیث کی قدرت یا
اور مستقل ہے یا خدا کی قدرت سے اس زندہ کو قدرت عطا کیگئی ہے۔ بالذات و مستقل قدرت
کسی مخلوق کیلئے ثابت کرنا کفر ہے۔ اگر خدا کی قدرت سے عطا کی ہوئی ہے تو وہ زندہ بھی محض آ
سبب و وسیلہ ٹھیرا۔ اسیطرح میت بھی سبب و وسیلہ دعا و کرامت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اس میت کو قد
عطا فرمائیگا اور ان سبکا مرجع و مآل خدا کی قدرت ٹھیری۔ بندہ صرف سبب محض و وسیلہ ہے
خواہ زندہ ہو یا مردہ جبتک کہ مغیث و مستغاث حقیقی خدائے پاک کو نہ سمجھیں۔ اور بندہ کو محض سبب
و وسیلہ نہ سمجھیں۔ کسی مخلوق زندہ و مردہ سے استغاثہ جائز نہیں ہے۔ اسیوجہ سے نبی کریم صلی اللہ
علیہ وسلم نے اپنی ذات پاک سے مستغاث ہونیکی نسبت کو نفی فرمایا۔ جبکہ حضرت ابو بکر صدیق
رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ قوموا نستغیث برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ھذا
المنافق ۔) اٹھو کہ ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اس منافق کی نسبت استغاثہ و فریاد کر
کرینگے۔ آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا۔ فقال لا یستغاث بی انما یستغاث باللہ کہ مجھ سے استغا
نکیا جائے بلکہ خدا تعالیٰ سے استغاثہ کیا جائے۔ حالانکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم زندہ تھے اور
آپکو قدرت تھی۔ لیکن تعلیم امت کے ارادہ سے اپنی ذات سے استغاثہ کی نفی فرمائی تاکہ امت کا
اس امر پہ ایمان و اعتقاد ہے کہ حقیقۃً استغاثہ خدا تعالیٰ ہی سے کیا جائے۔ اور مستغاث حقیقی
خدا تعالیٰ ہی ہے۔ لیکن مخلوق کیطرف بھی استغاثہ کی نسبت مجازاً جائز ہے۔ جیسا کہ اس آیت
مذکورہ فاستغاثہ الذی الخ میں اور جیسا کہ حدیث صحیح میں دعاء استسقاء میں ثابت ہے اللھم
اسقنا غیثاً مغیثاً یعنی غیث (بارش) کو مغیث (اغاثہ کا فاعل) بنایا گیا باوجود اسکے کہ وہ عرض
ہے۔ اور آنحضرت علیہ السلام نے اپنی دعا میں خدا کی رحمت سے استغاثہ فرمایا لا الٰہ الا انت
برحمتک استغیث ۔ اللہ اور ہے اور اللہ کی رحمت اور ہے۔ باوجود اسکے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی
بعض مخلوق کو رحمت بنایا ہے۔ وما ارسلنک الا رحمۃ للعالمین ۔ دلیل ششم قولہ تعالیٰ
قل ادعوا الذین زعمتم من دونہ لا یملکون مثقال ذرۃ فی السموات و لا
فی الارض ۔ بغوی نے کہا کہ جب مشرکین پر سخت قحط پہنچا یہانتک کہ مردار کھانے لگے تو
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے استغاثہ کیا تو آنحضرت علیہ السلام کی برکت و دعا سے
ان سے قحط کو دفع کر دیا گیا اگر انبیاء و غیرھم من الاولیاء سے استغاثہ کرنا دعا و عبادت و شرک
ہوتا تو انکو قل ادعوا الذین زعمتم نہ فرماتا کیونکہ انہوں نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے
استغاثہ کیا تھا۔ اور آنحضرت علیہ السلام غیر اللہ ہیں۔ پس آنحضرت علیہ السلام سے استغاثہ کرنے پر
ان کو مشرک شمار نہیں دلایا گیا حالانکہ انہوں نے غیر اللہ یعنی آنحضرت علیہ السلام سے

حکم فرمایا کہ وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھ کر یہ دعا کرے کہ یا اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اور
تیرے نبی محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) نبی رحمت کے وسیلے سے تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ یا محمدؐ
میں آپ کے وسیلے سے میری اس حاجت میں میرے رب کیطرف متوجہ ہوتا ہوں۔ تاکہ آپ میری
حاجت روائی فرمائیں (یا میری حاجت روائی کیجائے۔) یا اللہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم
کو میرے بارہ میں شفیع بنا۔ بیہقی نے اسقدر اضافہ کیا ہے کہ وہ نابینا کھڑا ہوا اور بینا ہوا۔
حافظ جزری رحہ نے حصن حصین میں اسکو ذکر کیا ہے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے فتاوی میں اسکو
ذکر کر کے اس حدیث کی صحت کا اقرار کیا ہے اور اسقدر زیادہ بھی کیا ہے کہ انہ صلی اللہ علیہ
وسلم قال للاعمی وان کان لک حاجۃ فمثل ذالک۔ آنحضرت علیہ السلام نے اس نابینا کو
فرمایا کہ اگر تجھ کو کوئی حاجت ہو تو ایسا ہی میری تعلیم کے مطابق عمل کر۔ اس حدیث کو اس لفظ
کیساتھ ترمذی نسائی وبیہقی وابن شاہین وغیرھم من المحدثین نے روایت کیا ہے (اسے فاعمل
مثل ما علمتک جیسا میں نے تجھ کو تعلیم دی ویسا ہی کر۔ اس حدیث کو سیوطی نے جامع صغیر میں اور
اسکی شرح مناوی میں ذکر کیا ہے۔ اور ملا علی قاری نے شرح حصن حصین میں اور یہ کہا
ہے کہ یا محمدؐ التفات الیہ وتضرع لدیہ لیتوجہ بروحہ الی اللہ تعالیٰ ویغنہ السائل
عما سواہ وعن التوسل الی غیرہ ولاہ قائلا انی اتوجہ بک اے بذریعتک الذی یعنہ
لوسیلۃ والباء للاستعانۃ الی ربی فی حاجتی ھذہ وھی المقصودۃ المعہودۃ لتقضی
لی ویمکن ان یکون التقدیر لیقضی اللہ الحاجۃ لاجلک بل ھذا ھو الظاھر وفی
نسخۃ لتقضی بصیغۃ الفاعل ای لتقضی انت یا رسول اللہ حاجتی والمعنی
تکون سببا لحصول حاجتی ووصول مرادی فالاسناد مجازی انتہی۔ لفظ یا محمد
آنحضرت علیہ السلام کیطرف التفات وتوجہ ہے۔ اور آپکے حضور میں آہ وزاری تضرع وانکسار
کا اظہار ہے تاکہ آپ اپنی روح شریف سے خدا کیطرف توجہ فرما کر سائل کو ماسوی اللہ سے یعنی
اپنے آقا کے ماسوا کے غیر کو وسیلہ بنانے سے مستغنی کر دیں متوسل یعنی وسیلہ بنانیوالا یہ کہتا ہوا
آنحضرت کو ندا کرے کہ یا محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) میں آپکے ذریعہ (وسیلہ) کی مدد سے (باء برائے
استعانت) میری اس حاجت مقصودہ ومعہودہ میں میرے رب کیطرف متوجہ ہوتا ہوں تاکہ وہ
حاجت روائی کیجائے۔ اور ممکن ہے کہ دراصل یہ عبارت مقدر ہو۔ یعنی تاکہ آپکے
سبب سے میری حاجت کو خدا پوری کرے۔ یہی تقدیر عبارت ظاہراً مناسب ہے۔ اور
نسخہ میں لتقضی بصیغہ واحد حاضر مضارع معروف یعنی یارسول اللہ میری حاجت کو آپ
پوری کر دیں۔ یعنی میری حصول حاجت ووصول مراد کے آپ سبب ووسیلہ ہوں۔ یہ
اسناد مجازی ہے۔ انتہی۔ یہ حدیث اگرچہ پہلے مذکور ہوئی ہے۔ لیکن آئندہ مزید تحقیق
کا وعدہ کیا گیا تھا۔ اسلئے مکرر مذکور ہوئی۔ اس حدیث میں یا محمد ندائے توسل و

فتحیاب کر اور ہماری مدد فرما۔ پس اللہ تعالیٰ نے انکی مدد فرمائی۔ دلیل دوازدہم قولہ تعالیٰ
لا یملکون الشفاعة الا من اتخذ عند الرحمن عہدا۔ بغوی نے کہا کہ عہد سے مراد
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ شفاعت کرنیوالے کسی کی شفاعت نہ کریں گے
مگر انکی جنہوں نے خدا کے پاس عہد لیا ہے یعنی مومنین کی شفاعت کرینگے۔ دلیل سیزدہم
لا یشفعون الا لمن ارتضیٰ من رسول۔ مومنین کو شفاعت کا مالک بنا دیا گیا۔ یعنی کوئی
شفاعت نہ کر سکیگا بجز مومن کے۔ دلیل چہاردہم ولا یملکون الذین یدعون من دونہ
الشفاعة الا من شہد بالحق وہم یعلمون۔ غیر اللہ کی عبادت کرنیوالے شفاعت
نہ کر سکیں گے مگر حق کی شہادت دینے والے شفاعت کرینگے۔ بغوی نے کہا کہ قول حق سے لا الہ الا
اللہ مراد ہے۔ دلیل پانزدہم قولہ تعالیٰ ان الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا تتنزل
علیہم الملائکة الا تخافوا ولا تحزنوا وابشروا بالجنة التی کنتم توعدون۔ نحن اولیاؤکم
فی الحیوة الدنیا وفی الآخرة ولکم فیہا ما تشتہی انفسکم ولکم فیہا ما تدعون نزلا من
غفور رحیم۔ اس آیت مذکورہ سے اسطرح استدلال کیا جا سکتا ہے کہ جنہوں نے کہا کہ رب
ہمارا اللہ ہے۔ پھر اس قول پہ مستقیم رہے۔ اور اللہ کے ساتھ اصنام و ملائکہ وغیرہ کو رب نہ بنایا
[illegible] اقرار و تصدیق ربوبیت و الوہیت پر اللہ کے مستقیم رہنے والے مومنین کو ملائکہ کہتے
ہیں کہ ہم دنیا و آخرت میں تمہارے اولیاء ہیں۔ اور اون کو خدا کے پاس جو کچھ چاہینگے ملیگا
[illegible] اولیاء ہیں خدا کے حکم سے جو چاہینگے کرینگے۔ اپنے برادران مومنین کی دعا و شفاعت
[illegible] مذکور ہو چکا نہیں گیا۔ پس ان آیات مذکورہ میں اللہ تعالیٰ نے خبر دی ہے کہ مومنین
[illegible] انبیاء و اولیاء کو وسیلہ بنانے اور ان سے طلب امداد کا مطلب بھی یہی ہے کہ
[illegible] بنایا جاتا [illegible] معطی کنندہ قاضی الحاجات خدا ہے۔ خدا نے جنکو جس امر کا مالک بنایا
ان سے اس امر کے طلب کرنیکو کوئی چیز مانع نہیں۔ نہ قرآن نہ حدیث۔ لیکن اصنام کو شفیع
[illegible] اسلئے کہ خدا نے ان اصنام کو شفاعت کا مالک نہیں بنایا ہے۔ ثبوت شفاعت
[illegible] بہت سے آیات ہیں وہ سب جواز توسل و استمداد و استغاثہ و استشفاع پر دلائل و
[illegible] ہیں۔ بخوف طوالت اسی قدر پہ اکتفا کیا گیا۔

[illegible] توسل و استمداد و استغاثہ کے دلائل آیات قرآنیہ کے علاوہ بہت سے احادیث بھی
[illegible] ازانجملہ دلیل اول وہ حدیث جسکو ترمذیؒ و نسائیؒ و بیہقیؒ نے روایت کیا ہے اور اسکو
[illegible] کہا ہے۔ اور حاکم نے بھی روایت کیا۔ اور بخاریؒ و مسلمؒ کی شرط پہ ہونا بیان کیا ہے۔
حافظ ذہبیؒ نے اسکا اقرار کیا ہے جو عثمان بن حنیف سے مروی ہے کہ ایک نابینا شخص نے
[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوکر عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)
[illegible] دعا فرمائیے کہ میری آنکھ کی مصیبت دور ہو۔ آنحضرت علیہ السلام نے اوس کو

نے ایک ایسے شخص کو جسکو حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کچھ ضرورت تھی عہد خلافت عثمانؓ میں اس دعا کو سکھلایا ہے جیسا کہ دلیل دوم بیہقی و طبرانی نے بسند معتبر حدیث اول کے راوی عثمان بن حنیفؓ سے روایت کی ہے کہ ایک شخص عثمان بن عفان رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے پاس اپنی کسی ضرورت و حاجت کیلئے آیا جایا کرتا تھا تو حضرت عثمان اسکے طرف التفات نہ فرماتے تھے اور نہ اسکی طرف اسکی حاجت کے بارہ میں نظر فرماتے تھے اس شخص نے حضرت عثمان بن حنیفؓ سے اس امر کی شکایت کی تو انہوں نے کہا کہ وضو کرنیکی جگہ جاکر وضو کر پھر مسجد میں دو رکعت نماز پڑھکر یہ دعا کرو اللھم انی اسئلک واتوجہ الیک بنبیک محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نبی الرحمۃ یا محمد انی اتوجہ بک الی ربک فتقضی حاجتی یہاں تو اپنی حاجت کا نام لے وہ آدمی جاکر حسب ہدایت ابن حنیف عمل کیا پھر عثمان بن عفانؓ کے پاس آیا تو حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ تیری کیا حاجت ہے اسنے اپنی حاجت کا اظہار کیا۔ حضرت عثمان بن عفانؓ نے اسکی حاجت روائی فرمائی اور فرمایا کہ ابتک تو نے کیوں ذکر نہیں کیا۔ اور آئندہ تجھکو جو کچھ حاجت و ضرورت ہو اسکو ذکر کیا کر۔ پھر وہ حضرت عثمانؓ کے پاس سے نکلکر عثمان بن حنیفؓ سے ملکر کہا کہ جزاک اللہ خیراً۔ حضرت عثمانؓ میری حاجت روائی کیطرف متوجہ ہی نہیں ہوتے تھے۔ یہانتک کہ آپ نے انسے میری سفارش فرمائی تو تب میری حاجت روائی فرمائی۔ عثمان بن حنیفؓ نے کہا کہ واللہ میں نے عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے تمہاری سفارش نہیں کی۔ لیکن اصل حقیقت یہ ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا۔ تب ایک نابینا آنحضرت کی خدمت میں آکر اپنی نابینائی کی شکایت کی تو آنحضرت علیہ السلام نے اسکو حکم فرمایا کہ وضو کرنیکی جگہ میں آکر وضو کرکے دو رکعت نماز پڑھکر یہ دعا (جو میں نے تمکو تعلیم دی ہے) کر۔ قال ابن حنیف فواللہ ما تفرقنا وطال بنا الحدیث حتی دخل علینا الرجل کان لم یکن بہ ضر قط عثمان ابن حنیف نے کہا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جدا نہ ہوئے تھے۔ اور دیر تک گفتگو رہی تھی۔ یہانتک کہ ہمارے پاس وہ نابینا بینا ہوکر آیا گویا کہ اسکو نابینائی تھی ہی نہیں۔ یہ حدیث صریحاً دلالت کرتی ہے اس امر پر کہ نابینا کا حسب تعلیم نبوی عمل کرنا۔ اور نبی علیہ السلام کو ندائے توسل کرنا۔ (جو حدیث اول میں مذکور ہے۔) آنحضرت علیہ السلام کے روبرو نہ تھا کیونکہ فواللہ ما تفرقنا حتی دخل علینا الرجل کان لم یکن بہ ضر قط سے واضح ہوتا ہے کہ اسنے غائبانہ عمل و ندا کرکے حاضر ہوا۔ اسی لئے عثمان بن حنیفؓ صحابی نے بھی عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس اپنی ضرورت رفع کرنے کیلئے آنے جانے والے شخص کو آنحضرت علیہ السلام کی وفات کے بعد عہد خلافت عثمان بن عفان میں تعلیم دی ہے۔ جس سے ثابت ہوا کہ حیات و ممات و حضور و غیب تمام حال میں ندائے توسل و استمداد درست ہے۔ دلیل سوم بیہقی و ابو بکر ابی شیبہ نے سند صحیح کیساتھ مالک دار سے جو خازن عمرؓ تھے روایت کی ہے کہا کہ عمر رضی اللہ

توجہ واستمداد واستغاثہ سے آنحضرت علیہ السلام کی ذات پاک کیساتھ آنحضرت علیہ السلام کے
غیاب میں اگر غائب کو ندا کرنا شرک فرض کیا جائے تو یہ لازم آویگا کہ آنحضرت علیہ السلام
نے اپنی امت کو شرک کی تعلیم دی ہے کوئی عاقل اسکا قائل نہیں خصوصاً ابن تیمیہ کی روایت
وان کان لک حاجۃ فمثل ذلک سے واضح ہے کہ آنحضرت کے حضور و غیاب حیات و موت کی
حالت میں جب کبھی ضرورت پیش ہو تو ایسا ہی کیا جائے۔ شیخ ابن تیمیہ نے اقتضاء الصراط المستقیم
میں اسکا جواب یہ دیا ہے کہ اس نابینا نے اپنے دل میں آنحضرت علیہ السلام کی صورت کا تصور
کرکے اس صورت متصورہ کو خطاب و ندا کیا ہے جیسا کہ انسان اپنے محبوب و مبغوض غائب و
بعید کو حاضر تصور کرکے ندا و خطاب کرتا ہے۔ ابن تیمیہ کا اس جواب کو علماء نے رد کیا ہے۔ اسطرح
پر کہ صورت کے ندا و توسل سے ذات کی ندا و توسل قریب تر الی الصواب ہے۔ اسلئے کہ صورت سے
استغاثہ جائز۔ اور ذات سے کسلئے ممنوع ہوا حالانکہ صورت وہمی و خیالی ہے۔ اور ذات ثابت و
حقیقی شی ہے علاوہ ازیں ابن تیمیہ کا صورت متصورہ سے ندا کے توسل و استمداد
کو جائز و مسلم رکھنا ذات سے ندا کے توسل و استمداد کے جائز ہونے پر قوی ترین حجت ہے کیونکہ
صورت کی بہ نسبت ذات ابلغ فی التاثیر ہے۔ اگر کوئی دعوے کرے کہ نابینا کے ندا کے وقت
آنحضرت علیہ السلام اسکے پاس حاضر تھے تو جواب یہ ہے کہ یہ بالکل غلط ہے کئی وجہ سے اول
یہ کہ حدیث عام ہے اسمیں حضور و غیب کی تقیید نہیں ہے۔ دوم یہ کہ اس حدیث کے بعض
طرق میں جیسا کہ ابن تیمیہ نے ذکر کیا ہے یہ بیان ہے کہ آنحضرت علیہ السلام نے نابینا کو فرمایا
کہ اگر تجھکو کوئی حاجت پیش آئے تو ایسا ہی عمل کیا کر۔ پس اس سے معلوم ہوا کہ آنحضرت
علیہ السلام کے حضور و حالت حیات سے یہ ندا کے توسل مختص نہیں ہے۔ سوم وجہ یہ ہے کہ
اگر آنحضرت علیہ السلام کے حضور و حیات میں یہ کام مختص ہوتا تو خود آنحضرت علیہ السلام
بنفس نفیس دعا فرماتے اسکو تعلیم دعا کی ضرورت نہ تھی کہ ایسا کر اور ایسا کہہ۔ بلکہ فقط آنحضرت
علیہ السلام کی دعا انفع و انجح و مقبول ہے۔ چہارم وجہ یہ ہے کہ محدثین نے اس حدیث کو
عموم سمجھکر اسطرح بیان کیا ہے کہ من کان لہ الی اللہ حاجۃ او الی احد من خلقہ
فلیفعل کما ذکرہ صاحب الحصن الحصین۔ جس کسیکو خدا کیطرف یا کسی مخلوق کیطرف
کوئی حاجت و ضرورت ہو تو وہ ایسا ہی کرے جیسا کہ صاحب حصن حصین نے بیان کیا ہے
پس اگر یہ حدیث آنحضرت علیہ السلام کی زندگی کیساتھ ہی مخصوص ہوتی تو محدثین اسطرح
ذکر نہ کرتے۔ اور لوگوں کو اس حدیث پر عمل کرنیکی ہدایت نہ فرماتے کیونکہ در صورت اختصاص
بحالت حیات آنحضرت علیہ السلام کی وفات کے سبب سے اس حدیث پر عمل کرنا منقطع ہو جاتا
وجہ پنجم صحابہ کرام نے بھی اس حدیث کو عام سمجھکر لوگوں کو انکی حاجت و ضرورت میں
حسب تعلیم نبوی عمل کرنیکا حکم کیا ہے جیسا کہ اس حدیث کے راوی صحابی حضرت عثمان بن حنیف نے

کے زمانہ میں قحط ہوا تو ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف پہ حاضر ہوکر قحط کی شکایت
کی کہ یا رسول اللہ استسق لامتك فانهم قد هلكوا فاتاه رسول الله صلى الله عليه
وسلم في المنام فقال ائت عمر واقرء السلام واخبره انهم مسقون وقل له عليك
الكيس الكيس فاتى الرجل عمر فاخبره فبكى عمر ثم قال يارب ما آلو الا ما عجزت وذكر
بعضهم ان الذي رای هذا المنام بلال بن الحارث احد الصحابة رضي الله تعالى
عنهم انتهى ۔ (یا رسول اللہ آپکی امت کیلئے پانی طلب فرمائیے کیونکہ وہ ہلاک ہوگئے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم اس شخص کے خواب میں تشریف فرما ہوکر یہ ارشاد فرمایا کہ عمر بن خطاب کے
پاس جاکر میرا سلام کہو اور یہ بھی خبر کردو کہ وہ پانی پلائے جائینگے۔ اور عمر سے کہو
کہ وہ عقل و تدبیر کو لازم کرلے۔ وہ شخص حضرت عمر کے پاس حاضر ہوکر واقعہ بیان کیا۔ حضرت
عمر رو دئے۔ اور کہا کہ یا اللہ میں نے تدبیر میں کوئی کوتاہی نہ کی مگر جس میں عاجز و مجبور ہوں
بعض نے بیان کیا کہ جس نے یہ خواب دیکھا بلال بن حارث اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
میں سے ایک صحابی ہیں۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے فتاوی اور اقتضاء الصراط المستقیم میں
اس حدیث کو ذکر کیا اور اسکے صحیح ہونے کا اقرار بھی کیا ہے اور انکی تشریح — قال وما روی
ان رجلا جاء الى قبر النبي صلى الله عليه وسلم فشكى اليه القحط عام الرمادة فامره ان ياتي عمر
الی آخر الحدیث۔ ابن تیمیہ نے کہا کہ یہ جو مروی ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی
قبر شریف کے پاس آیا اور آپ سے قحط کی شکایت کی وہ عام الرمادہ تھے آنحضرت علیہ السلام
نے اسکو حضرت عمر کے پاس آنیکا حکم فرمایا تا آخر حدیث۔ دلیل چہارم۔ بخاری نے اپنی
صحیح میں حدیث ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
نے بی بی ہاجرہ مادر اسمعیل علیہما السلام کا قصہ اسطرح بیان فرمایا کہ جب بی بی ہاجرہ کو اور نیز
انکے فرزند اسمعیل علیہ السلام کو پیاس لگی تو پانی کی تلاش میں دوڑ دھوپ کرنے لگیں۔
اسوقت ایک آواز سنیں اور کسی شخص کو نہ دیکھا تب حضرت ہاجرہ نے فرمایا کہ اغث ان کان
عندك غوث۔ میری فریاد کو پہنچ اگر تیرے پاس فریاد رسی ہو۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ
وسلم نے اپنے صحابہ کو یہ قصہ بیان فرمایا۔ اگر غیر اللہ سے استغاثہ فریاد طلبی شرک ہوتا تو
بی بی ہاجرہ علیہا السلام شرک کا استعمال کیا نہ ہوتا۔ اور آنحضرت علیہ الصلوۃ والسلام
اپنے صحابہ کو اسکا ذکر بھی نہ فرماتے۔ اور آنحضرت علیہ السلام نے اس ہاجرہ کے استغاثہ
کا رد و انکار بھی نہ فرمایا۔ اور آنحضرت علیہ السلام کے بعد اسکو صحابہ نقل نہ کرتے۔ اور
محدثین خصوصاً بخاری نے اسکو ذکر کیا ہے جنکی کتاب اصح الکتب بعد کتاب اللہ ہونے پر
امت کا اتفاق ہے۔ بی بی ہاجرہ نے جس غائب شخص سے استغاثہ کیا ہے اگرچہ وہ
حقیقت میں فرشتہ ہے لیکن اسکی حالت غیبت میں محتمل ہے کہ وہ شیطان یا جن یا فرشتہ

آپ کو تو میں شفیع بناتے تو خدا کے پاس تیری شفاعت فرما دیگے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ ولو انھم اذ ظلموا انفسھم جاؤک فاستغفروا
اللہ واستغفر لھم الرسول تا آخر آیت فرمایا ہے۔ دلیل یازدہم ابن جوزی نے اپنی کتاب الوفا بفضائل المصطفیٰ میں اپنی سند
کیساتھ جو ابو بکر منقری سے مروی ہے ذکر کیا ہے کہا ہے کہ ہمکو معمر ابن عبد الواحد اصفہانی نے مدینہ منورہ میں حدیث بیان
کیا کہا کہ ہمکو عمر بن عبداللہ نے خبر دی کہا کہ ہمکو محمد بن عبد الواحد نے خبر دی کہ اس نے ابو بکر محمد بن خطاب سے سنا کہا کہ میں نے ابو بکر منقری
سے سنا کہتے تھے کہ میں اور ابو الشیخ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حرم شریف میں ایسی حالت پر تھے کہ بھوک ہم پر غالب تھی اس
دن ہم نے کچھ نہیں [illegible] وقت عشاء قبر شریف نبوی کے پاس حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ الجوع الجوع بھوک
معلوم ہوتی [illegible] اس سے واپس آ گیا ابو القاسم نے مجھکو کہا کہ یا رزق ہے یا موت۔ ابو بکر نے کہا کہ میں سو گیا اور
ابو الشیخ [illegible] بیٹھے تھے دروازہ پر ایک علوی (سید) آکر دروازہ ٹھوکا ہم نے دروازہ کھولا تو اس علوی کیساتھ دو
غلام تھے [illegible] ایک زنبیل تھی جسمیں بہت کچھ تھا ہم بیٹھ کر کہائے باقی ہمارے پاس رکھ چھوڑا جب ہم کہانے سے
فارغ ہوئے تو [illegible] علوی نے کہا کہ کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھوک کی شکایت کی تھی میں نے آنحضرت علیہ السلام
کو خواب میں دیکھا تو تمہارے پاس کچھ کہانا بھیجنے کا حکم فرمایا انتہی۔ اس تذکرہ کو ایک جماعت محدثین نے ذکر کیا ہے
جنمیں سے [illegible] قسطلانی وغیرہم بھی ہیں اسیطرح شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے اپنے بعض فتاوی اور اقتضاء
الصراط المستقیم میں اسکے صحیح ہونیکا اقرار کیا ہے۔ دلیل دوازدہم ابن جوزی نے صفۃ الصفوۃ میں ذکر کیا ہے کہا کہ
ہمکو [illegible] نے خبر دی کہا کہ ہمکو [illegible] نے خبر دی کہا کہ ہمکو ابو عبد الرحمان سلمی نے خبر دی کہا کہ میں نے منصور بن عبداللہ کو کہتے ہوئے
سنا کہ ابو الخیر اقطع کہتے تھے کہ میں مدینہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں فاقہ کی حالت سے داخل ہوا وہاں پانچ روز رہا تو کوئی
چیز نہیں چکھا تو قبر شریف [illegible] نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما پر سلام پڑھکر عرض کیا یا رسول اللہ
آج شب کو میں آپکا مہمان ہوں وہاں سے دور ہو کر منبر کے پیچھے سو رہا خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور
ابو بکر کو آنحضرت علیہ السلام کے [illegible] طرف اور حضرت عمر کو بائیں طرف اور حضرت علی کو روبرو دیکھا حضرت علی نے
مجھکو حرکت دیکر [illegible] فرمایا [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ہیں میں اٹھکر آنحضرت علیہ السلام کے دونوں آنکھوں کے
مبارک درمیان بوسہ دیا تو آنحضرت علیہ السلام نے مجھکو روٹی عطا فرمائی کچھ تو اس میں سے کہایا جب بیدار ہوا تو باقی
آدھی روٹی میرے ہاتھ میں تھی۔ دلیل سیزدہم ابن جوزی کی صفۃ الصفوۃ کے دوسرے باب استسقاء بقبر شریف
نبوی میں ذکر کیا ہے کہ ہمکو عبد الاول بن عیسیٰ نے خبر دی اور اپنی سند کو ابو الجوزاء اوس بن عبداللہ تک پہنچایا
کہا کہ اہل مدینہ سخت قحط زدہ ہو کر عائشہ رضی اللہ عنہا سے شکایت کی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ قبر شریف
نبوی سے آسمان کیطرف دریچہ کرو کہ درمیان میں چھت حائل نہ رہے اسی طرح کیا تو بارش ہوئی سبزہ اگا اور
اونٹ موٹے ہو گئے حتیٰ کہ چربی کی زیادتی سے پھٹ گئے۔ انتہی عائشہ رضی اللہ عنہا نے آنحضرت علیہ السلام سے
اسیطرح سنا ہوگا ورنہ اپنی رائے سے کسطرح یہ کام ادا فرماتیں۔ دلیل چاردہم ابن قیم نے اپنی کتاب اغاثۃ اللھفان
میں ذکر کیا ہے ابن اسحاق سے جو مغازی میں ابو العالیہ سے روایت کیا ہے کہ ہم نے شہر تستر فتح کیا تو ہرمزان کے گھر
میں ایک تخت پایا جس پر ایک میت تھی اسکے سر کے پاس مصحف تھا ہم نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس
وہ اٹھا لایا تو انہوں نے کعب کو بلا کر عربی میں لکھوایا میں پہلا عرب ہوں جو اسکو پڑھا میں نے ابو العالیہ سے کہا اس میں

خوف زدہ ہو کر اونٹنی پر سوار ہو کر مدینہ کا قصد کر کے قبر شریف نبوی پر حاضر ہو کر قبر پر منہ ملنے لگے اور رونے لگے تا آخر قصہ
حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا قبر شریف نبوی پر منہ ملنا صحابہ کے روبرو ہوا کسی نے بلال پر انکار اور اعتراض نہیں کیا انتہی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابو ایوب انصاری کا قبر
شریف نبوی پر پیشانی کو رکھنا اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا خاک پاک قبر شریف نبوی کو آنکھوں پر لگانا (۱۷۵ و ۱۷۹) مع سند کے مذکور ہوا
اس سے یہ امر ثابت ہوتا ہے کہ انبیاء و غیرہم بزرگان دین کی قبروں کو بوسہ دینا اور انکی دہلیز و چوکھٹ کو چومنا جائز ہے والدین کی قبر
کو بوسہ دینا بھی مضائقہ نہیں ہے جیسا کہ فتاوی عالمگیری مطبوعہ احمدی جلد پنجم صفحہ ۲۳۲ میں ہے - لا باس بتقبیل قبر والدیہ کذا فی الغرائب
اپنے والدین کی قبر کو بوسہ دینا مضائقہ نہیں ہے بزرگوں کے روبرو زمین پر رخسارہ کو رکھنا یعنی زمین بوسی مضائقہ نہیں ہے
جیسا کہ نقل الخطاب مؤلفہ مولانا سید شاہ عبد اللطیف صاحب دہلوی مطبوعہ [illegible] میں ہے و صاحب تمال القنیا پر روایت جامع
الصغیر [illegible] یکرہ - لا باس بوضع الخدین بین یدی المشائخ انتہی - وقال صاحب النہایۃ عن الامام الرازی افتی بجواز تقبیل اعتاب
الاولیاء علی قصد التبرک من غیر کراہۃ انتہی - وقال صاحب مصباح الانام وقد کان السبکی مع سعۃ علمہ وجلالۃ قدرہ یمرغ خدہ فی عتبۃ
المحدیث التی [illegible] قدم الامام النووی حتی قال لعلی ان امس بوجہی موضعا مسہ قدم النواوی - کہا صاحب نہایہ
نے کہ امام رازی نے اولیا کی چوکھٹ و دہلیز چومنا بلا کراہت جائز ہونے کا فتوی دیا ہے بقصد تبرک - مشائخ و بزرگان دین کے
سامنے زمین پر رخسارہ رکھ دینا مضائقہ نہیں ہے صاحب مصباح الانام نے کہا کہ علامہ تقی الدین سبکی باوجود واسع العلم و جلیل القدر ہونے
کے اپنے استاد امام نووی کے دار الحدیث میں زمین پر رخسارہ ملتے تھے اس خیال سے کہ شاید امام نووی کا قدم جس زمین پر پڑا ہے
رخسارہ اسکو مس کرے اور مشرف ہو - دلیل ششم حاکم نے مستدرک میں شرط شیخین پر روایت کیا ہے کہ ابو ایوب انصاری نے خلافت
معاویہ میں اپنے فرزند یزید کے ہمراہ قسطنطنیہ پر جنگ کیا وہاں شہید ہوئے تو مسلمانوں نے انکو شہر پناہ کے نیچے دفن کیا اہل روم قحط
سالی انکی قبر کی برکت توسل سے استسقا یعنی پانی مانگتے ہیں اور قبر کی زیارت کرتے ہیں - دلیل ہفتم ابن قیم نے اپنی کتاب الکلیات
اور کتاب البعث والنشور میں ان دو آدمیوں کا ذکر کیا ہے جنہیں سے بعض روافض نے ایک کی زبان کو کاٹا تھا اور دوسرے شخص کی
انگلیوں کو چھوڑ دیا تھا ہر دو قبر شریف نبوی پر حاضر ہو کر استغاثہ کیا تو ان کی گم شدہ زبان و انگلیاں لوٹا کر سرفراز کیا -
دلیل ہشتم ابن جوزی نے اپنی کتاب صفۃ الصفوۃ میں ابو ایوب یعنی کسی قریشی کا ذکر کیا ہے کہ اسکے متعلقین سے ایک
عورت عبادت میں زیادہ کوشش کرتی تھی وانما الصیام طولیۃ القیام تھی اس کے پاس ایک روز شیطان بصورت آدمی آ کر کہا کب تک
اس جسد و روح کو عذاب دیتی رہیگی اگر صیام و قیام کم کر دیگی تو ہمیشہ دوام عبادت پر قوت رہیگی اس عورت نے کہا کہ اس وسوسہ
نے مجھے وسوسہ کا اثر کیا کہ صیام و قیام کم کر دینے پر آمادہ ہوگئی پھر مسجد نبوی میں داخل ہو کر قبر شریف سے توسل کر کے ذکر الٰہی و درود
رسالت پناہی میں مشغول رہی مغرب و عشا کے درمیانی وقت تھا استغفار کر کے اس وسوسہ شیطانی کو ذکر کرتی خدا سے دعا
مانگی قبر شریف نبوی سے ایک آواز سنی فرمان ہوا کہ - ان الشیطان لکم عدو فاتخذوہ عدوا انما یدعو حزبہ لیکونوا من اصحاب
السعیر میرا دل اس وسوسہ سے پاک ہوا اس شب کے بعد سے پھر کبھی اس قسم کا وسوسہ نہ ہوا انتہی - قبر شریف سے استغاثہ کرنا یعنی
صالحین میں ایک امر معلوم و معمول تھا اس استغاثہ کی برکت سے اسکا وسوسہ دفع ہوا قبر شریف سے آواز اتباع شیطانی سے اجتناب
کی سنائی گئی - دلیل نہم ابن جوزی کی کتاب صفۃ الصفوۃ میں (اسکی سند جو احمد بن حنبل تک پہنچی ہوتی ہے) مذکور ہے کہ ابن خزیمہ
بشر بن حارث حافی کو خواب میں دیکھا بشر حافی اکابر تابعین سے ہیں امام احمد بن حنبل سے ورع کا سوال کرتا تو کہتے تھے کہ ورع
کی کیفیت تو بشر بن حارث سے پوچھو مجھ سے کیا پوچھتے ہیں تو بغداد کا [illegible] امام المحدثین علی بن مدینی بشر حافی کے [illegible]

ابن ابی ذئب سے وہ ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ ابن عمرؓ نے منبر کو مسح کیا۔ پس جبکہ منبر پر بقصد تبرک مسح کرنا ثابت ہے تو منبر
جس ذات پاک سے شرف حاصل ہوا ہو اس ذات پاک سے توسل کس طرح ممنوع ہوگا۔ دلیل دوم علامہ مقری مالکی نے فتح المتعال
بصفۃ النعال میں ولی الدین عراقی سے نقل کرتے کہ (حافظ ابوسعید بن العلاء نے کہا کہ شیخ کلام احمد بن حنبل میں جزء قدیم میں
دیکھ پر ابن ناصر وغیرہ حفاظ کا خط ہے) دیکھا کہ قبر شریف و منبر شریف کو بوسہ دینا امام احمد بن حنبل سے سوال کیا گیا تو جواب فرمایا کہ
(لا باس بذلک) کچھ مضائقہ نہیں ہے ہم نے ابن تیمیہ کو یہ جواب دکھلایا تو تعجب کرنے لگے اور کہا کہ میں احمد بن حنبل سے تعجب
کرتا ہوں میرے پاس انکا بڑا مرتبہ ہے یہ انکا کلام ہے کونسی عجب بات ہے کہ ہمکو امام احمد بن حنبل کی خبر ملی ہے کہ وہ امام
شافعی کا پیرہن دھوکر پیرہن دھویا ہوا پانی نوش کیے امام احمد بن حنبل جب اہل علم کی ایسی تعظیم کرتے تھے تو انبیاء وصحابہ
کے آثار کی تعظیم کا کیا حال ہوگا۔ مجنون عامری نے کیا ہی اچھا کہا ہے ۔ امر علی الدیار دیار لیلی اقبل ذا الجدار و ذا الجدار و
وما حب الدیار شغفن قلبی ولکن حب من سکن الدیارا۔ دلیل سوم بخاری وغیرہ میں ہے کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بعد
وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بوسہ دیا اور کہا کہ بابی انت وامی طبت حیا ومیتا۔ ابن جوزی نے کتاب الوفا میں حضرت
علی رضی اللہ عنہ سے بھی اس کے مثل بیان کیا ہے اس سے میت کو بوسہ دینا اور ندا وخطاب کرنا ثابت ہوا اگر ممنوع ہوتا تو ابوبکر وعلی
رضی اللہ عنہما یہ کام نہ کرتے تھے۔ دلیل چہارم ابن جوزی نے صفۃ الصفوۃ میں امام احمد بن حنبل سے روایت کیا ہے کہا کہ جب ابو
عبداللہ امام احمد بن حنبل قید میں تھے تو فضل بن ربیع کی بعض اولاد نے تین موئے مبارک عطا کیے امام احمد نے موت کے وقت یہ
وصیت کی ہر ایک آنکھ پر ایک اور زبان پر ایک موئے مبارک رکھا جائے حسب وصیت عمل کیا گیا انتہی
دیکھیے امام احمد بن حنبل نے موئے مبارک سے توسل و تبرک کیا حالانکہ وہ جانتے تھے بلکہ وہ آنحضرت علیہ السلام کے موئے مبارک
ہونے کا یقین بھی نہیں صرف نسبت وشہرت پر اسقدر تعظیم اور کی ہم غلامان امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی ان اکابر دین
کی پیروی ضرور ہے بزرگوں کے آثار شریفہ کی صحت سند کی تحقیق ضرور نہیں صرف نسبت شہرت کافی ہے دلیل پنجم سفیری
شارح بعض مجالس احادیث بخاری نے ذکر کیا ہے کہا کہ عزالدین بن جماعہ نے اپنی کتاب الانس المحاضرۃ میں علی بن میمون
سے نقل کیا ہے کہا کہ شیخ امام شافعی رضی اللہ عنہ سے سنا فرماتے تھے (انی لاتبرک بابی حنیفۃ واجئی الی قبرہ فی کل یوم
یعنی زائرا فاذا عرضت حاجۃ صلیت رکعتین وجئت وسئلت اللہ تعالی الحاجۃ عندہ فما تبعد حتی تقضی انتہی)
(وصلیا الاخوان) کہ میں ابوحنیفہؓ سے تبرک حاصل کرتا ہوں انکی قبر شریف پر ہر روز زیارت کیلئے آتا ہوں جب کوئی حاجت
پیش ہوتی ہے تو دو رکعت نماز پڑھتا ہوں اور قبر شریف ابوحنیفہؒ کے پاس آکر اللہ تعالی سے حاجت طلب کرتا ہوں تو بہت
جلد میری حاجت روا ہوتی ہے انتہی۔ اس روایت سے سفر زیارت درست ثابت ہوا اور لاتشد الرحال کا مفہوم سفر زیارت
سے مانع نہیں ہے اور امام ابوحنیفہؒ کی قبر شریف کو امام شافعی رضی اللہ عنہ کا وسیلہ بنانا اور وسیلہ بنانے سے انکی حاجت
روائی وحصول مراد بھی ثابت ہوا جب ایسے اکابر امامان دین نے قبر سے خود توسل کیا اور جائز رکھا ہے تو مانعین کو بجز حسرت
حرمان کے کچھ نصیب نہیں

انبیاء اولیاء سے توسل وشفاعت طلبی وندا استغاثہ کے جواز پر فقہا کے اقوال

ابن تیمیہ نے اقتضاء الصراط المستقیم میں عتبی کے قصہ میں جس نے بعد وفات نبی علیہ السلام سے شفاعت طلب کی کہا کہ بعض اصحاب
شافعی واحمد نے اس حکایت کی قبولی بیان کرتے ہوئے اپنے مناسک میں ذکر کیا ہے مقصود یہ کہ ابن تیمیہ نے اقرار کیا ہے

طالب ہوا ہے پس (یا محمد بن بے سر و سامان مدد ے) اور غوث اعظم بن عاجز و حیران مدد ے) لکھنا بدرجہ اولی جائز ہے

(سماع موتی کے حنفیہ وجملہ فقہاء و محدثین قائل ہیں فقط معتزلہ اور وہابیہ منکر ہیں)

اگر کوئی اعتراض کرے کہ مذہب حنفی میں زندوں کے کلام کو مردوں کا سننا ثابت نہیں ہے کیونکہ حنفیہ نے کہا ہے کہ اگر ایک شخص نے قسم کھائی کہ میں زید سے کلام نکرونگا پس اگر زید مرنیکے بعد اس کی قبر پر جاکر اس سے کلام کریگا تو وہ حانث نہوگا اس مسئلہ سے معلوم ہوا کہ اگر حنفیہ سماع موتی کے قائل ہوتے تو زید مرنیکے بعد کلام کرنے سے حانث ہونیکا حکم کرتے تھے جواب یہ ہے کہ حنفیہ حانث نہونیکا حکم کرنے سے حنفیہ کو سماع موتی کے منکر سمجھنا بالکل غلط ہے کیونکہ حانث نہونیکا حکم کرنا صرف اس بنا پر ہی کلام کرنا جو عرف میں معروف ہے وہ زندوں سے کلام کرنا مراد ہے قسم کھانیوالے نے زید سے کلام کرنے پر قسم کھائی تھی اس سے یہی مراد ہے کہ زید زندہ رہنے تک اس سے کلام نکریگا اسی مطابق اس نے زید سے کلام نہیں کیا تو اس کی قسم نہیں ٹوٹیگی وہ حانث بھی نہوگا کیونکہ مرنے کے بعد میت سے کلام کرنے کو عرف میں تکلم نہیں کہا جاتا زندوں سے بات کرنے کو ہی کلام کہا جاتا ہے جیساکہ امام ابن الہمام نے فتح القدیر شرح ہدایہ میں فرمایا ہے یمینہ لا ینعقد الا علی الحی لان المتعارف هو الکلام معه پس حانث نہونیکا حکم کرنے سے حنفیہ کو سماع موتی کے منکر سمجھنا غلط ہے۔ دوسرا اعتراض یہ ہے کہ حنفیہ نے قبر پر میت کی تلقین کو لغو کہا ہے اس سے معلوم ہوا کہ اگر حنفیہ سماع موتی کے قائل ہوتے تو تلقین میت کو ہرگز لغو نہ کہتے تھے اس کا جواب یہ ہے کہ عدم سماع موتی کیوجہ سے حنفیہ نے تلقین کو لغو نہیں کہا ہے بلکہ اس لئے کہ تلقین میں توحید و رسالت و مسئل وجود ... قبر و وزن اعمال و پلصراط جنت و دوزخ و حشر و نشر ... امور آخرت و عقائد اسلام ... وصادق ہونے پر ایمان لانیکی تعلیم و تاکید کی جاتی ہے ان امور مذکورہ کی تعلیم و تلقین زندگی میں نہایت مفید اور ضروری ہے مرنیکے بعد ان امور کی تلقین لغو ہے کیونکہ اگر وہ اسلام و ایمان پر مرا ہے تو شہادت توحید و رسالت و جملہ عقائد اسلام پر اس کا ایمان واعتقاد ثابت ہوا پھر اس تلقین کی کچھ حاجت و ضرورت نہ رہی۔ اگر وہ کفر پر مرا ہے تب بھی یہ تلقین لغو ہے کیونکہ مرنیکے بعد ایمان لانیکا کیا موقعہ ہے اور کیا فائدہ ہے اس لئے حنفیہ نے تلقین میت کو ایک لغو فعل کہا ہے تلقین کو لغو کہنے سے حنفیہ کو سماع موتی کے منکر سمجھنا بالکل غلط ہے مولانا ملک العلماء بحر العلوم عبد العلیؒ نے ارکان اربعہ میں فرمایا ہے للمیت لا فائدة فی تلقینه اصلا لانه ان مات مسلما فهو ثابت علی الشهادة بالتوحید والرسالة فالتلقین لغو وان مات کافرا فلا یفیدہ التلقین لانه لا ینفعه الایمان بعد الموت وما قیل ان التلقین لغو لان المیت لا یسمع فهذا باطل پس صاحب غایۃ الاوطار یعنی مترجم در مختار نے حنفیہ کے سماع موتی کے منکر ہونے پر زید سے کلام نکرنے پر قسم کھانیوالا بعد موت کے زید کے قبر سے کلام کرنیکی صورت میں حانث نہونے کے مسئلہ حنفیہ سے اور تلقین میت کو حنفیہ لغو کہنے کو جو دلیل وسند گردانا ہے باطل ہے اور انک لا تسمع الموتی اور وما انت بمسمع من فی القبور کو سماع موتی کی نفی پر دلیل گردانا بھی باطل ہے اس لئے کہ ان آیات مذکورہ میں سماع کی نفی نہیں ہے بلکہ اسماع کی نفی ہے علاوہ اسکے جنگ بدر میں کفار قلیب بدر کو آنحضرتؐ نے ان کے نام سے پکارا تو صحابہ نے عرض کیا جسم بیجان کو آپ پکارتے ہو کیا وہ سنتے ہیں آنحضرتؐ نے فرمایا انتم باسمع منهم تم ان مردہ کفار سے زیادہ نہیں سن سکتے ہو لیکن وہ ایسا جواب نہیں دیتے جس کو تم سن سکو۔ اس سے ثابت ہوا کہ کفار موتی بھی سنتے ہیں۔ امام ابن الہمام نے فتح القدیر حاشیہ ہدایہ کے آخر کتاب الحج میں فرمایا ہے وقالوا فی زیارة القبور مطلقا الاولی ان یاتی الزائر من قبل رجل المتوفی لا من قبل راسه فانه اتعب لبصر المیت علمائے مطلقاً زیارت قبور کے بارہ میں کہا ہے کہ زائر میت کے پاؤں کی طرف سے نہ آوے

فاذا اراد اللہ ان یسمعہم کلام الاحیاء فہم یسمعون وعلیہ یحمل الحدیث ولا بد من التطبیق بین الکتاب والسنۃ بالحمل السماع العادی مثل الاحیاء منفی عن الاموات والسماع المخصوص ببعض الاحیان ثابت لہم بنصوص الاحادیث الصحیحۃ والکتاب لا ینفیہ — ویقال ان المراد فی الآیۃ بالاحیاء المؤمنون والاموات الکافرون وقد اخرج العقیلی عن ابی ہریرۃ قال قال ابو رزین یا رسول اللہ ان طریقی علی الموتیٰ فہل من کلام اتکلم بہ اذا مررت علیہم قال قل السلام علیکم یا اہل القبور الی آخرہ قال ابو رزین یسمعون قال یسمعون ولکن لا یستطیعون ان یجیبوا قال السیوطی ای جوابا یسمعہ الحی والا فہم یردون حیث لا نسمع انتہیٰ۔

خلاصہ اس تحریر کا یہ ہے کہ میت کے اجزاء بدن بوسیدہ و پاریدہ و پراگندہ و خاک و خاکستر ہونے پر بھی اسے روح کا تعلق باقی رہتا ہے۔ اسلئے زائرین کے کلام و سلام کو موتیٰ قبروں میں سنتے اور پہچانتے اور ان کیلئے دعائے خیر کرتے ہیں۔ باہم انس لیتے ہیں۔ بعض نماز پڑھتے ہیں۔ قرآن پڑھتے ہیں باہم دیگر ملاقات کرتے ہیں۔ خوش عیش رہتے اور لباس پہنتے۔ جنت کے پھل کھاتے۔ اور اسکا پانی پیتے ہیں زائرین کے احوال کو جانتے ہیں۔ اور ان کے سلام کا جواب دیتے ہیں۔ اور اون کی صورتوں کو دیکھتے ہیں مگر اتنی بات ہے کہ اپنی صورتیں و آواز زندوں کو جب چاہیں دکھا و سنا نہیں سکتے ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ بعض زندوں کو ان موتیٰ کی صورتیں اور ان کا کلام دکھاتا و سناتا ہے۔ اور بعض وقت کلام زائرین کو نہ سنتے ہیں نہ جانتے ہیں نہ پہچانتے ہیں بلکہ اپنی قبروں میں سوتے ہوئے غافل یا عالم قدس میں اسطرح مشغول رہتے ہیں۔ کہ اپنے قبور و ابدان کیطرف ملتفت نہیں ہوتے۔ ہمارے شیخ ابن قیم نے اللہ کے قول انک لا تسمع الموتیٰ اور وما انت بمسمع من فی القبور کے متعلق کہا ہے کہ سیاق عبارت اس بات پر دال ہے کہ یہاں مردہ دل کافر مراد ہے یعنی۔ اے نبی تم مردہ دل کافر کے ایسے سنانے پر جس سے وہ نفع پاسکے قادر نہیں ہو۔ جس طرح تم اہل قبور کے سنانے پر جس سے وہ نفع پاسکیں قادر نہیں ہو۔ اور اللہ تعالیٰ کی یہ مراد نہیں ہے کہ اہل قبور کچھ بھی کسیطرح بھی سنتے ہی نہیں۔ یہ کسطرح ہوگا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی ہے کہ اہل قبور اپنے رخصت کرنیوالوں کے جوتوں کی آوازوں کو سنتے ہیں تا آخر قول مبسوطاً و ہبکی نے کہا کہ اور اکات مثل علم سماع بیشک شہداء و جملہ موتیٰ کے لئے ثابت ہے۔ ہمارے شیخ ابن قیم نے کہا کہ نبی علیہ السلام نے اپنی امت کو حکم کیا کہ جب اہل قبور کو سلام کریں تو اسطرح کریں جسطرح خطاب کرنیوالوں کو سلام کرتے ہیں۔ یعنی کہے السلام علیکم دار قوم مومنین۔ اسطرح سننے و سمجھنے والوں کو خطاب کیا جاتا ہے۔ اگر اہل قبور کو سماعت و عقل و ادراک نہ ہو تو یہ خطاب بمنزلہ خطاب معدوم و جماد ہے سماع موتیٰ پر سلف کا اجماع ہے۔ ان سے متواتر آثار ثابت ہیں۔ اس امر پر کہ میت اپنے زندہ زائر کو پہچانتی۔ اور اس سے خوش ہوتی ہے۔ اور ہمارے شیخ ابن تیمیہ نے کہا کہ مردہ بات بھی کرتا ہے۔ اور سنتا ہے۔ اور ابن تیمیہ کا یہ بھی قول ہے کہ احادیث و آثار اس بات پر دال ہیں کہ جب زائر آتا ہے۔ تو اس کو مزور یعنی مردہ پہچانتا ہے۔ اسکا کلام سنتا ہے اس سے

چونکہ اس میں میت کی بعبارت کو تکلیف ہوتی ہے۔ اس سے زائر کو میت کا دیکھنا ثابت ہوا اشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ
میں ہے (بالجملہ کتاب وسنت مملو ومشحون اند باخبار وآثار کہ دلالت میکنند بر وجود علم موتی بدنیا واہل آں پس منکر نشود
ن را مگر جاہل باخبار ومنکر دین) اس سے معلوم ہوا کہ علم وادراک موتی کا منکر جاہل ومنکر دین ہے۔ اشعۃ اللمعات کے آخر
ب الجنائز میں ہے (درین حدیث دلیلے واضح است بر حیات میت وعلم وی وآنکہ واجب است احترام میت نزد
یات وی خصوصاً صالحان وملاعات ادب بر قدر مراتب ایشان چنانکہ در حیات ایشان) ھدایۃ المہدی جلد اول
ص ۵۹ میں مولوی وحید الزماں نے لکھا ہے (وانما یبقی للروح تعلق ما باجزاء البدن وان بلیت وتمزقت وتفرقت
ادت ترابا اور رمادا ولذالک تسمع الموتی فی القبور سلام الزائرین وکلامھم ویعرفون من یسلم علیھم ومن
دعو لھم ویستانسون فیما بینھم وناس منھم یصلون ویقرؤن القرآن ویتزاورون ویتلاقون ویتنعمون و
یلبسون ویاکلون من ثمار الجنات ویشربون من میاھھا ویعلمون باحوال زائرھم ویردون سلامھم ویرون
شخاصھم الا انھم لا یقدرون علی ان یسمعوا اصواتھم او یروا اشخاصھم الاحیاء کلما شاؤا وربما یرھم اللہ لبعض
لاحیاء ولیسمع کلامھم وربما لا یسمعون ولا یعلمون ولا یعرفون زائریھم بل یکونون نائمین غافلین فی القبور
مشغولین فی عالم القدس بحیث لا یلتفتون الی قبورھم وابدانھم فی الدنیا قال شیخنا ابن القیم اما قولہ تعالیٰ
انک لا تسمع الموتی وقولہ تعالیٰ وما انت بمسمع من فی القبور فسیاق الآیۃ یدل علی ان المراد ھھنا ان
الکافر المیت القلب لا تقدر علی اسماعہ اسماعا ینتفع بہ کما ان من فی القبور لا تقدر علی اسماعھم اسماعا
ینتفعون بہ ولم یرد سبحانہ ان اصحاب القبور لا یسمعون شیئا البتۃ کیف وقد اخبر النبی صلعم انھم یسمعون
خفق نعال المشیعین الی آخر ما قال وبسط الکلام قال السبکی اما الادراکات کالعلم والسماع فلا شک
ان ذلک ثابت للشھداء ولسائر الموتی وقال شیخنا ابن القیم وقد شرع النبی لامتہ اذا سلموا علی اھل القبور
ان یسلموا علیھم سلام من یخاطبونہ فیقول السلام علیکم دار قوم مومنین وھذا خطاب لمن یسمع ویعقل
ولا ذلک لکان ھذا الخطاب بمنزلۃ خطاب المعدوم والجماد والسلف مجمعون علی ھذا وقد تواترت
الآثار عنھم بان المیت یعرف بزیارۃ الحی لہ ویستبشر بہا وقال شیخنا ابن تیمیۃ قد یتکلم المیت ویسمع
ایضا من کلامہ والاحادیث والآثار تدل علی ان الزائر متی جاء علم بہ المزور وسمع کلامہ و
انس بہ ورد سلامہ علیہ وھذا عام فی حق الشھداء وغیرھم وانہ لا توقیت فی ذالک وقد شرع
النبی لامتہ ان یسلموا علی اھل القبور سلام من یخاطبونہ ممن یسمع ویعقل انتھی قلت قد خالفنا فی
مسئلۃ سماع الموتی المعتزلۃ وفقھاء الاحناف وبعض المنتحلین ممن سمی نفسہ باھل الحدیث ولیس من
اھل الحدیث وتمسک بظاھر قولہ تعالیٰ وما یستوی الاحیاء ولا الاموات قلنا مقصود الآیۃ عدم
المساواۃ فی سماع اجابۃ او سماع دائمی عادی مثل الاحیاء اما السماع المختص ببعض الاحیان اذا اراد اللہ
اسماعھم فیدل علیہ سیاق الآیۃ حیث قال فیما بعد ان اللہ یسمع من یشاء وقال النبی ما انتم باسمع
لما اقول منھم

کہ انسؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان اعمالکم تعرض علی اقاربکم و عشائرکم من الاموات فان کان خیرا استبشروا وان کان غیر ذالک قالوا اللھم لا تمتھم حتی تھدیھم کما ھدیتنا۔ بیشک تمہارے اعمال تمہارے اقارب و عشائر اموات پر پیش ہوتے ہیں اگر نیک عمل ہیں تو وہ خوش ہوتے ہیں۔ اگر نیک عمل نہیں ہیں تو کہتے ہیں۔ کہ یا اللہ ان کو ہماری طرح ہدایت کیے بغیر موت مت دے۔ پس جبکہ موتی سنتے ہیں اور زائرین کو پہچانتے ہیں سلام کا جواب دیتے ہیں اور زندہ لوگوں کے اعمال و احوال سے واقف ہو کر نیک اعمال سے خوش۔ اور بد اعمال کی تبدیل و اصلاح حال کے لئے دعائے خیر کرتے ہیں تو ان اموات صالحین سے توسل و مدد مانگنا بھی بیشک و شبہ جائز ہے۔

فصل قبروں پہ پھول یا پھول کی چادر و پھول کا پنکھا چڑھانے اور صندل لگانے و عود و بخور جلانے و غلاف ڈالنے کے بیان میں ہے۔ واضح ہو کہ حدیث صحیح میں وارد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایسی دو قبروں پر گذر ہوا کہ دونوں قبر والے عذاب میں مبتلا تھے۔ آنحضرت علیہ السلام نے کھجور کی شاخ تر و تازہ چیر کر ہر ایک قبر پہ ایک ایک ڈالی لگا کر فرمایا کہ ان ہر دو کے عذاب میں تخفیف ہوگی جبتک یہ دونوں ڈالیاں خشک نہ ہوں۔ اس حدیث سے علماء نے استدلال کر کے پھول و سبزہ و سبز ڈالی و سبز درخت کا قبروں پہ رکھنا جائز و موجب تخفیف عذاب میت کہا ہے۔ علامہ طحطاوی نے حاشیہ مراقی الفلاح میں کہا ہے۔ قد ورد الحدیث انہ صلی اللہ علیہ وسلم شق جریدۃ نصفین ووضع علی کل قبر نصفا وکانا قبرین یعذب صاحباھما وقال انی لارجو ان یخفف عنھما ما لم ییبسا لانھما یسبحان ما داما رطبین وبہ تنزل الرحمۃ کما فی شرح البخاری وشرح المشکوۃ وقد افتی بعض الائمۃ من المتاخرین من اصحابنا بان ما اعتید من وضع الریحان والجرید سنۃ لھذا الحدیث واذا کان یرجی التخفیف للمیت بتسبیح الجرید فتلاوۃ القرآن اعظم برکۃ انتھی۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شاخ کو دو ٹکڑے کر کے ہر ایک قبر پہ ایک ڈالی لگا کر ارشاد فرمایا کہ ان ہر دو کو عذاب ہوتا تھا جبتک یہ ڈالیاں خشک نہ ہوں گی تسبیح کرتی ہیں ان کی تسبیح سے تخفیف عذاب کی میں امید رکھتا ہوں اور رحمت الٰہی نازل ہوگی جیسا کہ شرح بخاری میں ہے اور شرح مشکوٰت میں ہے کہ ہمارے بعض ائمہ متاخرین حنفیہ نے فتویٰ دیا ہے کہ جس قسم کی خوشبو و پھول و شاخ تر رکھنے کی عادت جاری ہے اس حدیث کی اتباع سنت ہے۔ جبکہ شاخ تر کی تسبیح سے تخفیف عذاب میت کی امید کیجاتی ہے تو تلاوت قرآن سب سے بڑی برکت کی چیز ہے۔ انتہی۔ فتاویٰ عالمگیری مطبوعہ مصری جلد پنجم صفحہ ۳۵۱ میں ہے وضع الورود والریاحین علی القبور حسن۔ ترجمہ پھول و سبزہ و خوشبو چیزوں کا قبروں پر رکھنا اچھا ہے۔ تحقیق الحق المبین فی اجوبۃ مسائل الاربعین صفحہ ۳۹ نہادن گل بر قبر از جملہ مسنونات است چنانچہ صاحب لوامع الانوار میفرماید گیسوؒ وضع جریدۃ خضراء علی القبر لاتباع وسندہ صحیح۔ ولانہ یخفف عنہ العذاب ببرکۃ تسبیحھا وتسبیحھا اکمل من تسبیح الیابس لما فی ذالک من نوع حیاۃ وقیس بھا ما اعتید من طرح الریحان

السنت پاتا ہے۔ اور ان کے سلام کا جواب دیتا ہے۔ یہ شہدا و غیرہم کے حق میں عام ہے۔ اس میں کچھ وقت مقرر نہیں ہے۔ نبی علیہ السلام نے اپنی امت کو حکم فرمایا ہے کہ اہل قبور کو ایسا سلام کریں جیسا کہ وہ اپنے مخاطب سننے و سمجھنے والوں کو سلام کرتے ہیں۔ انتہیٰ۔ صاحب کتاب مولوی وحید الزمان نے کہا کہ میں کہتا ہوں کہ معتزلہ و فقہائے احناف اور بعض وہ لوگ جنہوں نے اپنا نام اہل حدیث رکھا ہے۔ اور دراصل اہل حدیث نہیں ہیں۔ سماع موتیٰ کے مسئلہ میں ہم سے مخالف ہیں یعنی ہم سماع موتیٰ کے قائل ہیں۔ اور معتزلہ و فقہائے احناف و جہو۔ ٹے مدعیان اہل حدیث منکر ہیں و نیز فقہائے حنفیہ ہرگز سماع موتیٰ کے منکر نہیں ہیں جسکی تحقیق و تفصیل سابقاً مذکور ہو چکی۔ (پھر کہتا ہے) سماع موتیٰ کے منکرین نے **وما یستوی الاحیاء و الاموات** کو عدم سماع موتیٰ پر دلیل گردانا ہے ہم کہینگے کہ آیت سے سماع اجابت یا سماع دائمی عادی مثل سماع احیاء میں مردوں و زندوں کی مساوات مقصود ہے۔ لیکن بعض اوقات کیساتھ جو سماع مختص ہے اس قسم کا سماع جب خدا موتیٰ کو سنانا چاہے تو اوس کے ثبوت پر سیاق آیت دال ہے جیساکہ اس آیت کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے **ان اللہ یسمع من یشاء**۔ اور نبی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ **ما انتم باسمع من ھؤلاء** (اے عمران موتیٰ سے زیادہ تم نہیں سنتے ہو) پس جب زندوں کا کلام موتیٰ کو خدا سنانا چاہے تو موتیٰ سنتے ہیں۔ اسی مدعا پر حدیث محمول ہو گی۔ اور قرآن و حدیث میں تطبیق کی ضرورت ہے اسلئے آیت **انک لا تسمع الموتیٰ**۔ زندوں کے مثل مردے نہیں سننے پر عمل کیا جائیگا۔ اور احادیث صحیحہ سے بعض اوقات میں موتیٰ کا سماع ثابت کیا جائیگا۔ جسکی نفی قرآن نہیں کرتا ہے۔ بعض نے کہا کہ احیاء سے مومنین اور اموات سے کفار مراد ہیں۔ عقیلی نے ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ ابو رزین نے کہا کہ یا رسول اللہ میرا راستہ موتیٰ پر سے ہے کیا کوئی ایسا کلام ہے جب کیا تو موتیٰ سے کلام کروں۔ آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا **السلام علیکم یا اھل القبور** تا آخر کہو۔ ابو رزین نے کہا کیا وہ مردے سنتے ہیں آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا ہاں۔ سنتے ہیں لیکن جواب نہیں دیتے ہیں۔ سیوطی نے کہا ایسا جواب جسکو زندہ لوگ سن سکیں نہیں دیتے ہیں۔ ورنہ وہ موتیٰ جواب تو ضرور دیتے ہیں جس کو ہم نہیں سن سکتے۔ انتہیٰ پس اس بیان سے ثابت ہوا کہ سماع موتیٰ حق ہے بجز معتزلہ اور باطل مدعیان اہل حدیث کے کوئی اہل حق اس کا منکر نہیں ہے۔ اسکے علاوہ زندوں کے اعمال کا مردوں پر پیش ہوتا۔ اور نیک اعمال سے خوش ہونا۔ اور بد اعمال سے ناخوش ہو کر ان کے اصلاح حال کیلئے دعائے خیر کرنا بہی حدیثوں سے ثابت ہے جیساکہ ابن رجب نے اہوال القبور میں۔ اور حافظ سیوطی نے اپنے رسالہ اللمعۃ عن الاسئلۃ السبعۃ میں بیان کیا ہے۔ عبارت ابن رجب احمع للادلۃ ہے کہا کہ ابن ابی الدنیا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ **لا تفضحوا امواتکم بسیئات اعمالکم فانھا تعرض علی اولیائکم من اھل القبور** امام احمد نے کہا کہ ہمکو عبد الرزاق نے بیان کیا اسنے انس سے سنے ہوئے شخص سے روایت کی

جماعة منهم الحافظ العينی الحنفی شارح البخاری۔ والمقری المالكی صاحب فتح المتعال۔ والسمهودی الشافعی۔ ولا منافاة بين الكراهة والاستحسان بانه مقيد بنية التبرك والاعمال بالنيات۔ والامور بمقاصدها ولكل امرئ مانوی ونية المؤمن خير من عمله انتهى۔ (ترجمہ) سوائے قرآن شریف کے دوسری چیزوں کو بوسہ دینا جیسا کہ انبیا و قابل تبرک صلحا کی قبروں کو چومنے اور بوسہ دینے میں علماء کو کلام ہے۔ بعض نے مکروہ کہا ہے۔ بعض علماء نے مستحسن کہا ہے حتیٰ کہ امام شافعی رحمہ اللہ نے مطلقاً قبروں کو بوسہ دینا مباح کہا ہے۔ جبکہ بقصد تبرک ہو۔ اسی قول پر ایک گروہ محدثین نے اعتماد کیا ہے۔ منجملہ ان کے حافظ علامہ بدر الدین عینی حنفی شارح بخاری اور مقری مالکی صاحب فتح المتعال۔ اور علامہ سمہودی شافعی ہیں۔ اسکے مکروہ و مستحسن ہونے میں کوئی ضد و منافات نہیں ہے۔ کیونکہ بوسۂ قبور کا جواز تبرک کی نیت سے مقید ہے۔ اور اعمال کا تعلق نیت پر ہے۔ ہر آدمی کو اپنی نیت کے مطابق اجر ہوگا۔ مومن کی نیت اسکے عمل سے بہتر ہے۔ اور اس سے قبل توسل و استمداد کے بیان دلائل اثبات میں سے دلیل پانزدہم میں مذکور ہے کہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف پر اپنی پیشانی کو رکھا تو مروان نے اعتراض کیا اسکے جواب میں فرمایا۔ جئت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولم آت الحجر۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا ہوں سلئے پیشانی رکھدیا ہوں۔ حجرہ یا پتھر کے پاس نہیں آیا ہوں۔ جو پیشانی نہ رکھوں اس حدیث سے بوسۂ قبر ثابت ہوا۔ اسیطرح دلیل شانزدہم میں ہے کہ حضرۃ سیدۃ النساء فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف سے یکمشت خاک پاک کو لیکر آنکھوں پر رکھا۔ اور گریاں و نالاں اشعار پڑھیں۔ ماذا علی من شم تربة احمد ان لا یشم مدی الزمان غوالیا ٭ صبت علی مصائب لو انها ٭ صبت علی الایام صرن لیالیا ٭۔ اس حدیث سے بھی خاکبوسی قبر شریف ثابت ہے۔ نیز دلیل ہفدہم میں مذکور ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ خواب دیکھکر گھبرا کر مدینہ منورہ میں قبر شریف نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضر ہوکر قبر شریف پر پیشانی ملنے لگے صحابہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) کو دیکھکر اعتراض نہیں کیا۔ تحقیق الحق المبین فی اجوبة مسائل الاربعین کے صفحہ (۳۸) میں ہے وقال الخطيب بعد ما ذكر عن بلال وابن عمر لا شك ان الاستغراق فی المحبة يحمل على الاذن فی ذلك والقصد من ذلك كله الاحترام والتعظيم خطیب نے بلال و ابن عمر رضی اللہ عنہم کی روایات ذکر کرنیکے بعد کہا کہ بیشک محبت میں مستغرق ہونا ان کاموں کے اذن پر برانگیختہ کرتا ہے۔ ان سب کاموں سے مقصود احترام و تعظیم ہے۔ پھر اسکے بعد کہا کہ وعلى هذا يحمل قول المحب الطبری و ابن ابی الصيف۔ یعنی

ونحوہ۔ پس انداختن چادر و گل بر جنازہ نیز ہمیں حکم دارد۔ و ہر چیزیکہ راحت رسان زندہ است راحت رسان مردہ است) قبر پر سبز ڈالی کا رکھنا اتباع رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے مسنون ہے۔ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔ اور شاخ سبز کی تسبیح کی برکت سے عذاب میں تخفیف ہوتی ہے۔ کیونکہ شاخ تر کی تسبیح سوکھی ڈالی کی تسبیح سے کامل تر ہے۔ کیونکہ شاخ تر میں ایک قسم کی حیات ہے۔ شاخ تر پر قیاس کر کے پھول و سبزہ و صندل وار گجہ وغیرہ خوشبو و تر چیزوں کو قبروں پر ڈالنے کی اجازت ہوگئی ہے۔ پس جنازہ پر چادر و گل ڈالنے کا بھی یہی حکم ہے۔ اور جو چیز زندہ کو راحت پہونچاتی ہے مردہ کو بھی راحت پہونچاتی ہے۔ پس جبکہ پھول ڈالنا حسن و بہتر ہے تو اگر تاگے میں پرو کر ہار یا چادر گل بناکر یا پنکھے کی شکل بناکر قبروں پر رکھنا۔ تاکہ وہ مجتمع رہیں۔ ہوا کی وجہ سے پراگندہ و متفرق نہ ہو جائیں اور قبروں سے دور نہ ہونے پائیں بیشک جائز ہے کوئی ممانعت کی وجہ نہیں ہے۔ صندل بھی ریاحین و خوشبودار اشیا میں ہے۔ زندوں کی روح کو راحت رساں ہے۔ اور جس چیز سے زندوں کو راحت حاصل ہو اموات کو بھی اس سے راحت ہوتی ہے۔ مالہ بیبسا کے اعتبار سے صندل بھی تر و تازہ خدا کی تسبیح کرنیوالی چیزوں میں داخل ہے۔ خوشبوئی کے اعتبار سے ورد و ریاحین میں شامل ہے اسلئے مثل ورد و ریاحین قبروں پر صندل مالی بھی جائز ہے کیونکہ ورد و ریاحین کا قبر پر رکھنا جبکہ جائز بلکہ حسن و بہتر ہے تو صندل اسی ورد و ریاحین سے مخلوط و مرکب۔ اور خوشبوئی کے اعتبار سے عین ورد و ریاحین ہے تو کوئی وجہ ناجائز و بدعت ہونیکی اس میں نہیں ہے۔ اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ صندل مالی میں قبروں پر ہاتھ سے ملنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور قبروں پر تعظیماً و تبرکاً ہاتھ رکھنا شرعاً جائز نہیں ہے۔ جیسا کہ فتاوائے عالمگیری مطبوعہ احمدی جلد پنجم صفحہ (۲۲ا) میں ہے۔ ولا یمسح القبر ولا یقبلہ فان ذالک من عادۃ النصارٰی

جواب اسکا یہ ہے کہ یہ عام قبور کا حکم ہے۔ اور خاص قبور کا حکم بھی خاص ہے۔ یعنی والدین کی قبروں کو چومنا اور بوسہ دینا بھی جائز ہے۔ اسی جلد پنجم فتاوای عالمگیری صفحہ (۱۳۳) میں ہے۔ ولا باس بتقبیل قبر والدیہ کذا فی الغرائب (ترجمہ) والدین کی قبروں کو چومنا و بوسہ دینا کچھ مضائقہ نہیں ہے۔ جبکہ والدین جسمانی کی قبروں کو بوسہ دینا جائز ہے تو روحانی والدین اساتذہ و مرشدان نامدار و پیران کامگار اولیا و انبیا علیہم السلام کی قبور شریفہ کو بوسہ دینا بھی بدرجۂ اولیٰ جائز ہے۔ اسلئے کہ جسطرح جسم ادنیٰ ہے۔ روح اعلیٰ ہے اسیطرح جسمانی والدین کا مرتبہ ادنیٰ ہے۔ روحانی والدین کا مرتبہ اعلیٰ ہے۔ جس سے روحانی تعلیم و تربیت اور احسان حج معاد حاصل ہوتی ہے۔ پس جسمانی والدین کی تعظیم سے روحانی والدین کی تعظیم افضل و اقدس ہے۔ طوالع الانوار حاشیہ در مختار میں ہے۔ وما التقبیل لغیر المصحف کقبور الانبیا و من یتبرک بھم فللعلماء فیہ کلام کرھہ بعضھم و استحسنہ بعضھم حتی ان الشافعیؒ اباحہ مطلقا اذا کان للتبرک و اورد واعتذار

صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور آپ کے دو یار رفیق ابوبکر اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی قبروں سے پردہ و
غلاف اٹھا دے تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے میرے لئے ان قبروں سے غلاف اٹھا دیا
تو وہ قبور شریفہ نہ بالکل بلند تھے۔ نہ زمین و میدان سرخ سے بالکل چسپیدہ و پست تھے۔ اسکو
ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔ ملا علی قاری نے اکشف لی کی شرح میں اظہری وارفعی استارہ
لکھا ہے۔ استار جمع ستر یعنی پردہ وغلاف ہے۔ اس حدیث سے قبروں پر پردہ و غلاف ڈالنا
صراحتہً ثابت ہوا۔ فقہا میں اگرچیکہ بعض نے مکروہ کہا ہے۔ مگر علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ نے
ردالمحتار حاشیہ درمختار کی کتاب الحظر والاباحۃ میں بھی تحریر کی ہے کہ زائرین غافلین کو اہل
قبور اولیا کا خوف و ادب حاصل ہونے کے لئے قبروں پر دستار و کپڑے وغلاف کا رکھنا جائز ہے
تاکہ اہل قبور کی عظمت و تعظیم عام نظروں میں ثابت ہو۔ اور اولیاء کی حقارت نہ ہونے پائے۔
کرہ بعض الفقہاء وضع الستور والعمائم والثیاب علی قبور الصالحین والاولیا
قال فی فتاوی الحجۃ وتکرہ الستور علی القبور اھ ولکن نحن نقول الآن اذا قصد
بہ التعظیم فی عیون العامۃ حتی لا یحتقروا صاحب القبر ولجلب الخشوع والادب
للغافلین الزائرین فھو جائز لان الاعمال بالنیات وان کان بدعۃ فھو کقولھم
بعد طواف الوداع یرجع القھقری حتی یخرج من المسجد اجلالا للبیت۔ اور
شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ نے شرح سفر السعادت میں فرمایا ہے۔ (اندا ختن غلاف بر
قبر شریف و افروختن چراغہا و غیرہا تکلفات کہ بر مزارہائے اولیاء اللہ جملہ از مستحسنات اند
انتہی۔ از ذوالفقار حیدریہ علی اعناق الوہابیہ۔ صفحہ (۱۳۲) فصل سلام و قیام و قدم بوسی اور
ان کے متعلقات کے بیان میں۔ واضح ہو کہ بغیر السلام علیکم کہنے کے فقط سر یا ہاتھ رکھنا
کافی نہیں ہے بلکہ زبان سے لفظ سلام کہنا اور ہاتھ سے اشارہ کرنا۔ ہر دو کام کو جمع کرنا
بہتر ہے۔ فصل الخطاب صفحہ (۱۱) میں ہے۔ لا یکفی فی السلام اشارۃ بالید ونحوہ
ہاتھ وغیرہ سے اشارہ کرنا سلام میں کافی نہیں ہے۔ ابن ابی شیبہ نے عطا سے روایت کیا ہے کہ
تکرہ السلام بالید ولا یکرہ بالراس (ہاتھ کے اشارہ سے سلام مکروہ ہے۔ اور سر کے
اشارہ سے مکروہ نہیں ہے) شرح المہذب میں کہا ہے کہ اما اذا جمع بین الاشارۃ واللفظ
فحسن و سنۃ (ہاتھ کے اشارہ سے سلام کرنا اور زبان سے بھی السلام علیکم کہنا ہر دو فعل بہتر
سنت ہے۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی کے ترجمہ مشکوٰۃ مقدمہ سلام میں مرقوم ہے۔ جبکہ حاصل
ہے کہ سلام اعظم شعائر اسلام سے ہے۔ ابتدائے اسلام میں مسلم و کافر میں سلام کی وجہ سے فرق
معلوم ہوتا تھا۔ یہود کا سلام انگلیوں سے ہوتا ہے۔ اور نصاریٰ کا سلام ہتھیلی کے اشارہ
سے۔ اور مسلمانوں کا سلام لفظ السلام علیکم کہنے سے ادا ہوتا ہے۔ سلام کے وقت سر و
بدن جھکانا خمیدہ پشت ہونا اگرچیکہ مکروہ و خلاف سنت ہے۔ لیکن ترک انحنا بسبب ایذاء

تقبیل القبور ومسّہ تبرکاً علی العلماء الصالحین ۔ طوالع الانوار ۔ اسی استغراق
وغلبۂ محبت پر علامہ طبری وابن ابی الصیف کا قول حمل کیا جائیگا ۔ (ترجمہ) قبر کو بوسہ دینا اور
ہاتھ سے مس کرنا جائز ہے ۔ اسی پر علمائے صالحین کا عمل ہے ۔ طوالع الانوار ۔ جبکہ احادیث و
اقوال ائمہ سے بوسۂ قبور مباح و مستحسن ٹھیرا تو بقول شخصے ؎ چہ خوش بود کہ برآید بیک کرشمہ
دو کار ۔) قبر پر صندل مالی سے دو کام حاصل ہوتے ہیں ۔ ایک تو ادب و نیاز صالحین کا قبر پر رکھنا ۔
دوسرا بزرگان دین کی قبروں کو بقصد تبرک ہاتھ سے ملکر بوسہ دینا ۔ پس صندل مالی جائز بلکہ
قبر پر و قبر سے پھول ڈالنے سے بھی افضل ہے ۔ بوقت فاتحہ خوانی و تلاوت قرآن قبروں کے پاس
عود و لوبان و عود بتی جلانا عظمت قرآن و خوشبوئی کے لئے جائز ہے ۔ اور قبر کے نزدیک تلاوت
قرآن موجب انس اہل قبر ہے ۔ فتاوائے عالمگیری جلد پنجم صفحہ ۳۴۲ میں الباب السادس
عشر فی زیارۃ القبور وقراءۃ القرآن فی المقابر میں ہے ولو مات رجل و
اجلس وارثہ علی قبرہ من یقرء الاصح انہ لا یکرہ (ترجمہ) اگر کوئی مرجائے ۔ اور
اسکے وارث نے اسکی قبر پر قرآن پڑھنے والیکو بٹھلائے تو صحیح تر قول یہی ہے کہ مکروہ نہیں ہے ۔
پس جبکہ قبر کے پاس تلاوت قرآن جائز ہے تو عظمت و بزرگی قرآن کے لئے عود و لوبان و اگربتی و
عود بتی کا جلانا جائز ہے ۔ کیونکہ خوشبوئی سے زندوں و مردوں کی ارواح کو راحت و لذت حاصل
ہوتی ہے ۔ علامہ زرقانی نے امام مالک کے احوال میں لکھا ہے ولا یزال یبخر بالعود حتی یفرغ
من حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اجلالاً لہ فانہ کان یحب الرائحۃ
الطیبۃ فجعل مجلس حدیثہ کمجلس حیاتہ صلی اللہ علیہ وسلم (ذوالفقار حیدریہ)
(ترجمہ امام) مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سے فارغ ہونے تک عود جلایا
جاتا تھا ۔ آنحضرت علیہ السلام کی عظمت و بزرگی کے لئے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خوشبوئی
سے محبت رکھتے تھے ۔ آپکی حدیث کی مجلس کو مثل مجلس حیات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے بنایا ۔
اور قبروں پر پردہ و غلاف ڈالنا جائز ہے ۔ مشکوٰۃ شریف باب دفن المیت میں قاسم بن محمد
بن ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مروی ہے ۔ جسکی علامہ علی قاری رحمۃ اللہ نے مرقات میں اسطرح
ذیل شرح لکھی عن القاسم بن ا بن ابی بکرن الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہم
قال دخلت علی عائشۃ رضی اللہ عنہا فقلت لہا یا اماہ اکشفی لی ای اظہری دارہ
استارہ عن قبر النبی وفی نسخۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وصاحبیہ
ای ضجیعیہ وہما العمران القران المنوران بحسب السیر و شمس الظہیرۃ
فکشفت لی ای لاجلی اولی و بتی عن ثلثۃ قبور لا مشرفۃ ولا لاطئۃ مبطوحۃ
ببطحاء العرصۃ الحمراء رواہ ابوداؤد قاسم بن محمد بن ابوبکر صدیق رضی اللہ
تعالیٰ عنہم نے کہا کہ میں عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس آکر کہا کہ اے اماں میرے لئے رسول اللہ

مسلمین وموجب خصومت ومنازعت ہے۔ پس ترک انحنا وانشا مسنون و ایذائی و مخالفت مسلمین حرام۔ پس جس سنت کے ادا کرنے میں ارتکاب حرام لازم آئے تو حسب قاعدۂ شریعت کل ما ینجر الی الحرام حرام (ت) جو فعل حرام کیطرف کھینچا نیوالا ہے وہ حرام ہے۔ اسلئے ترک انحنا حرام و انحنا ضروری ہے۔ اسیطرح مجالس میں داخل ہونے والے شخص کی تعظیم کیلئے کھڑا ہونا بھی جائز ہے۔ مکروہ نہیں ہے۔ جامع الرموز کتاب الکراهیة میں ہے۔ ان القیام لغیره لویکره وانما المکروه محبة القیام ممن یقام له۔ امام غزالی رحمۃ اللہ نے کیمیائے سعادت کے رکن دوم اصل ششم میں فرمایا ہے۔ کہ حسن خلق ودل مردم شاد کردن در شرع محمود است و ہر قوم را عادتے باشد و با ایشاں مخالفت کردن در اخلاق ایشان بدخو بود۔ و رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم گفت خالق الناس باخلاقہم۔ با ہر کسے زندگانی بر وفق عادت وئے او کن چوں ایں قوم بایں موافقت شاد شوند و ازیں موافقت ناکردن متوحش شوند موافقت ایشاں سنت بود۔ و صحابہ از برائے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم برنخاستندے کہ وے آنرا کارہ بود است۔ اما چوں جائے عادت شد و از برنخاستن متوحش شوند۔ برخاستن برائے دل خوشی ایشاں اولیٰ بود کہ عادت عرب دیگر است و عادت عجم دیگر۔ واللہ اعلم انتہیٰ۔ بزرگوں کی دست بوسی وقدمبوسی سنت ہے۔ شرح سفر السعادت میں ہے کہ بعض احادیث میں آیا ہے کہ جب عبد القیس کا وفد مدینہ میں آیا تو لوگ اپنی سواریوں سے اتر کر آئے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک وقدم مبارک کو بوسہ دیتے تھے۔ اسکو ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔ ترجمہ مشکات میں شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے لکھا ہے جب صاحب صحیح امام مسلم امام بخاری کے نزدیک آتے تھے تو بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے کہتے تھے کہ مجھکو چھوڑ دو تاکہ آپ کے دونوں قدم کو بوسہ دوں۔ انتہیٰ۔ شرف الملة والدین احمد بن یحییٰ المنیری نے مکتوب صدو ہشتادو یکم میں فرمایا ہے کہ مرید کو چاہیئے کہ خود کو ہمیشہ ناقص اور اپنے پیرو مرشد کو کامل سمجھتا رہے۔ اگر پیر سے کوئی ایسا کام دیکھے جو اسکے حوصلہ سمجھ میں نہ آسکے تو ایسا سمجھے کہ یہ کام تو صحیح ودرست ہے لیکن میں اس مطلب کو نہیں سمجھ سکتا۔ اور مریدین جو اپنے پیر و مرشد کے قدم چومتے ہیں درست ہے۔ پیر و مرشد کی قدمبوسی صحابہ کی سنت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے قدم مبارک صحابہ کرام بہت بوسہ دیتے تھے۔ مروی ہے ان جماعة من الیهود اتوا رسول الله صلی الله علیه وسلم فسألوا عن تسع آیات بینات فاجابهم فقبلوا یدیه ورجلیه وصدقوا الحدیث۔ (ترجمہ) مروی ہے کہ ایک جماعت یہود۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی۔ اور نو آیات بینات یعنی موسیٰ کے نو معجزات کا حال دریافت کیا تو آنحضرت علیہ السلام نے ان کو جواب دیا تو انہوں نے آنحضرت علیہ السلام کے دست مبارک وقدم مبارک کو بوسہ دیا۔ اگر دست بوسی یا قدمبوسی حرام و

صحیح مسلم میں ہے ۔ یا فاطمۃ اما ترضین ان تکونی سیدۃ نساء العالمین ۔ بخاری میں مناقب بلال رضی اللہ عنہ میں ہے کہ عمر بن خطاب نے فرمایا ابوبکر سیدنا و اعتق سیدنا یعنی بلالا ۔ ان ابنی ھذا سید ۔ الحسن والحسین سیدا شباب اھل الجنۃ ۔ انا سید ولد بنی آدم و علی سید العرب ۔ انا سید ولد آدم یوم القیامۃ ولا فخر ۔ اسی طرح لفظ مولیٰ کا اطلاق بھی غیر اللہ پر ثابت و جائز ہے ۔ یوم لا یغنی مولیٰ عن مولیٰ شیئاً ۔ فان لم تعلموا اٰباءھم فاخوانکم فی الدین و موالیکم ۔ فان اللہ ھو مولٰہ وجبریل وصالح المؤمنین ۔ بخاری میں ہے من ترک دینا او ضیاعا فلیاتنی فانا مولاہ ۔ بخاری میں ہے کہ زید بن ثابت کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ۔ انت اخونا و مولانا ۔ سمعنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کنت مولاہ فعلی مولاہ ۔ پس حق جبکہ ان تمام دلائل سے غیر اللہ کو سید و مولیٰ کہنا ثابت ہوا تو ہمارے سرکار سید العالمین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کو سیدنا و مولانا کہنا بدرجۂ اولیٰ جائز ہے ۔ پس شیخ الوہابیہ ابن عبد الوہاب نجدی نے جو اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمد کہنے کو منع کیا ۔ اور کتاب دلائل الخیرات کو جلا دیا اور مصنف دلائل الخیرات کو اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمد کہنے کی وجہ سے ان کو کافر کہا ۔ جیسا کہ صلح الاخوان (صفحہ ۱۱) میں مرقوم ہے ۔ (حتی کفر صاحب دلائل الخیرات لکونہ یقول فیھا ۔ اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمد ۔ فاحرقھا لذالک فانا للہ وانا الیہ راجعون ۔) محض گمراہی ہے اس نے اور اس کے گروہ وہابیہ نے مسلمانوں میں جو جو فتنے و فساد بپا کئے اور کئے جا رہے ہیں ۔ روز روشن کی طرح ظاہر ہے ۔ شہدائے صحابہ و اہلبیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابر و مشاہد مقدسہ و مآثر متبرکہ کو توڑ کر منہدم کر دیا ان بزرگوں کی ہتک حرمت کی ۔ اب پھر اسی کی ذریت سے ابن سعود اور اس کے اعوان و انصار نے مسلمانوں کے مقامات مقدسہ و مآثر متبرکہ توڑ کر مسمار کر دیا ۔ قبروں کو منہدم کر دیا ۔ و ابن بلیہد و نجد نے اس کی تائید میں فتاوے جاری کئے ۔ قبروں کے توڑنے اور منہدم کرنے کو جائز کہا ۔ بنانے قبہ و گنبد کو حرام بتایا ۔ اور یہ دعویٰ کیا کہ سلف میں سے کسی نے قبہ نہیں بنایا حسینی حق نے اس خادم العلوم کو اظہار حق پر آمادہ کیا ۔ اور اللہ پاک نے کتاب البینات الذہبیہ فی تالیف کی توفیق عطا فرمائی ۔ جس میں بحوالہ عینی شرح بخاری جلد چہارم صفحہ (۴۹ ،) و اصابہ ثابت کیا گیا ہے کہ حضرت عمر و عائشہ و محمد بن حنفیہ وغیرہم رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین صحابہ و تابعین نے قبروں پر قبہ و گنبد بنایا ہے ۔ اور حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قبہ و گنبد بنانے کی تائید میں حضرت عمر کے قبہ و گنبد بنانے کو سنداً و استدلالاً پیش کیا ہے ۔ علاوہ ازیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما

محمول علی قبور المشرکین لان قبور المومنین ما کانت مشرفۃ فی عہد النبی ﷺ ولا فی عہد علیؓ۔ اما هدم المشاهد الشرکیۃ واحراقها وکسرها غیر قبور المومنین والمساجد والشعائر المعظمۃ فمتفق علیہ لا یخالف فیہ مسلم وتخریب مسجد الضرار وقع بالوحی الالٰہی والحکم الخاص فلا یقاس علیہ غیرہ وقد قال اللہ تعالیٰ ومن یعظم حرمات اللہ فهو خیر لہ عند ربہ والکعبۃ من حرمات اللہ فالمومن بالطریق الاولی من حرماتہ قال النبی المومن اعظم حرمۃ منک (الی قولہ) وانما کلامنا فی التقبیل والمس۔ والطواف حول القبور اذ هذہ الامور لیست بشرک اکبر۔ بل کرهها بعض العلماء وجوزها بعضهم وان کانت الکراهۃ ما اجمۃ

شیخ الوہابیہ کے تشددات سے یہ بھی ہے کہ لکھتے کہا کہ انبیاء علیہم السلام کی قبروں کو جب لوگ بوسہ دینے لگیں اور مس کریں اور قبر کے اطراف طواف کریں تو اس قبر کا حکم بت کا حکم ہے۔ اس قبر کو گرا دینا اور کھودنا۔ اور اس کی اہانت وتوہین وتذلیل کرنا واجب ہے۔ شیخ نجدی نے ظاہر قول۔ (اللہم لا تجعل قبری وثنا یعبد۔) سے تمسک کیا ہے۔ پھر (یعنی وحید الزمان) کہتے کہ انبیاء وصلحاء کی قبروں کی تعظیم وعظمت کو ہمارے دین اسلام میں شارع نے باقی رکھا ہے۔ قبروں کی تحقیر واہانت ہرگز جائز نہیں ہے۔ لیکن لوگوں کو ان کاموں سے منع کرنا چاہئے اسکی بعینہ یہی مثال ہے کہ اگر عوام کعبہ کی عبادت وپرستش کرنے یا حجر اسود یا صفا ومروہ کی عبادت وپرستش کرنے لگیں تو کیا کعبۃ اللہ وحجر اسود وصفا ومروہ کو منہدم کرنا گرا دینا توڑنا انکی اہانت وتذلیل کرنا اس شیخ الوہابیہ کے پاس واجب وجائز ہوگا اور حدیث کا معنی صرف دعا ہے اس امر کی کہ قبر شریف نبوی کو اللہ تعالیٰ مثل وثن وصنم نہ گردانے جسکی لوگ پرستش کریں۔ یہ مطلب نہیں ہے کہ لوگ کی پرستش کی وجہ سے قبر شریف درحقیقت مثل وثن وصنم ہو جائیگی۔ یہ کیا دھوکہ۔ (اس حدیث سے اس مدعا کو کیا تعلق۔) مومن اپنے منہ سے کسطرح کہہ سکتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف رجس پلید ہوگی۔ باوجود اسکے کہ بعض وثن رجس وپلید ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے (فاجتنبوا الرجس من الاوثان واجتنبوا قول الزور۔) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شجرۃ الرضوان کو کاٹنا اس بات پر محمول ہے کہ صحابہ نے کاٹنے کو نہیں پہچانا۔ اور اس درخت کے پاس آتے تھے اللہ نے انکو غلطی میں واقع ہونے سے بچایا یا یہ بات ہے کہ ہمارے دین میں درخت کی تعظیم ثابت نہیں ہے۔ اور اسیطرح ابو الہیاج اسدی کی حدیث قبور مشرکین پر محمول ہے۔ کیونکہ نبی علیہ السلام اور حضرت علیؓ کے زمانہ میں مسلمانوں کی قبریں بلند نہ تھیں۔ (پس اس حدیث سے مسلمانوں کی قبروں کو توڑنا مراد نہیں ہے۔) لیکن مشاہد مقامات وقبور مشرکین کا کھودنا اور جلانا اور توڑنا سوائے قبور مومنین ومساجد وشعائر معظمہ

وحید الزماں صاحب کی عبارت نقل کرنے سے ہمارا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے ابو الہیاج اسدی کی روایت سے مسلمانوں کی قبروں کو توڑنے پر استدلال کرنیکو غلط کہا ہے۔ اور یہ بھی کہا ہے کہ اس حدیث سے مشرکین کی قبروں کا توڑنا مراد ہے۔ اور مسلمانوں کی قبروں کو توڑنے سے ان موتیٰ کی توہین و تحقیر لازم آتی ہے۔ اور یہ بھی کہا ہے کہ انبیاء و صلحا کی قبروں کی تعظیم و حفاظت کو شارع نے باقی رکھا ہے۔ اگر کوئی قبور صالحین کی پرستش کرے تب بھی ان قبور کو توڑنا حرام ہے بلکہ قبر پرستی سے منع کرنا چاہئے۔ اور قبر کی پرستش سے وہ قبر صنم و وثن و بت نہیں ہو سکتی۔ اگر کوئی شخص کعبہ و حجر اسود کی پرستش کرے تو کعبہ کو توڑنا بھی واجب ہوگا۔ جو بالکل باطل ہے پس مولوی صاحب مذکور نے اپنی گروہ کو رد کر دیا ہے۔ فاعتبروا۔ (قبروں پر قبہ بنانے پر مزید دلائل ساطعہ و براہین قاطعہ۔)

(۱) قال ابن القصار۔ البناء علی القبر و فوقہ انما یکرہ فی مقابر المسلمین المتفق علیہم واما فی ملک الرجل فجائز۔ (ترجمہ) ابن قصار علامہ نے فرمایا کہ مسلمانوں کے عام قبرستان میں مسلمانوں پر جگہ کی تنگی کی وجہ سے قبروں پر تعمیر مکروہ ہے۔ لیکن اپنی خاص زمین میں قبہ و گنبد وغیرہ بنانا جائز ہے۔

(۲) افتی ابن الرشد ان کان البناء فی ملک الرجل فجائز لہ حکم بناء الدور ... (ترجمہ) قدمائے اکابرین سے مشہور علامہ ابن رشد نے یہ فتوے دیا ہے کہ اپنی مملوکہ زمین میں قبروں پر قبہ و گنبد و چاردیواری وغیرہ وغیرہ حسب خواہش بنانا جائز ہے۔ جیسے ... حسب خواہش گھر بنانا جائز ہے (اکمال شرح مسلم۔)

(۳) ابن حجر عسقلانی نے حدیث قال عثمان ابن حکیم اخذ بیدی (الی آخرہ) کے تحت میں علامہ ابن رشد کا ارشاد نقل کیا ہے۔ وہ یہ ہے ھی ان ضرب الفسطاط ان کان لغرض صحیح کالتستر من الشمس مثلاً للحی لا لاظلال المیت فقد جاز کما یجوز القعود لغرض صحیح (ترجمہ) خیمہ نصب کرنا اگر غرض صحیح مثلاً زندوں کو دھوپ سے بچنے کے لئے ہو نہ میت کو سایہ کرنے کے لئے تو بیشک جائز ہے جیسا کہ غرض صحیح کے لئے بیٹھنا جائز ہے۔ خیمہ و قبہ و گنبد و غیرہ عمارت سب ایک ہیں۔ بنائے قبہ و گنبد وغیرہ میں زینت پائی جانے کے سبب سے ممنوع قرار دیا جائے تو خیمہ نصب کرنے میں بھی زینت و آرائش پائی جاتی ہے۔ یہ خیمہ بھی ممنوع ہونا چاہئے۔ اگر غرض صحیح کے لئے خیمہ نصب کرنا جائز ہے تو بنائے قبہ و گنبد و عمارت بھی جائز ہے۔

(۴) اکابر متقدمین سے بڑے مشہور علامہ عبد الغنی نابلسی رحمہ اللہ نے اپنی کتاب کشف النور عن اصحاب القبور میں فرمایا ہے۔ ان البدعۃ الحسنۃ الموافقۃ لمقصود الشرع تسمی سنۃ فبناء القباب علی قبور الاولیاء والصلحاء ووضع الستور ... امر جائز من تعظیمہم فی اعین العامۃ۔ (ترجمہ) جو بدعت حسنہ کہ مقصد

یہ متفق علیہ ہے۔ جسکا کوئی مسلمان مخالف نہیں ہے۔ اور مسجد ضرار کا جلانا وحی الٰہی و
حکم خاص سے متعلق ہے جس پر اسکے غیر کا قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا
ہے کہ جو شخص خدا کی دی ہوئی چیزوں کی تعظیم کرے گا اس کیلئے اس کے رب کے پاس
بہت بہتر ہوگی اور کعبہ حرمات اللہ یعنی اللہ کی عزت دی ہوئی چیزوں میں سے ہے۔ بندہ
مومن مسلمان بطریق اولیٰ خدا کی عزت دی ہوئی چیزوں میں سے ہے۔ نبی علیہ السلام
نے کعبہ سے خطاب فرمایا کہ اے کعبہ مومن کی عزت تجھ سے بہت بڑی ہے تا آخر حدیث
بیشک علماء کرام نے قبروں کو بوسہ دینے اور مس کرنے اور چھونے اور قبروں کے اطراف
طواف کرنے کے بارے میں ہے۔ اسلئے کہ یہ امور یعنی قبروں کو بوسہ دینا اور ان کو چھونا اور
قبروں کے اطراف طواف کرنا شرک اکبر نہیں ہے۔ جو اسلام سے خارج کرے۔ بلکہ بعض
علماء نے مکروہ لکھا ہے۔ اور بعض نے جائز کہا ہے۔ اگرچہ کراہت راجح ہے۔ فائدہ
جاننا چاہئے حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی
قبر شریف پر پیشانی کو رکھنا۔ اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قبر شریف نبوی (صلی اللہ
علیہ وسلم) پر منہ ملنا۔ اور حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا قبر شریف نبوی (صلی اللہ
علیہ وسلم) کی خاک پاک کو آنکھوں پر رکھنا احادیث صحیحہ سے ثابت کر دیا گیا ہے تو پھر کس طرح
کراہت راجح ہوگی۔ کیا یہ جلیل القدر صحابہ فعل مکروہ کے مرتکب تھے۔ نعوذ باللہ من ہذا
الاعتقاد" جس درخت کے نیچے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے بیعت لی
تھی۔ وہ درخت خود صحابہؓ پر مخفی ہو گیا تھا۔ چنانچہ بخاری شریف میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ
تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رجعنا من العام المقبل فما اجتمع منا اثنان
علی الشجرۃ التی بایعنا تحتہا کانت رحمۃ من اللہ (ترجمہ) انہوں نے کہا کہ
ہم آئندہ سال اس جگہ آئے جہاں بیعت الرضوان ہوئی تھی۔ ہم میں سے دو آدمی بھی
اس درخت پر متفق نہ ہوئے جس کے نیچے ہم نے بیعت کی تھی۔ یعنی اس شجرۃ الرضوان
کا پتہ کسی کو یاد نہ رہا۔ وہ درخت یا اسکا چھپنا خدائے تعالیٰ کی رحمت تھا۔ اسیطرح
پھر فرماتے ہیں۔ لقد رأیت الشجرۃ ثم اتیتہا بعد فلم اعرفہا دوسری
روایت میں ہے۔ نسیناھا فلم نقدر علیہا۔ (میں نے وہ درخت دیکھا پھر میں
آیا تو میں پہچان نہ سکا کہ کونسا درخت ہے۔ سعید بن مسیب فرماتے ہیں ان اصحاب
محمد صلی اللہ علیہ وسلم لم یعلموھا۔ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے صحابہ کو تو اس درخت کا علم نہیں۔) پس جبکہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کو اس درخت
کا پتہ ہی نہ رہا تو پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کاٹا تو کس درخت کو کاٹا۔ حاصل یہ ہے
کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شجرۃ الرضوان کو کاٹنا صحیح نہیں ہے۔ مولوی

تشدید۔ خلاصہ یہ کہ قبر پر سقف قبہ و گنبد بنانے کی حرمت اور ممانعت پر نہ کوئی آیت قرآنی ہے۔ اور نہ کوئی حدیث۔ جابرؓ کی روایت اَن یُبنیٰ علیہ کا مطلب صرف یہی ہے کہ نفس قبر پر یہود و نصاریٰ کی قبروں کی ہیئت و شکل و وضع سے بلند لاٹ کی طرح تعمیر ممنوع ہے۔ اور ایسی ہی قبروں کو زمین کے برابر کر دینے کا ابو الہیاج اسدی رحمہ اللہ کو حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ نے حکم دیا تھا کہ وَلَا قَبرًا مُشرِفًا اِلَّا سَوَّیتَہ۔ جابرؓ کی روایت۔ اور ابو الہیاج اسدی کی روایت ہر دو روایتوں کا ایک ہی مطلب و مقصد ہے۔ لیکن قبر سے منفصل و علیحدہ قبر کے اوپر چھت و سقف و قبہ و گنبد بنانے۔ اور قبر کے ارد گرد و اطراف۔ چار دیواری و چوکھنڈی و حجرہ بنانے کی حرمت و ممانعت کسی ایک حدیث سے بھی ثابت نہیں ہوتی۔ اگر کوئی حدیث قبر پر سقف و قبہ بنانے کی حرمت اور ممانعت کے بارہ میں ہوتی۔ یا روایتِ جابرؓ کا مفہوم و مدعا حرمت و ممانعت بنائے سقف و قبہ علی القبور ہوتا تو حضرت ابو بکر و حضرت عمر و حضرت عثمان و حضرت علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) چاروں خلفائے راشدین و جمہور صحابہ حدیث و فرمان نبوی (صلعم) کی خلاف ورزی و عدول حکمی کر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سقف و قبہ والے حجرۂ عائشہ میں ہرگز ہرگز دفن نہ کرتے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا سقف دار و قبہ دار حجرۂ عائشہؓ میں مدفون اور آسودہ ہونا ہی ایک ایسی دلیل قوی ہے کہ اس کے بعد مخالفین بناء کی زبانیں بند ہو جانی چاہئیں۔ کیونکہ جمہور صحابہ (علیہم السلام) کے اجماع اور اتفاق سے سقف و قبہ دار حجرۂ عائشہؓ میں سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی آخری آرامگاہ و مرقد مقدس بنایا گیا۔ جو اسلام کا سب سے بڑا اور سب سے اونچا قبۃ قبۃ النبی صلے اللہ علیہ وسلم ہے۔ دل و جان فدا ہے تا محشر آباد ہو۔ بناء خواہ حجرہ کی شکل میں ہو۔ یا عالیشان مقبرہ کی صورت میں ہو۔ پہلے سے تیار شدہ مکان ہو۔ یا دفن میت کے بعد تعمیر کیا جائے۔ سب کا ایک ہی حکم ہے۔ اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا مدفن ان کی وفات کا مقام ہونا ضروری ہے اسلئے حجرۂ عائشہؓ میں جو مقام قبض روح شریف نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) ہے۔ آنحضرت علیہ السلام کا مدفن و مرقد مقدس قرار دیا گیا۔ یہ انبیاء (علیہم السلام) کی خصوصیت ہے اگر حجرۂ عائشہؓ میں آنحضرت علیہ السلام کی وفات نہ ہوتی تو قبہ دار سقف حجرہ میں تدفین کی ضرورت نہ ہوتی۔

اسکا جواب یہ ہے کہ مقام قبض روح شریف نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) حجرۂ عائشہؓ کا زمین کا ایک ٹکڑا تھا۔ چھت اور دیواروں کو صحابہؓ نے کس لئے باقی رکھا۔ اگر انبیاء علیہم السلام

شریعت کے موافق ہو درست ہے۔ پس اولیا و صلحا کی قبروں پر قبے بنانا و غلاف ڈالنا۔ اور عمامے اور کپڑے رکھنا۔ عام نظروں میں ان اولیا و صلحا کی عظمت و تعظیم ثابت کرنے کے لیئے جائز ہے۔ علامہ اسمٰعیل حقی صاحب نے تفسیر روح البیان جلد چہارم صفحہ (۴۳۲) میں فرمایا۔ وفی کشف النور لابن النابلسی اما قول بعض المغرورین باننا نخاف علی العوام اذا اعتقدوا ولیاً من الاولیاء وعظموا قبره والتمسوا البركة والمعونة منه ان يدخلهم اعتقاد ان الاولياء يؤثرون فی الوجود مع الله فيكفرون ويشركون بالله تعالىٰ فننهاهم عن ذلك ونهدم قبور الاولياء ونرفع البنايات الموضوعة عليها ونزيل الستور عنها ونجعل الاهانة للاولياء ظاهراً حتى تعلم العوام الجاهلون ان هؤلاء الاولياء لو كانوا مؤثرين فی الوجود مع الله تعالىٰ لدفعوا عن انفسهم هذه الاهانة التی نفعلها معهم فاعلم ان هذا الصنيع كفر صراح ماخوذ من قول فرعون علىٰ ما حكاه الله تعالىٰ لنا فی كتابه القديم وقال فرعون ذرونی اقتل موسىٰ وليدع ربه انی اخاف ان يبدل دينكم او ان يظهر فی الارض الفساد۔ (ترجمہ) علامہ عبدالغنی ابن نابلسی رحمۃ اللہ نے کشف النور میں فرمایا ہے کہ بعض مغرور لوگ کہتے ہیں کہ ہم عوام پر ڈرتے ہیں کہ جبکہ وہ کسی ایک ولی کے معتقد ہو جائینگے۔ اور اسکی قبر کی عظمت و تعظیم کرینگے۔ اور اس سے برکت و مدد حاصل کرینگے تو ان میں یہ اعتقاد پیدا ہوگا کہ اولیاء اللہ خدا تعالےٰ کے ساتھ وجود میں شرکت تاثیر رکھتے ہیں تو (اس اعتقاد کے سبب) کافر و مشرک ہو جائینگے اس لیئے ہم ان کو اس سے منع کرتے ہیں۔ اور اولیا کی قبروں کو گرا دیتے اور توڑتے ہیں۔ ان قبروں پر بنائی ہوئی عمارتوں و قبوں کو برخاست کر دیتے ہیں۔ اور ان کے غلاف دور کر دیتے ہیں۔ اور اولیاء اللہ کی ظاہراً اہانت کرتے ہیں۔ تاکہ عوام لوگ سمجھیں کہ اگر یہ اولیاء اللہ مؤثر و قادر ہوتے تو اپنے نفسوں سے اس اہانت کو جو ہم ان کے ساتھ کر رہے ہیں) دفع کرتے۔ پس جان تو کہ یہ کام صریح کفر ہے۔ اور فرعون کے قول سے ماخوذ ہے۔ جو فرعون نے کہا تھا کہ مجھ کو چھوڑ دو میں موسیٰ کو قتل کروں۔ موسیٰ اپنے رب کو اپنی مدد کے لیئے بلائے پکارے میں ڈرتا ہوں کہ وہ موسیٰ تمہیں بدل دیگا۔ یا زمین میں فساد برپا کریگا"۔ پس قبے گرانے والے بھی اسی طرح کہتے ہیں۔ ہم قبے گراتے ہیں۔ اگر ان اہل قبور میں کچھ طاقت ہے تو ہم کو روک دیں یہ نہیں جانتے کہ اولیاء اللہ (رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین) بغیر رضائے الٰہی کچھ نہیں کرتے ہیں۔ خود غیرت الٰہی ایسے لوگوں کو پکڑ لیتی ہے۔ ان بطش ربك

والسلام) کی خصوصیت تھی تو حضرت ابوبکر و حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو صحابہ رضی اللہ عنہم نے قبۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں کس لئے دفن کیا۔ کیا صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو یہ مسئلہ معلوم نہ تھا۔ یا صحابہ نے عمداً خدا و رسول کے حکم کی خلاف ورزی و عدول حکمی کی۔ نعوذ باللہ من ذالک۔ اور صاحب قبۃ النبی الابد حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسی قبۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازسرِ نو تعمیر و تجدید کی۔ کیا انہیں بھی بدعتی کہا جائے گا۔ حالانکہ وہ جلیل القدر تابعی اولی الامر سے ہیں۔ خلفائے راشدین کے بعد ایسا افضل متقی و دیندار پیدا نہ ہوا۔ پس قبۃ النبی کے ہوتے ہوئے کسی اہل حق مسلمان کو جواز بناء قبہ و گنبد کیلئے کسی دلیل کی ضرورت ہی نہیں۔ قبوں کا بنانا پانچویں صدی کی بدعت نہیں ہے بلکہ سنت صحابہ و سنت خلفائے راشدین و اجماع صحابہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین) کی پیروی ہے۔ خدا تعالیٰ سب مسلمانوں کو توفیق خیر عطا فرمائے۔ اور اس کتاب کو مقبول خاص و عام فرما کر مؤلف کی نجات و مغفرت کا وسیلہ جلیلہ گردانے۔ آمین۔

الف هذا الكتاب الفقير الى الله الغنى ابوالفضل السيد محمد عبد القيوم الحسينى المشهور بخواجه پير حسينى القادرى اللطيفى اللاابالى۔

اللهم اغفر لمؤلف هذا الكتاب ولآبائه وامهاته ولاسلافه ولاخلافه واهاليه ومشائخه واصحابه واحبابه اجمعين برحمتك يا ارحم الراحمين وآخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمين۔ والصلاة والسلام على خير خلقه سيدنا ومولانا محمد وآله واصحابه اجمعين الى يوم الدين۔

تمّ هذا الكتاب بفضل الله الوهّاب ؛۔

قطعۂ تاریخ طبع کتاب برهان الدین از مؤلف مکثرین غفر الله له ولاسلافه ولاخلافه اجمعین

شد مکمل کتاب خیر الرشد　٭　شکر انعام منعم منعام

طبع برہان دین بفضل اللہ ۱۳۴۵　　ختم شد بشنو از سر الہام ۱۳۴۵

